Masood
Since 1922
First Name in Halal Homoeopathy!

حضرت جبیر بن عبداللہؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ پاک بھی اس پر رحم نہیں کرتے۔ (متفق علیہ)

فرمانِ رسول

ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ باطل سے جدا مسلمان تھے اور مشرکوں سے نہ تھے بے شک سب لوگوں سے ابراہیم کے زیادہ حقدار وہ تھے جو ان کے پیرو ہوئے اور یہ نبی اور ایمان والے اور ایمان والوں کا والی اللہ ہے (سورا لعمران آیت نمبر 67 68)

AZMAT CABLES

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

0300-8430087
042-36280491-4
042-36280324-6304552

ABC CERTIFIED

E-mail : ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ
اوصاف
لاہور
DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد :22 | اتوار 15 ستمبر 2019ء، 15 محرم الحرام 1441ھ، 31 بھادوں، 2076ب، صفحات 36 قیمت 30 روپے | شمارہ: 337

Registered ID 174
SUNDAY 15 SEPTEMBER 2019

وزیر قانون فروغ نسیم اور معاون خصوصی فردوس عاشق اعوان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیا قانون لانے کا فیصلہ
بدعنوانوں کو جیل میں کلاس ملے گی، زرداری شریف فیملی سمیت بڑے لوگ متاثر ہونگے

آرٹیکل 149 کا نفاذ صوبوں میں بلدیاتی نظام کو مضبوط و بااختیار بنائیگا، کراچی کو سندھ سے الگ نہیں ہونے دینگے، غریب پاکستانیوں کی سہولت کیلئے قوانین تبدیل کر رہے ہیں

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے نیا قانون لایا جا رہا ہے، فروغ نسیم، اپوزیشن دیکھے کہ ان کا کردار کس طرح کشمیر کاز اور قومی بیانیہ کو نقصان پہنچا رہا ہے، فردوس عاشق، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) وزیر قانون فروغ نسیم نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کیلئے نیا قانون لایا جا رہا ہے، کراچی کو سندھ سے الگ نہیں ہونے دیں گے، غریب پاکستانیوں کی سہولت کیلئے قوانین کو تبدیل کیا جا رہا ہے، بے نامی لین دین کے قوانین کو بھی بہتر کیا جا رہا ہے، تاجر کمین وطن کی جائیدادوں سے متعلق قوانین لا رہے ہیں، کرپشن کیس کے ملزم کوئی کلاس سے لے گی سابقی کے قوانین میں موجود سقم کو دور کیا جا رہا ہے، دیوانی مقدمات کی طوالت کم کرکے ڈیڑھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیر اعظم عمران خان حکومتی اقتصادی ٹیم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تجارتی سرگرمیاں تیز، خسارہ کم، ٹیکس وصولی بہتر

برآمدات میں اضافہ، رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں تجارتی خسارے میں 38 فیصد کمی، ٹیکسوں کی وصولی میں بہتری، ٹیکس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

بھارتی حملے میں خاتون بھی شہید
پاکستانی جواب سے 2 افغان ہشتگرد ہلاک
انڈین و افغانی نام نہاد مورالا طلب شدید احتجاج

افغان و کشمیر سرحد پر فائرنگ، 5 فوجی شہید

ابا خیل میں معمول کی گشت کرنیوالی فورسز پر فائرنگ سے ایک، دیر میں باڑ لگانے والوں پر حملے میں 3 جوان شہید، ایک شدید زخمی، حاجی پیر سیکٹر میں بھارتی اشتعال انگیزی، حوالدار ناصر وطن پر قربان

نکیال اور جندروٹ سیکٹر پر فائرنگ سے 4 خواتین سمیت 6 زخمی، افغان حکومت اپنی طرف کے علاقوں کو محفوظ بنانے کی ذمہ دار، بھارت کی جنگ بندی کی خلاف ورزی امن کیلئے خطرہ ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (وقائع نگار) پاک افغان سرحد کے قریب دہشتگردوں کی جانب سے فائرنگ کے دو واقعات میں پاک فوج کے 4 جوان شہید اور ایک شدید زخمی ہو گیا، جوابی کارروائی میں 2 دہشت پسند بھی مارے گئے۔ بھارت کی طرف سے کنٹرول لائن پر فائرنگ سے پاک فوج کا حوالدار اور ایک خاتون شہید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

عمران خان یوٹرن وزیر اعظم کہلانے پر خوش

وزیر اعظم کہتے ہیں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے خوشی ہے کہ وہ مجھے یوٹرن کا

ویڈیو سکینڈل کیس، جج ارشد ملک کو او ایس ڈی بنا دیا گیا

واپس ڈی بنا دیا، جسٹر ار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ویڈیو سکینڈل کیس میں تحقیقات کے بعد جج ارشد ملک کو

ترقیاتی کاموں پر 84 ارب خرچ، آئی ڈی پیز کیلئے رقم جاری نہ ہو سکی

13 ستمبر

وزیر اعظم یوتھ اور ہنرمند پروگرام کو ترقیاتی بجٹ سے کچھ نہ ملا، وفاقی وزارتوں کو 18 ارب جاری ہوئے

این ایچ اے 18 ارب، اٹامک انرجی کیلئے 4 ارب، آزاد کشمیر کیلئے 4 ارب کے فنڈز جاری

لاہور (خبر نگار) رواں مالی سال کے پہلے اڑھائی ماہ کے دوران ترقیاتی بجٹ کی تفصیلات جاری کر دی گئی، یکم جولائی تا 13 ستمبر تک 84 ارب روپے ترقیاتی کاموں پر خرچ کئے گئے، آئی ڈی پیز کیلئے 32 ارب میں سے کوئی رقم جاری نہ ہو سکی، وزیر اعظم یوتھ اور ہنرمند پروگرام کو ترقیاتی بجٹ سے کچھ نہ ملا۔ منصوبہ بندی کی وزارت کی جانب سے جاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

سپاہی کاشف، لانس نائیک امین آفریدی، لانس نائیک شعیب سواتی، سپاہی اختر حسین اور حوالدار ناصر حسین شہید کی فائل فوٹوز

مقبوضہ کشمیر کرفیو کو روز یومیہ 120 کروڑ کا نقصان
لاک ڈاؤن فوری ختم کیا جائے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

بھارتی حکومت کی بربریت کے خلاف سری نگر، بارہ مولا، بانڈی پورہ اور شوپیاں سمیت دیگر علاقوں میں مظاہرے جاری

کشمیریوں کو بولنے دو، سب سے بڑے ملٹری زون میں 80 لاکھ افراد محصور ہیں، تمام سہولتیں بند ہیں، ایمنسٹی کا پیغام

سری نگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارت کی جانب سے عائد کرفیو کو 41 روز ہو گئے جب کہ لاک ڈاؤن کے سب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

سلیکٹڈ اور نااہل کو سپورٹ کرنے والی قوتیں ہوش کریں، بلاول

سندھ حکومت کو آئینی و جمہوری طریقے سے نہیں ہٹایا جا سکتا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ میں جو مینڈیٹ ہمارے پاس ہے، سندھ حکومت کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اس وقت کو آئینی و جمہوری طریقے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس آصف سعید کھوسہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک بھارت روایتی جنگ کا اختتام ایٹمی ہوگا
ٹرمپ سنجیدہ مداخلت کریں تو مسئلہ کشمیر حل ہو سکتا ہے، عمران خان

جنگ میں پہل نہیں کرینگے، بھارت میں مسلمانوں کو اسلاموفوبیا کا سامنا ہے، 80 لاکھ کشمیری محاصرے میں ہیں، جنرل اسمبلی میں صورتحال پر بات کرونگا

بھارت مظالم سے توجہ ہٹانے کیلئے الزام لگا رہا ہے، امریکہ طالبان مذاکرات بحال ہونے کی امید ہے، کرپٹ لیڈرز یوٹرن لے لیتے تو جیل نہ ہوتے، قطری ٹی وی کو انٹرویو

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مغربی ملکوں اور بھارت میں مسلمانوں کو اسلاموفوبیا کی صورتحال کا سامنا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں 80 لاکھ کشمیری مسلمان تقریباً 6 ہفتے سے محاصرے میں ہیں۔ ہمیں خدشہ ہے کہ بھارت فروری کی طرح پاکستان میں دوبارہ ایبی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

العزیزیہ ریفرنس، نواز شریف کی سزا کیخلاف اپیل کی سماعت 18 ستمبر کو ہوگی

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) العزیزیہ ریفرنس میں نواز شریف اور ایب کی سزاؤں کے خلاف اپیلوں پر بیچ بکس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

ملتان، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب ہاؤسز مری اور گورنر ہاؤسز کسی کو بھی عوام کیلئے کھولنے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایک اور عملی قدم

سرکاری عمارتوں کو ریسٹ، گیسٹ ہاؤسز میں بدلنا وی آئی پی کلچر کے خاتمے کی جانب قدم ہے، عثمان بزدار

انسداد ڈینگی مہم مزید موثر بنانے کی ہدایت، جمہوریت عوامی حکمرانی کا نام، پیغام، افغان سرحد پر فائرنگ کی مذمت

منشیات کیس، رانا ثناء اللہ کے جوڈیشل ریمانڈ میں مزید توسیع

ن لیگی رہنما کی درخواست ضمانت پر بحث کے لئے پراسیکیوٹر 28 ستمبر کو طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) انسداد منشیات کی عدالت نے منشیات کیس میں مسلم لیگ رہنما رانا ثناء اللہ کے جوڈیشل ریمانڈ میں مزید 14 روز کی توسیع کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کی جانب سے دائر ضمانت کی درخواست پر بحث کیلئے 28 ستمبر کو پراسیکیوٹر کو طلب کر لیا ہے۔ گزشتہ روز عدالت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے ایک اور عوامی اقدام اٹھاتے ہوئے پنجاب ہاؤس مری اور گورنر ہاؤس کسی (گارڈیٹ ریسٹ ہاؤس بھوربن) کو بھی عوام کیلئے کھولنے کا فیصلہ کیا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

وکلاء دماغ سے نہیں گھونسوں سے کیس لڑتے ہیں، آج حقائق گھڑے جاتے ہیں
چیف جسٹس

آنیوالا دور تخلیق کردہ واقعات کو بطور تاریخ دیکھے گا، تاریخ صرف واقعات کو بیان کرنے کا نام نہیں، دیکھنا ہوتا ہے تاریخ بنی کیسے؟

ہم کیسز کی کوالٹی پر نہیں نمبرز پر یقین کر رہے ہیں، 99 فیصد لوگوں نے ہمارے فیصلے نہیں پڑھے ہوتے، تقریب سے خطاب

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس پاکستان جسٹس آصف سعید کھوسہ نے کہا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

پاکستان کا ہر طبقہ مظلوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے، فردوس عاشق

اسلام آباد (وقائع نگار) فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ ہر طبقہ مظلوم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

حکومتی قرضوں کا حجم 33 ہزار 23 ارب ہو گیا، سٹیٹ بنک

لاہور (خبر نگار) مرکزی بینک کے مطابق حکومت نے جولائی 2019 میں 1237 ارب روپے قرض لیا جس کے بعد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

صلاح الدین کیس، ڈی پی او رحیم یار خان حبیب اللہ کو ہٹا دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) رحیم یار خان صلاح الدین کیس کا معاملہ، آئی جی پنجاب نے قائمقام ڈی پی او رحیم یار خان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

مسئلہ کشمیر پر دنیا کو جگانے کی کوشش کر رہے ہیں، شاہ محمود

پروڈکشن آرڈر اپوزیشن کا حق، فضل الرحمان مسئلہ کشمیر حل کیلئے کردار ادا کریں

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ہونے والے وزیر اعظم عمران خان کے خطاب کو دنیا دیکھے گی۔ ملتان میں میڈیا سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈاکٹر طاہر القادری سیاست سے کنارہ کشی، تمام اختیارات پیٹرن کی پریم آئرلینڈ منتقل

مجھے تصنیف و تالیف کے کام اور صحت کے مسائل ہیں اس لیے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتا ہوں

حکومت وقت سے اپیل کرتا ہوں کہ شہدائے ماڈل ٹاؤن کے ورثا کو انصاف دیا جائے، ویڈیو کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ ڈاکٹر طاہر القادری نے سیاست اور سیاسی سرگرمیوں سے کنارہ کشی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

ریلوے کے وزیر شیخ رشید احمد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شہباز نے ڈیل کیلئے پھر رابطہ کر لیا، مرکز میں تھوڑی بہت تبدیلی ہو سکتی ہے، شیخ رشید

لاہور (سیاسی رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید نے کہا ہے کہ شہباز شریف معاملات ڈیل کرنے میں ماہر ہیں وہ میدان میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

شفافیت، احتساب اور میرٹ کے بغیر معاشی ترقی ممکن نہیں، سلمان شاہ

لاہور (سیاسی رپورٹر) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے مالیات، منصوبہ بندی و ترقیات ڈاکٹر سلمان شاہ نے کہا ہے کہ شفافیت، احتساب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

سپریم جوڈیشل کونسل میں فائز عیسیٰ کیخلاف ایک اور ریفرنس

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) سپریم جوڈیشل کونسل میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیخلاف ایک اور ریفرنس دائر کر دیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

حمزہ شہباز سے کوٹ لکھپت جیل میں اہلخانہ کی ملاقات

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز سے ان کے اہل خانہ نے کوٹ لکھپت جیل میں ملاقات کر کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

SPARCO PAINTS
A Smooth, Durable High Gloss Enamel For Metal & Wood
Super Gloss Enamel
Excellent Durability
Fungus & Algae Resistance
High Gloss Finish
رنگوں میں بہترین چوائس
Visit us at www.sparcopaints.com 042-111-SPARCO (772 726)

THE UNIVERSITY OF LAHORE
School Of Accountancy & Finance
ADMISSION FALL 2019 OPEN
DISCOVER YOURSELF INSPIRE POSTERITY
SCHOLARSHIPS ARE AVAILABLE
PROGRAMS OFFERED
Bachelor Programmes
B.Com (2 Year Program) Associate Degree (Semester System)
B.Com (Hons)
BS Accounting & Finance (Hons)
Eligibility: FA/ F.Sc./ ICS/ I.Com or A-Levels
Master Programmes
M.Com (2 Year)
MSc Accounting & Finance (2 Year)
Eligibility: B.Com, B.Sc and B.A
MS/M.Phil (Accounting/ Finance) (1½ /2Year)
Full Professional Accountant CA/ACCA/ACMA/BBA (Hons)/BS (Hons) B.Com (Hons) & 16 Years Education
WEEKEND BASED PROGRAM
Headed by
Renowned CHARTERED Accountant
Muhammad Maqbool (FCA)
Pioneer of Accounting Education in Pakistan
Exemptions for our Graduates in the following the world renowned Professional Accountancy bodies 8 - 13 papers.
CA (Pak)
CA (UK)
ACCA (UK)
CIMA (UK)
MORNING / EVENING CLASSES
FOR FURTHER DETAIL SCAN OUR QR CODE FOR FACEBOOK PAGE
CITY OFFICE
47/3, Gulberg III, Liberty Market. Tel: 042-35870645
0331-6323794 admissions@uolcc.edu.pk
1-KM Defence Road, near Buptian Chock, Raiwind Road, Lahore.

Masood
Since 1922
First Name in Halal Homoeopathy!
قدرتی اجزاء میں ہے شفاء یابی کی طاقت!
96 سال کا بھروسہ مسعود کی ادویات میں شامل قدرتی اجزاء آپکو دیتے ہیں صحت مند زندگی۔
مسعود کی ہومیوپیتھک اور بائیو کیمک ادویات شفاء یابی کی طاقت سے بھرپور اور مؤثر ہونے کی وجہ سے دنیا بھر میں مقبول ہیں۔ مسعود لیبز (UK) Homeovitality کی پیٹنٹ جدید تحقیق اور ٹیکنالوجی کی بدولت دوا سازی کے گڈ مینوفیکچرنگ (GMP) کے عالمی معیار کے عین مطابق ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے ڈاکٹرز معالجین اور کروڑوں صحت صارفین مسعود ادویات پر اعتماد کرتے ہیں۔
HAPPINESS THROUGH WELLNESS
Be Pakistani, Buy Pakistani
Pakistani Ban Kay Jiyo
پاکستان کی پہلی اور واحد حلال سرٹیفائیڈ ہومیوپیتھک کمپنی!
DR. MASOOD HOMOEOPATHIC PHARMACEUTICALS
HRL 2
25
ایچ آر نمبرز
بائیو جن
اسٹیبلیٹیز
بائیو کیمک ادویات
سنگل ریمیڈیز
مدر ٹنکچرز
حلال HALAAL
masood.com.pk / masoodclinic.com
masoodpharma +92 42 35114873

روزنامہ اوصاف

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	4:06
فجر	4:40
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب ..... غروب آفتاب کے بعد	
عشا	8:30

موسم

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا تاہم مالاکنڈ، ہزارہ، مری، پنڈی، اسلام آباد، کوہاٹ، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، کشمیر اور گلگت میں کہیں کہیں بارش کا امکان ہے۔

شہر	درجہ حرارت (زیادہ سے زیادہ)	
اسلام آباد	33	سینتی گریڈ
کراچی	35	سینتی گریڈ
لاہور	37	سینتی گریڈ
کوئٹہ	34	سینتی گریڈ
مظفر آباد	38	سینتی گریڈ
گلگت بلتستان	36	سینتی گریڈ

طلوع آفتاب 5:48 غروب آفتاب 6:18

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو (ایمبولینس/فائر بریگیڈ)	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بمبا سپورٹل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایت سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری ہائیر گ سیل	99213100

سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ کے مطالعاتی دورے پر آئی لاہور کالج یونیورسٹی کی طالبات کو انچارج تسلیم زہرہ بریفنگ دے رہی ہیں

صارف عدالت متحرک، چھٹیوں میں عدالتی امور نمٹائے، درجنوں مقدمات خارج

متعدد ڈگریاں جاری، عدالت کے اگست اور ستمبر میں بہت سے کیسوں پر فیصلے جاری، مقدمات عدم پیروی پر خارج

گذشتہ تقریباً دو ماہ میں 53 کیسز دائر کئے گئے، اگست میں 33 کیس دائر ہوئے جبکہ رواں ماہ اب تک 21 کیسز دائر کئے گئے

لاہور (محمد ریاض بھٹی) صوبائی دارالحکومت کی صارف عدالت سائلوں کو انصاف دینے میں متحرک، عدالتی چھٹیوں کے دوران عدالتی امور کو نمٹایا گیا عدالتی ذرائع کے مطابق لاہور کی صارف عدالت نے اگست اور ستمبر میں بہت سے کیسوں پر فیصلے جاری کئے جبکہ مقدمات کو عدم پیروی کی خارج بھی کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا ہے لاہور کی صارف عدالت میں گذشتہ تقریباً دو ماہ میں 53 کیسز دائر کئے گئے جن میں سے 33 اگست میں جبکہ رواں ماہ اب تک 21 کیسز دائر کئے گئے ذرائع کے مطابق صارف عدالت نے گذشتہ دو ماہ کے دوران کیسز پر مختلف فیصلے کئے اگست 2019 میں دائر درخواستوں پر 50 فیصلے کئے ان میں 27 مقدمات عدم پیروی کی خارج کئے گئے جبکہ 3 کیسز کا فیصلہ سناتے ہوئے 8 کیسز خارج کئے گئے جبکہ 2 کیسز کو مسترد کیا گیا جبکہ 8 کیسز واپسی کی بنیاد پر بھی نمٹائے گئے اسی طرح ستمبر میں عدم پیروی کی 14 کیسز کو خارج کیا گیا جبکہ میرٹ کی بنیاد پر 5 کیسز نمٹائے گئے ایک کیس کو واپس دائر کیا گیا جبکہ ایک کیس واپسی کی بنیاد پر نمٹا دیا گیا۔

ہوئے ڈگریاں جاری کی گئیں اسی طرح تین کیسوں کو نمٹا دیا گیا جبکہ 8 کیسز واپسی کی بنیاد پر بھی نمٹائے گئے اسی طرح ستمبر میں عدم پیروی کی 14 کیسز کو خارج کیا گیا جبکہ میرٹ کی بنیاد پر 5 کیسز نمٹائے گئے ایک کیس کو واپس دائر کیا گیا جبکہ ایک کیس واپسی کی بنیاد پر نمٹا دیا گیا۔

لاہور کالج یونیورسٹی کی طالبات کا ماڈل چلڈرن ہوم کا مطالعاتی دورہ

مختلف شعبہ جات، یتیم بچوں کو فراہم سہولیات بارے تفصیلات حاصل کیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ لاہور کالج یونیورسٹی کی طالبات کا سوشل ویلفیئر کے یتیم نادار بچوں کے ادارہ ماڈل چلڈرن ہوم کا مطالعاتی دورہ، مختلف شعبہ جات، یتیم بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات بارے تفصیلات حاصل کیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کالج یونیورسٹی کی طالبات نے کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ تحت کی انچارج آمنہ بٹ، سپروائزر فرزانہ کے ہمراہ ماڈل چلڈرن ہوم کا دورہ کیا، ماڈل چلڈرن ہوم کی انچارج تسلیم زہرہ نے طالبات کو ادارہ میں یتیم بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کو فراہم کی جانے والی سہولیات یتیم خانہ کے مختلف شعبوں جن میں رہائشی کمروں، ڈائننگ ہال، اور دیگر شعبوں میں دی جانے والی سہولیات بارے بریفنگ دی۔

معیشت کی تنزلی کو نہ روکا تو جلد خود مختاری کا سودا کرنا پڑیگا، رہنمان لیگ

نواز شریف اور ن لیگ کی سچائی کی گواہی وقت دیگا، پرویز ملک، خواجہ عمران، عامر رحمان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن لاہور کے صدر محمد پرویز ملک جنرل سیکرٹری خواجہ عمران نذیر اور ڈپٹی سیکرٹری عامر رحمان نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت دیوالیہ کی طرف بڑھ رہی ہے اگر اس تنزلی کو نہ روکا تو ایک یا دو سال بعد ہمیں اپنی خود مختاری کا سودا کرنا پڑے گا نواز شریف اور ن لیگ کی سچائی کی گواہی وقت دے گا حکومت نے جھوٹے وعدے اور خواب دکھا کر سیاسی فرار کیا گیا اس ہزار ارب روپے قرض لے کر ہر پاکستانی کو مقروض کر دیا ان لیگ کی حکومت نے پانچ سالوں میں اس ہزار ارب روپے لے کر بکل کے منصوبے مکمل دکھائیں۔

صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد لاہور جنرل ہسپتال میں ایکسرے روم کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

جنرل ہسپتال میں نئے ایکسرے روم کا افتتاح، ایم ٹی آئی ایکٹ مریضوں کی سہولت کیلئے لایا جا رہا ہے، یاسمین راشد

تحریک انصاف نے پہلی مرتبہ ڈاکٹروں کی تنخواہوں میں ریکارڈ ترین اضافہ کیا، ایم ٹی آئی ایکٹ کے تحت تمام پروفیسرز اور ڈاکٹرز جوابدہ ہونگے

ون لائن بجٹ کو ہسپتال کی ضرورت کے تحت خرچ کیا جائیگا، ڈاکٹرز حضرات ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں، یاجلاس سے خطاب

لاہور (نامہ نگار خصوصی) صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے لاہور جنرل ہسپتال میں نئے ایکسرے روم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر الفریڈ تھقر، ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر محمود صلاح الدین اور ایکٹنگ کونسل کے ممبران موجود تھے۔ وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد نے نئے ایکسرے روم کا دورہ کیا اور کامیابی کیلئے دعا کروائی گئی علاوہ ازیں ڈاکٹر یاسمین راشد کا لاہور جنرل ہسپتال میں فیکلٹی ممبران کو خصوصی بریفنگ دیا ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ تحریک انصاف حکومت نے تاریخ میں پہلی مرتبہ ڈاکٹرز حضرات کی تنخواہوں میں ریکارڈ ترین اضافہ کیا۔ ایم ٹی آئی ایکٹ کسی کو ڈرانے نہیں بلکہ مریضوں کی سہولت کیلئے لایا جا رہا ہے۔ ایم ٹی آئی ایکٹ کے تحت تمام پروفیسرز اور ڈاکٹرز مریضوں کو سہولت دینے کے حوالہ سے جوابدہ ہونگے۔ پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ایک بیڈ پر حکومت سالانہ 4.5 لاکھ روپے خرچ کرتی ہے۔ ون لائن بجٹ کو ہسپتال کی ضرورت کے تحت خرچ کیا جائیگا۔ محنت اور ایمانداری انسان کو ترقی کی بلندیوں تک لے جاتے ہیں۔ ڈاکٹرز حضرات ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر الفریڈ تھقر نے وزیر صحت کو جنرل ہسپتال میں مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات بارے آگاہ کیا۔

سٹیزن پورٹل کے تحت انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں آگاہی بینرز آویزاں

مریضوں کی بہتر سے بہتر خدمت اور معیاری طبی سہولتیں ہمارا نصب العین ہے، پروفیسر خالد محمود

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے پاکستان سٹیزن پورٹل کے تحت پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں آگاہی بینرز آویزاں کر دیے گئے ہیں تاکہ شہری ادارے کے بارے میں کسی بھی قسم کی شکایات کا اندراج کروا سکیں، اس آگاہی مہم کے ذریعے مریضوں کو ان کے حقوق اور جنرل پبلک کو موقع حاصل ہوگا کہ وہ پی آئی این ایس کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کر سکیں جس کیلئے بینرز پر متعلقہ ٹیلی فون نمبر، ویٹس ایپ اور ٹوئٹر کے لنک درج کیے گئے ہیں۔ پی آئی این ایس کے سربراہ اور معروف نیورو سرجن پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کا کہنا تھا کہ مریضوں کی بہتر سے بہتر خدمت اور انہیں معیاری طبی سہولتیں بہم پہنچانا ہمارا نصب العین ہے۔

ساٹھ روز کی مہلت ختم ہونے پر فیروز پور روڈ پر فورٹریس اسٹیڈیم فلائی اوور کی تعمیر شروع

فورٹریس اسٹیڈیم فلائی اوور کی تعمیر سے ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری آئیگی، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل محمد عثمان معظم کی ہدایت پر ایل ڈی اے کے چیف پلاننگ منگ کے عملے نے فیروز پور روڈ پر واقع فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے دفاتر کے سامنے فورٹریس اسٹیڈیم فلائی اوور کی تعمیر کے لئے نشان لگا دیئے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے کہا ہے کہ فورٹریس اسٹیڈیم فلائی اوور کی تعمیر سے ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری آئیگی، فلائی اوور کی تعمیر کے دوران ٹریفک کے متبادل انتظامات کئے جائیں گے۔

سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کیلئے 23 ستمبر سے آن لائن درخواستیں شروع

لاہور (نامہ نگار خصوصی) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے پنجاب کے سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لئے 23 ستمبر سے آن لائن درخواستوں کا سلسلہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ درخواستیں صرف آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کروائی جائیں گی۔ آخری تاریخ 30 ستمبر ہوگی۔

ریلوے کے آفتاب اکبر 35 سالہ سروس کے بعد ریٹائر ہو گئے

ریٹائرڈ آفیسر نے 1984 میں ریلوے بطور اے ٹی او/ اے سی او پشاور جوائن کیا

لاہور (نیشنل رپورٹر) پاکستان ریلویز کے گریڈ 22 کے آفیسر محمد آفتاب اکبر بطور تقریباً سوا سال چیف ایگزیکٹو آفیسر/ اسپیشل جنرل تعینات رہنے کے بعد 35 سالہ سروس مکمل ہونے کے بعد ریٹائر ہو گئے ہیں۔ محمد آفتاب اکبر پاکستان ریلوے میں مختلف عہدوں پر فرائض دیتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد آفتاب اکبر نے 1984 میں ریلوے بطور اے ٹی او/ اے سی او پشاور جوائن کیا۔ ان کا تعلق بارہویں کامن سے ہے وہ ڈویژنل کمرشل آفیسر راولپنڈی، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آپریشنز ڈویژن، ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر پورٹس کراچی، چیف آپریٹنگ سپرنٹنڈنٹ میٹروکارٹرز، وزارت ریلوے میں ڈائریکٹر ایڈمن، ڈی جی آپریشنز ایم ڈی پراکس اور سیکرٹری ریلوے بورڈ کے اہم عہدوں پر اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ انہیں دوسرے محکموں میں بھی کام کرنے کی پیش کش ہوئی لیکن انہوں نے ہمیشہ ریلوے کو ہی فوقیت دی اور آخرکار ریلوے سے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر ریٹائر ہو گئے ہیں۔

ملازم لاہور کینٹ گرائمر اسکول سے ڈیڑھ سو اسکالرشپ پروگرام کے تحت اسکالرشپ حاصل کرنیوالی طالبات اور انتظامیہ کا گروپ فوٹو

لاہور میں ڈینگی کے مزید 2 مریض سامنے آ گئے، تعداد 32 ہو گئی

رواں سال ڈینگی کے باعث 3 افراد موت کے منہ میں جا چکے، لاروا ملنے پر 14 مقدمے بنے

لاہور (نامہ نگار خصوصی) ڈینگی مچھر کا ڈنک بے قابو شہر میں ڈینگی وائرس کے مزید 2 نئے کیس رپورٹ ہو گئے۔ کنٹرم مریضوں کی تعداد 32 ہو گئی۔ رواں سال میں ڈینگی وائرس سے 3 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ ڈینگی لاروا برآمد ہونے پر 14 مقدمات درج کیے گئے جبکہ انسداد ڈینگی ہم کے تحت 2 مقامات سیل کر دیا گیا۔

دارالعلوم جامعہ نعیمیہ مظفرپور میں سالانہ تکمیل ختم بخاری شریف کے موقع پر ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب نعیمی، عرفان مشہدی اور دیگر مہمانوں کا گروپ فوٹو

مسلمانوں کو درپیش مسائل کا سبب دین سے دوری ہے، راغب نعیمی

تعلیم ترقی کا سب سے مضبوط ہتھیار، عرفان مشہدی

امت مسلمہ کو اپنی پسماندگی دور کرنے کیلئے تعلیم و تحقیق کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، انسان کی بھلائی قرآن و حدیث کی تعلیمات میں پنہاں ہے، ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ

ہر کلمہ گوئی کیلئے نبی کریم ؐ کا قول و فعل حجت ہے، مسائل سے نجات چاہتے ہیں تو نبی کریم ؐ کی اطاعت ہر حال میں کریں، سربراہ مرکزی جماعت اہل سنت

لاہور (سٹاف رپورٹر) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ مسلمانوں کو درپیش مسائل کا سبب دین سے دوری ہے۔ امت مسلمہ کو اپنی پسماندگی دور کرنے کیلئے تعلیم و تحقیق کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ انسان کی بھلائی قرآن و حدیث کی تعلیمات میں پنہاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز دارالعلوم جامعہ سراج الاسلام نعیمیہ مظفرپور میں سالانہ تکمیل ختم بخاری شریف سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے مرکزی جماعت اہل سنت کے ناظم اعلیٰ حاجی الاسلام پیر سید عرفان شاہ مشہدی نعیمہ حبیب نعیمی پیر ارشد گردیزی، معلمات، اساتذہ، طالبات سمیت خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پیر سید عرفان مشہدی نے بخاری شریف کا آخری درس دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم ترقی کا سب سے مضبوط ہتھیار ہے۔ ہر کلمہ گوئی کے لئے ان کریم ؐ کا قول و فعل حجت ہے۔ مسلمان مسائل سے نجات چاہتے ہیں تو نبی کریم ؐ کی اطاعت ہر حال میں کریں۔ آپ نے بخاری شریف کی آخری حدیث مبارکہ کی روشنی میں مختلف موضوعات پر طالبات کی رہنمائی کی۔ تقریب کے اختتام پر پیر عرفان شاہ مشہدی نے تمام سلاسل کیلئے خصوصی دعا کرائی۔

کشمیریوں کو گھروں میں محصور کر کے مودی کشمیر کو فتح نہیں کر سکتا: نوشین حامد

سلامتی کونسل کی قراردادیں ہوں یا پھر دوطرفہ مذاکرات، بھارت نے ہمیشہ ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا

کپتان کی آزاد کشمیر سے تقریر سے انڈیا کے ایوانوں میں زلزلہ برپا ہو چکا ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

لاہور (تمائندہ خصوصی) مودی انڈیا میں بھی انتخابوں پر نظر کر رہا ہے۔ کشمیریوں کو گھروں میں محصور کر کے مودی کشمیر کو فتح نہیں کر سکتا۔ عالمی دنیا کشمیریوں کی قتل و غارت سے اور مقبل طور پر ان کی مدد کیلئے قدم اٹھائے۔ کپتان کی آزاد کشمیر میں تقریر سے انڈیا کے ایوانوں میں زلزلہ برپا ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی پارلیمانی سیکرٹری نوشین حامد نے کیا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرار دادیں ہوں یا پھر دوطرفہ مذاکرات کا معاملہ ہو بھارت نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر پر ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وقت آچکا ہے کہ عالمی برادری بھارتی ہٹ دھرم رویے اور ہندو انتہا پسند ذہنیت کے وفاشی نوٹس لیتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا بچہ بچہ بالغل قوتوں کے سامنے کسی صورت سر نہیں جھکائے گا۔

ایل ڈی اے کی غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی، پانچ عمارتیں مسمار

لاہور (اپلیمنٹ سیل) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل محمد عثمان معظم کی ہدایت پر ایل ڈی اے کے چیف پلاننگ منگ کے عملے نے فیروز پور روڈ پر واقع غیر قانونی تعمیرات کے خلاف گرینڈ آپریشن کر کے پانچ عمارتیں مسمار کر دیں۔ ایل ڈی اے کے عملے نے شاہ اللہ کالونی میں واقع پلاٹ نمبر 181 بلاک سی اور پلاٹ نمبر 238 بلاک سی پر قائم دو غیر قانونی عمارتیں اگیر پلانگ کا بنیادی اور کے قریب دو غیر قانونی عمارتیں اور گلبرگ نیشنل میں نقشہ پاس کروائے بغیر تعمیر کی گئی عمارت کو مسمار کر دیا۔

بلاسود مستحقین میں قرض کی فراہمی کی جا رہی ہے، ذکر اللہ مجاہد

مواخات پروگرام چھوٹے کاروبار کیلئے نہایت مفید ہے، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن

لاہور (نامہ نگار خصوصی) الخدمت فاؤنڈیشن لاہور مواخات پروگرام کے تحت بلاسود قرضہ فراہمی کی تقریب الخدمت لیب لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں سرپرست اعلیٰ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ڈاکٹر ذکر اللہ مجاہد، صدر الخدمت فاؤنڈیشن لاہور عبدالعزیز عابد، ایم ایس ثریا عظیم (وقف) ہسپتال بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر ارشد ضیا، ڈائریکٹر مواخات پروگرام لاہور عمران اکرم، پروگرام منیجر وسلی، پنجاب الطبر علی بزدہ، لیب انچارج انوار عالم و دیگر عہدیداران موجود تھے۔ اس موقع پر سرپرست اعلیٰ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ڈاکٹر ذکر اللہ مجاہد نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم ؐ نے ہجرت کے موقع پر مہاجرین اور انصار میں مواخات قائم کر کے ایک تاریخ رقم کی تھی آج الخدمت فاؤنڈیشن لاہور اسلامی تعلیمات کے مطابق ہی بلاسود مستحقین میں قرض کی فراہمی کر رہی ہے۔ مواخات پروگرام چھوٹے کاروبار کیلئے نہایت مفید ہے جس سے بے روزگار نوجوان محنت مزدوری کے ذریعے اپنا اور اپنے اہلخانہ کا پیٹ پال سکتا ہے۔

الخدمت فاؤنڈیشن لاہور مواخات پروگرام کے تحت بلاسود قرضہ فراہمی کی تقریب کے موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ذکر اللہ مجاہد، عبدالعزیز عابد، ڈاکٹر ارشد ضیا ماورد دیگر کا مستحق افراد کے ساتھ گروپ فوٹو

مسلم حکمران اور امہ اقوام متحدہ کے باہر دھرنا دیں: محمد ناصر اقبال

کشمیریوں پر بدترین ظلم و ستم کا تصور کر کے روح کانپ اٹھتی ہے، صدر ہیومن رائٹس موومنٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی صدر محمد ناصر اقبال خان، سیکرٹری جنرل محمد رضا ایڈووکیٹ و دیگر آرگنائزر شفاق احمد کھرل ایڈووکیٹ و دیگر نے کہا ہے کہ عمران خان، طیب اردگان اور مہاتیر محمد سمیت مسلم حکمران اور امہ کے مقیم مسلمان بالخصوص پاکستان کے لوگ اقوام متحدہ کے باہر دھرنے دیں، وہ دن دور نہیں کہ اگر ہم اپنا کھویا ہوا مقام واپس نہ لے سکے تو ہمارے بچے ہمیں معاف نہیں کریں گے۔ برطانیہ، یورپ اور کینیڈا سمیت سات سمندر پار مقیم پاکستان کے لوگ جمعۃ الوداع دھرنا میں شریک ہوں۔ اگر دنیا پھر بھی بھارت کو لگام نہ دے تو خطرات اور نتیجہ کی پروا کئے بغیر طبل جنگ بجایا جائے۔ کشمیریوں پر بدترین ظلم و ستم کا تصور کر کے روح کانپ اٹھتی ہے۔ مسلم حکمرانوں اور مسلمانوں کو کشمیر کاز کیلئے بیانات نہیں ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔

بادامی باغ لاری اڈے کے 19 ٹھیکوں میں سے 4 کی نیلامی

کار، ٹرک سٹینڈ، ٹرک پارکنگ، ٹرک اڈا 46 لاکھ 50 ہزار روپے میں نیلام ہوا

لاہور (نیشنل رپورٹر) ٹاؤن ہال میں بادامی باغ لاری اڈے کے 19 ٹھیکوں میں سے 4 ٹھیکوں کی نیلامی عام ہوئی۔ جن میں کار، ٹرک سٹینڈ، ٹرک پارکنگ ٹرک اڈا کی سرکاری بولی 38 لاکھ 54 ہزار 4 سو 70 روپے تھی جو 46 لاکھ 50 ہزار روپے نیلام ہوا، ٹک شاپ ٹائن اے سی بادامی باغ لاری اڈا 16 نمبر جس کی سرکاری بولی 24 لاکھ 98 ہزار 6 سو 40 روپے تھی جو کہ 26 لاکھ 17 ہزار میں نیلام ہوا، ٹک شاپ ٹائن اے سی بادامی باغ لاری اڈے سیریز نمبر 22 کی سرکاری بولی 13 لاکھ 83 ہزار 4 سو 60 روپے تھی جو 14 لاکھ میں نیلام ہوا، ٹک شاپ اے سی گاڑیاں سیریز نمبر 32 جس کی سرکاری بولی 23 لاکھ 88 ہزار 5 سو 30 روپے تھی جو 24 لاکھ میں نیلام ہوا۔ نیلام عام میں مجموعی طور پر 14 لوگوں نے حصہ لیا۔

پاکستان انجمن تاجران تمام عہدیداروں نے لاہور بزنس مین فرنٹ کی حمایت کر دی

ملک امانت علی کا ظہرانہ، ایسوسی ایٹ کلاس کے امیدوار آصف صدیق کا تعارف کروایا گیا

انشاءاللہ بزنس مین فرنٹ کے پورے پینل کو اکثریت سے کامیاب کروایا جائیگا، ملک امانت

لاہور (بزنس رپورٹر) پاکستان انجمن تاجران لاہور صدر ملک امانت علی کا ظہرانہ، عہدیداروں کی بھرپور شرکت، لاہور بزنس مین فرنٹ کی حمایت کا اعلان اور بھرپور سپورٹ کی یقین دہانی، اس موقع پر ہال روڈ سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن میں ایسوسی ایٹ کلاس کے امیدوار آصف صدیق کا تعارف کروایا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اس دفعہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن میں بھی تبدیلی کی لہر آئے اور انشاء اللہ لاہور بزنس مین فرنٹ کے پورے پینل کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروایا جائے گا۔ ظہرانہ میں پاکستان انجمن تاجران کے شریک چیئرمین محمد اعجاز چوہدری، سینئر نائب صدر سید عظمت علی شاہ، نائب صدر ملک نعیم، نائب صدر چوہدری قدیر جوائنٹ سیکرٹری چوہدری جاوید اکرم، چوہدری آصف شکور، سالک اشفاق، امین مظہر بٹ، بابر علی خان، شبیر لبھا، ساجد بیگ، آصف محمود بٹ، محمد داؤد، ملک نرم، شفیق الرحمن، انور حسین گوگی سمیت لاہور بھر کی مارکیٹوں کے تاجروں نے بھرپور شرکت کی۔

پاکستان انجمن تاجران لاہور صدر ملک امانت علی کی طرف ظہرانہ کے بعد پاکستان انجمن تاجران کے شریک چیئرمین محمد اعجاز چوہدری، سینئر نائب صدر سید عظمت علی شاہ، صدر ملک نعیم، نائب صدر چوہدری قدیر اور دیگر کا گروپ فوٹو

خوش فہمیاں اور غلط فہمیاں

خوش فہمی اور غلط فہمی کہنے کو تو مختلف ہیں مگر اصل میں دونوں ایک ہی ہیں کیوں شروع میں خوش فہمی ہی ہوتی ہے کہ یہ تبدیلی ضرور آئے گی اور بہتری کے لئے آئیگی مگر جب تبدیلی آجاتی ہے تو احساس ہوتا ہے کہ یہ تو غلط فہمی تھی سب کچھ تو ویسے کا ویسا ہی ہے بلکہ کچھ عرصہ تک پہلے سے بھی خراب ہو گیا ہے۔ ہر الیکشن سے پہلے ہر سیاسی جماعت سنہرے سپنے مارکیٹ میں لاتی ہے اور بہتر انداز میں لوگوں کو سحر میں مبتلا کر لیتا ہے اور اس عمل کے لئے سیاسی بڑوں نے لانگ ٹیمیں رکھی ہوتی ہیں جس طرح کسی عامل بابے نے اپنے پروموٹرز رکھے ہوتے ہیں جو اس کے عمل اور کرامات کا پرچار کرتے ہیں اس کے لئے ان کے ساتھ عملی مثالیں بھی ہوتی ہیں جنہیں پیش کر کے وہ صاحب کرامات کی دھاک بٹھاتے ہیں اسی طرح سیاسی رہنماؤں نے بھی "خدائین" کا گروہ رکھا ہوتا ہے جو اپنے رہنما کو "دیوتا" بنا کر پیش کرتا ہے اور ہمارے لوگ خود خوش فہمی میں مبتلا ہونے کے لئے آمادہ و تیار ہوتے ہیں اس لئے ان "خدائین" اور پروموٹرز کو کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ بعض اوقات تو ہمارے سیاسی رہنماؤں کا بے کہ وہ بھی اپنے کلائنٹ کو صاحب کمالات اور برگزیدہ انسان اور مقبول ترین کے طور پر مارکیٹ کرنے میں معاون ہوتے ہیں۔ ہمارے قریباً سبھی سیاسی رہنما یہ کریڈٹ لیتے ہیں کہ ان کے لئے خانہ کعبہ کھولا گیا۔ کوئی خانہ کعبہ کی چھت پر جانے کا بھی دعویدار ہے۔ کوئی خانہ کعبہ میں رو رو کر نوافل ادا کرنے سے اپنے آپ کو برگزیدہ قرار دینے پر اصرار کرتے ہیں لیکن اس بات کے باوجود ملک کے اندر کوئی بہتری نہ لا سکا۔ ہر کوئی خانہ کعبہ اور روضہ رسول ؐ پر رو رو کر ملک و قوم کے لئے دعائیں بھی کرتا رہا مگر ملک کے اندر محرومیاں بڑھتی رہیں۔ لوگ انصاف کو ترستے رہے جبکہ قاطعی اللضمانہ انصاف کے ترانے گاتے رہے۔

ایک عرصہ ہوا کہ گیا پولیس کلچر تھانہ کلچر تبدیل ہوگا۔ آج سے چالیس سال پہلے بھی ٹی وی ریڈیو پر اعلان ہوتے رہے پولیس کا یہ فرض ہے وہ آپ کی۔ چیف منسٹر کے بھائے خادم اعلیٰ کہا گیا مگر سڑک پر بچوں کے سامنے ماں باپ اور بچے کو ٹی ٹی گولیوں کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور بعد میں اسی مقتول کو دہشت گرد ثابت کر دیا جاتا ہے۔ ابھی محض چند دنوں میں ماڈل ٹاؤن لاہور میں پولیس نے تحویل میں رکھے گئے ملزمان کو پولیس مقابلے میں مار ڈالا۔ لاہور میں ہی ایک جج کو وکیل نے تھپڑ مارے، گالیاں دیں۔ کچھ نہ ہوا۔ لیڈی کانسٹیبل کو وکیل صاحب تھپڑ اور تھڑے مارین کہ فلاں پارکنگ سے منع کیوں کیا اور اگلے روز وکیل صاحب عدالت سے بری۔

ابھی چند ماہ پہلے ہی ایک چیف جسٹس ہر چھوٹے بڑے ایشو پر سوموٹو ایکشن لیا کرتے اور عوام خوش فہمی میں مبتلا ہو گئے کہ اب انصاف کا بول بالا ہوگا مگر پھر معلوم ہوا یہ بھی غلط فہمی تھی وہ بھی سلیکٹڈ انصاف ہوا کرتا تھا۔

اسی طرح گزشتہ سال بھی تبدیلی کی خوش فہمی نے لوگوں کو امید کے آسمان پر لا کھڑا کیا کہ بس اب محض چند ماہ کی بات ہے لوٹی ہوئی دولت کے سینکڑوں ارب ڈالر واپس قومی خزانے میں آجائیں گے اور ہم آئی ایم ایف کو قرضہ واپس کر کے ملک خوشحال کر لیں گے مگر پھر پتہ چلا کہ وہ بھی غلط فہمی تھی ایسے سینکڑوں ارب ڈالر تو ہیں ہی نہیں کہ واپس لائے جا سکیں۔ بجلی، گیس سستی ہوگی، پولیس کلچر بکسر بدل جائے گا مگر یہ سب خوش فہمیاں تھیں۔ ایسا کچھ نہیں ہونے والا۔

نوجوانوں کو خوش فہمی تھی کہ ان کے لئے روزگار کے وافر مواقع ہونگے۔ دانشوروں کو خوش فہمی تھی کہ ہیومن ریسورس میں سرمایہ کاری ہونے سے ایک بہتر قوم کی بنیاد رکھی جائے گی۔ کسانوں کو خوش فہمی تھی کہ اب صرف تاجروں کی ہی نہیں ان کی بھی سنی جائے گی۔ بیوروکریسی بھی اس خوش فہمی کا شکار تھی کہ اب میرٹ کا بول بالا ہوگا انصاف سربلند ہوگا۔ کارٹر اور مفاد پرست ٹولے ختم ہونگے۔ مگر یہ سب خوش فہمیاں پالنے والے طبقے بھول گئے کہ کارٹر اور اجارہ داریاں چھا گئیں اور وہی لوگ جو خوش فہمی میں مبتلا تھے محسوس کرنے لگے کہ یہ بھی شاید غلط فہمی تھی کہ تبدیلی ایسے بھی آسکتی ہے۔ وہی وفاق میں درجنوں وزراء، معاونین، درجنوں ٹاسک فورسز کے سینکڑوں ممبران دن رات عوام کی فلاح و بہبود اور سسٹم کے استحکام کے لئے مصروف کار ہیں۔

کراچی کی مقامی حکومت اور صوبائی حکومت کچرا صفائی پر دست و گریبان ہیں۔ پنجاب میں پولیس دن رات عوام کو اتحاد، شہریت سے آشنا کرانے میں مصروف ہے۔ مریم نواز نے جج کی ویڈیو وائرل کی۔ ناصر جنجوعہ اور دیگر کے بارے بتایا گیا کہ انہوں نے بتائی جج اور طرحان کے درمیان بروکر کا کام کرتے رہے مگر تحقیقاتی ادارے نے پ

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

ABC CERTIFIED

E-mail : ausafd@gmail.com http://www.dailyausaf.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن باقر خان

ہندو توا ذہنیت نے بھارت میں نیچے گارڈ دیئے ہیں، جنرل زبیر حیات

کلبھوشن صرف جاسوس نہیں دہشتگرد ونگ کا لیڈر تھا

ہٹلر نے جو جرمنی میں کیا وہ بھارت کشمیر میں کر رہا ہے، کلبھوشن یادیو صرف جاسوس نہیں بلکہ ٹیرر ونگ لیڈر تھا جو دہشت گردوں کو اسلحہ اور رقم فراہم کرتا تھا

بالاکوٹ حملے کے فوراً بعد ہم نے بھارت کیساتھ سکور برابر کیا، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا لندن میں اوورسیز کمیونٹی کی طرف سے دیئے گئے عشائیے سے خطاب

لندن (نیوز ایجنسیاں) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل زبیر حیات نے کہا ہے کہ ہٹلر نے جو جرمنی میں کیا وہ بھارت کشمیر میں کر رہا ہے، کلبھوشن یادیو صرف جاسوس نہیں بلکہ ٹیرر ونگ لیڈر تھا جو دہشت گردوں کو اسلحہ اور رقم فراہم کرتا تھا۔ لندن میں اوورسیز کمیونٹی کی طرف سے دیئے گئے عشائیے سے خطاب میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل زبیر محمود حیات نے کہا کہ ہٹلر نے جو جرمنی میں کیا وہ بھارت کشمیر میں کر رہا ہے، بی جے پی اور آر ایس ایس نے حدیں پار کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندو توا ذہنیت نے بھارت میں پنجے گاڑ رکھے ہیں، پاکستان کی سرزمین سے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 4)

مشہد، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض فوج کے مظالم کیخلاف ایرانی شہریوں کی جانب سے نکالی گئی ریلی کا منظر

اقوام متحدہ و عالمی رہنما کشمیر میں امن قائم کرائیں، ملالہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر کی صورت حال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ملالہ یوسف زئی نے مقبوضہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 2)

نوبل انعام یافتہ خواتین کی مودی کو ایوارڈ نہ دینے کی درخواست

مودی کی قیادت میں بھارت پر تشدد ملک بن چکا ہے، گیٹس فاؤنڈیشن کو خط

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) نوبل انعام یافتہ معروف خواتین نے بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن سے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو ایوارڈ نہ دینے کی درخواست کی ہے۔ میریڈ میگوائر، توکل عبدالسلام کرمان اور شیرین عبادی کی جانب سے گیٹس فاؤنڈیشن کو لکھے گئے خط (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 1)

بنگلا دیش دشمنی میں اندھا، اپنی سرحد پر نصب پلرز سے پاکستان کا نام ہٹا دیا

ڈھاکا (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلا دیش نے اپنی سرحد پر نصب پلرز سے پاکستان کا نام ہٹا دیا۔ بنگلا دیش کے اخبار ڈھاکا ٹریبون کے مطابق 1947 کی تقسیم کے بعد بارڈر پر یہ پلرز نصب کیے گئے تھے لیکن 1971 میں سقوط ڈھاکہ کے بعد بھی اب تک ان پلرز پر پاکستان کا نام درج تھا۔ بنگلا دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے بارڈر فورسز کو اس کام کو مکمل کرنے کا ٹاسک سونپا تھا۔

مہاتما گاندھی کے پوتے نے کشمیر پر بھارتی قبضہ مسترد کر دیا

کشمیر میں کرفیو کا مسلسل نقاذ انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی ہے، راج موہن گاندھی

واشنگٹن (نیوز ایجنسی) بین الاقوامی شہرت یافتہ سکالر اور مہاتما گاندھی کے پوتے پروفیسر راج موہن گاندھی نے ہندوستان کے کشمیر کے اوپر قبضہ کو مسترد کرتے ہوئے کشمیر استصواب رائے کروانے کی حمایت کردی اور کہا کہ کشمیر میں کرفیو کا مسلسل نقاذ انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی ہے۔ اور کشمیریوں کو زبردستی طاقت کے زور پر ہندوستان کا شہری نہیں بنایا جا سکتا، ہندوستان کی حکومت کو گاندھی کے فلسفہ پر عمل کرنا چاہیے اور ہندوستان میں بسنے والے تمام لوگوں سے ایک جیسا سلوک کرنا چاہیئے۔

امریکہ طالبان مذاکرات میں زلمے خلیل زاد وضاحت کے لئے کانگریس میں طلب

امریکی طالبان مذاکرات میں ناکامی زلمے خلیل زاد کی وضاحت کے لئے کانگریس میں طلب

زلمے کو 19 ستمبر کو افغان جنگ بارے حکومتی منصوبے پر قانون سازوں کو بریف کرنے کی ہدایت کی گئی

امریکی عوام اور کانگریس کو اندھیرے میں رکھنے پر میں اس حکومت سے تنگ آ گیا ہوں، چیئرمین ایلیاٹ ایل انگیل

واشنگٹن (نیوز ایجنسی) امریکی کانگریس کمیٹی برائے امور خارجہ نے امریکی حکومت کے نمائندہ خصوصی برائے افغان مفاہمتی عمل زلمے خلیل زاد کو امریکا افغان مذاکرات کی ناکامی پر وضاحت دینے کے لیے طلب کرلیا۔ طلبی کے حکم نامے پر دستخط کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرمین ایلیاٹ ایل انگیل نے کہا کہ امن عمل اور اس طویل جنگ کو ختم کرنے کے معاملے پر حکومت کی جانب سے امریکی عوام اور کانگریس کو اندھیرے میں رکھنے پر میں اس حکومت سے تنگ آ گیا ہوں۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق رواں برس جنوری میں ڈیموکریٹس نے کانگریس کا کنٹرول سنبھالا، اس کے بعد سے اب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے طالبان کے ساتھ جاری مذاکرات ختم کرنے کے فیصلے کے بعد پہلی مرتبہ کمیٹی کی جانب سے کسی کو طلب کیا گیا ہے۔ گزشتہ ہفتے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا تھا کہ انہوں نے سینئر طالبان قیادت اور افغان صدر اشرف غنی کو کیمپ ڈیوڈ میں ملاقات کی دعوت (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 5)

طالبان وفد کی حکام سے ملاقات، مذاکرات نتیجہ خیز ثابت نہ ہوئے تو ہمارے جنگجو 100 سال لڑنے کیلئے تیار ہیں، ترجمان طالبان

امریکہ نہیں تو روس طالبان وفد کے ماسکو میں مذاکرات

شیر محمد عباس ستانکزئی کی سربراہی میں وفد نے روسی نمائندہ خصوصی برائے افغانستان ضمیر کابلوف سے ملاقات کی، گفتگو کا محور افغان امن عمل میں ہونے والی پیش رفت تھی

ماسکو، واشنگٹن (نیوز ایجنسی) طالبان امریکہ کیساتھ امن مذاکرات جاری رکھنے کیلئے متحرک ہو گئے ہیں اور اس سلسلے میں انہوں نے ماسکو میں روسی حکام سے ملاقات کی ہے۔ روسی خبر رساں ایجنسی کے مطابق طالبان کے وفد اور ضمیر کابلوف کے درمیان ہونیوالی ملاقات میں گفتگو کا محور افغان امن عمل میں ہونیوالی پیشرفت تھی۔ دوسری جانب افغان اسلامک پریس نے رپورٹ کیا ہے کہ ماسکو میں ہونیوالی ملاقات میں قطر میں طالبان کے ترجمان محمد سہیل شاہین نے کہا ہے کہ طالبان کے ایک وفد کی روس کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان ضمیر کابلوف سے 13 ستمبر کو ملاقات ہوئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق طالبان کے وفد کی سربراہی شیر محمد عباس ستانکوئی نے کی۔ قطر میں امریکہ اور طالبان کے درمیان ہونیوالے مذاکرات میں بھی طالبان کے وفد کی سربراہی ستانکوئی کے سپرد ہی تھی۔ افغان اسلامک پریس کے مطابق طالبان کے وفد کی سربراہی شیر محمد عباس ستانکوئی نے کی۔ قطر میں امریکہ اور طالبان کے درمیان ہونیوالے مذاکرات میں بھی طالبان کے وفد کی سربراہی ستانکوئی کے سپرد ہی تھی۔ افغان اسلامک پریس کے مطابق طالبان کی جانب سے نمائندہ خصوصی سے ملاقات کیلئے بھیجے گئے وفد میں شاہین اور قاری دین محمد حنیف بھی شامل تھے۔ طالبان کے وفد کے سربراہ شیر محمد عباس ستانکوئی نے 13 ستمبر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 3)

انگلینڈ، چرچل کی جائے پیدائش سے سونے کا ٹوائلٹ چوری

اطالوی آرٹسٹ کے مطابق ٹوائلٹ کی مالیت 50 لاکھ امریکی ڈالرز سے زیادہ ہے

انگلینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) انگلینڈ میں سابق وزیراعظم ونسٹن چرچل کی جائے پیدائش بلینہائم پیلس میں نصب 18 قیراط خالص سونے سے بنا ٹوائلٹ چوری ہو گیا۔ ایک اطالوی آرٹسٹ موریزیو کیٹیلان کا تیار کردہ پوری طرح سے قابل استعمال مذکورہ ٹوائلٹ نمائش کی وجہ سے وہاں لگایا گیا تھا جو کہ جمعرات سے شروع ہونا تھی۔ بلینہائم پیلس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اطالوی آرٹسٹ کے مطابق ٹوائلٹ "امریکا" کی مالیت 50 لاکھ امریکی ڈالرز سے زیادہ ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ انہیں ہفتے کی صبح چار بجکر 57 منٹ پر چوری کی اطلاع ملی جب کہ چور اس سے 7 منٹ پہلے واردات کر کے جا چکا تھا۔ پولیس نے اس حوالے سے ایک 66 سالہ شخص کو گرفتار بھی کیا ہے تاہم ابھی تک ٹوائلٹ نہیں مل سکا ہے۔

حکومت تاجر بغیر شناختی کارڈ ٹرانزیکشن آن لائن سسٹم بحال ورنہ ریٹرن فائل نہ کرانیکی دھمکی دیدی

ڈیڈ لائن برقرار

چیئرمین FBR نے 30 ستمبر تک کی یقین دہانی کا وعدہ پورا نہیں کیا، ایف بی آر کا سسٹم سپورٹ نہیں کر رہا

حکومت معیشت کا پہیہ چلتا رہنے کیلئے مطالبہ پورا کرے، عدم تعاون پر معیشت کے نقصان کا اندیشہ ہے، جاوید شمس

کراچی (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران سندھ کراچی ڈویژن کے صدر جاوید شمس نے پاکستان بھر کے چھوٹے تاجروں کی نمائندہ کمیٹی کی گذشتہ ایک ماہ سے چیئرمین ایف بی آر کے ساتھ جاری اجلاسوں اور ملاقاتوں کے باوجود ڈیڈ لاک برقرار رہنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے 30 ستمبر 2019 تک کی فرانزیکشن کو بغیر شناختی کارڈ جمع کرانے کی اجازت دینے اور ایف بی آر کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 14)

آرٹیکل 149 سے کراچی کے مسائل حل نہیں ہونگے، فاروق ستار

22 اگست واقعے پر سب نے مذمت کی، ریاست، حکومت ہمارے لئے فیصلہ کرے

کراچی (سٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ 22 اگست کے واقعے پر ہم سب نے مذمت کی۔ ہم میں سے کوئی اس کا حصہ نہیں بنا۔ ریاست اور حکومت کو ہمارے لئے فیصلہ کرنا چاہیئے۔ ایسے مقدمات عدلیہ پر بوجھ ہیں۔ وہ بدھ کو کراچی میں انسداد دہشتگردی کی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے، فاروق ستار نے مزید کہا کہ میں اپنے تجربے کی روشنی میں کہتا ہوں آرٹیکل 149 (4) کا شوشہ صرف ایک شوشہ ہے۔ اس سے نہ کراچی کا کچرہ صاف ہو (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 15)

PSO

بولیوں کی طلبی

اہل مینوفیکچررز/سپلائرز/کنٹریکٹرز سے جو خاطر خواہ سابقہ متعلقہ تجربہ اور مستحکم مالی حیثیت کے حامل ہوں، مندرجہ ذیل ٹینڈرز کیلئے سربمہر بولیاں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	ٹینڈر کی تصریحات	ٹینڈر نمبر	بولی کا طریقہ کار
1	سینٹرل اسٹور کے ٹی پی پر ریٹیل آؤٹلیٹس کے سروس اسٹیشنز کے لئے ہائیڈرولک ہوسٹ کی فراہمی	RC/13724-IA	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ
2	سینٹرل اسٹور کے ٹی پی پر ریٹیل آؤٹلیٹس کے لئے ہوز پائپس کی فراہمی	RC/13725-IA	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ
3	لال پیر ڈپو پر بوائلر، آر او پلانٹ، ہیٹ ایکس چینجر اسٹیمنگ نیٹ ورک کے آپریشن اور دیکھ بھال کے لئے سالانہ کنٹریکٹ	OP/3830-MM	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ
4	بوزمن کی فراہمی	LT/13726-OS	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ
5	لاہور ایوی ایشن اسٹیشن پر فیول ہائیڈرنٹ سسٹم پٹ باکس کمپلیٹ اسمبلی کی فراہمی	AM/13731-IA	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ
6	کمپنی کے آپریٹرز/ٹیل آؤٹ لیٹس پر آپریشنل سروسز کے لئے سالانہ کنٹریکٹ	RF/3771-KAR	سنگل اسٹیج۔ ٹو انویلپ

ٹینڈر فیس ناقابل واپسی ہوگی/ٹینڈر سیکیورٹی 2 ہزار روپے (تاحکم ثانی) بنام پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ (برائے ٹینڈر کیلئے جمع کرائی جائے گی)

برائے سیریل نمبر 01 تا 05	تاریخ	وقت
ٹینڈر کا حصول، جمع اور وقت	From 16.09.2019 to 30.09.2019	03:00 PM to 04:30 PM
بولی جمع کرانے کی تاریخ اور وقت	08.10.2019	TILL 02:15 PM
بولی کھلنے کی تاریخ اور وقت	08.10.2019	03:00 PM ONWARDS

برائے سیریل نمبر 06	تاریخ	وقت
ٹینڈر کا حصول، جمع اور وقت	From 18.09.2019 to 04.10.2019	03:00 PM to 04:30 PM
بولی جمع کرانے کی تاریخ اور وقت	08.10.2019	TILL 02:15 PM
بولی کھلنے کی تاریخ اور وقت	08.10.2019	03:00 PM ONWARDS

نوٹ: سنگل اسٹیج ٹو انویلپ بولی کے طریقہ کار کیلئے کمرشل بڈ کھلنے کی تاریخ اور وقت سے صرف ٹیکنیکل طور پر کوالیفائی ہونے والے بولی دہندگان کو بعد میں مطلع کیا جائے گا۔

دستاویزات کا حصول:

مندرجہ بالا ٹینڈر کیلئے بولی کی دستاویزات بولی دہندہ کی جانب سے بولی دہندہ کے آفیشل لیٹر ہیڈ پر درخواست مع ٹینڈر کی فیس این ٹی این، جی ایس ٹی سرٹیفکیٹ، پروونشل سیلز ٹیکس سرٹیفکیٹ (جہاں لاگو ہو)، CNIC (مالک/مجاز نمائندے کی) کی نقول جمع کرانے کے عوض مندرجہ ذیل پتے سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ وینڈر کا فعال ٹیکس پیئر ہونا ضروری ہے۔

یہ اشتہار PSO کی ویب سائٹ www.psopk.com/procurement اور PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دستیاب ہے۔

پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ
سیکنڈ فلور، پی ایس او ہاؤس، شاہراہ اقبال، کلفٹن، کراچی
فون: 111-111-PSO (776) ایکسٹینشن: 2233, 2218, 2281 فیکس: 021-99203796
ای میل: procurement@psopk.com
ویب سائٹ: www.psopk.com/procurement

"نشہ سے انکار زندگی سے پیار"

SAY NO TO CORRUPTION

PID (K)845/19

جب تک دھرتی جب تک سندھ کے ٹوٹے کا خواب دیکھنے والے خوتباہ ہو جائینگے

مراد علی شاہ

سندھ کی تقسیم کا جھوٹا خواب دیکھنے والوں کا دو ماہ قبل ہی میں نے اسمبلی فلور پر پردہ اٹھایا تھا

غلام شاہ کے انتقال پر سندھ، بلوچستان کے لوگ غم زدہ ہو گئے، وزیراعلیٰ سندھ کی ٹیسٹنگ شریف میں صحافیوں سے گفتگو

حیدرآباد (نمائندہ اوصاف) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ کی تقسیم کا جھوٹا خواب دیکھنے والوں کا دو مہینے قبل ہی میں نے سندھ اسمبلی کے فلور پر پردہ اٹھایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ دھرتی ہے تب تک صوبہ سندھ متحد اور ایک رہے گا اور جو لوگ سندھ کے ٹوٹنے کا خواب دیکھ رہے ہیں وہ خود نیست و نابود ہو جائینگے۔ وہ آج بھانگارا باجارا کے نزدیک ٹیسٹنگ شریف کے گدی نشین اور پی پی پی کے رکن سندھ اسمبلی سید غلام شاہ جیلانی کے انتقال پر اٹھے جنوں سید صالح محمد شاہ جیلانی اور سید احمد علی شاہ جیلانی سے تعزیت کرنے کے بعد میڈیا سے باتیں کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سید غلام شاہ جیلانی کے انتقال سے سندھ اور بلوچستان کی سیاست میں ایک خلاء پیدا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سید غلام شاہ جیلانی پانچ مرتبہ سندھ اسمبلی کے رکن رہے اور سندھ اور بلوچستان کے لوگ سید غلام شاہ جیلانی کے انتقال پر غمزدہ ہیں۔ بعد ازاں وزیراعلیٰ سندھ نے مرحوم سید غلام شاہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 6)

بانگ کانگ، شہری چین کے حق میں ریلی نکال رہے ہیں

وطن کے لیے لڑنے والی قوموں میں پاکستانی اول نمبر پر، گیلپ سروے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گیلپ سروے نے کہا ہے کہ وطن کی خاطر لڑنے کے لیے تیار قوموں میں پاکستان اور ویت نام سب سے آگے ہیں دونوں ممالک کے 89 فیصد لوگ اپنے وطن کی خاطر لڑنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ گیلپ سروے کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایشیائی ممالک میں پاکستان میں سب سے زیادہ لوگ ملک کی خاطر لڑنے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔

بانگ کانگ، ہزاروں شہریوں کا چین کے حق میں مظاہرہ

بیجنگ (نیوز ایجنسی) بانگ کانگ کے ہزاروں شہریوں نے مغربی کوولن کے شاپنگ سینٹر پرنس کر حب الوطنی کا مظاہرہ کیا اور اس کے اعلیٰ کردار اور ملک اور شہر سے محبت کے اظہار کیلئے قومی نغمے گائے، 1000 افراد نے جمع ہو کر وطن سے محبت کے اظہار کیا۔

فرانس میں 18 واں بین الاقوامی ثقافتی میلہ، پاکستان کا خصوصی سٹال

سالانہ ثقافتی میلے میں 56 ممالک کی شرکت، افتتاح جراڈ کولمب نے کیا

لیوں فرانس (نمائندہ اوصاف) لیوں کے اطاریوں بین الاقوامی ثقافتی میلے میں خوبصورتی سے سجایا گیا پاکستانی سٹال نے آئے ہوئے متعدد مہمانوں کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ یہ لیوں کا سالانہ ثقافتی میلہ ہے جس میں پچاس سے زائد ممالک اپنی ثقافتی اور روایتی نمائش پیش کرتے ہیں۔ اس سال چھپن ممالک اس میلے میں حصہ لے رہے ہیں۔ اس بین الاقوامی ثقافتی میلے کا افتتاح جراڈ کولمب نے کیا اور مختلف ممالک کے سٹالوں کا دورہ کیا۔ پاکستانی سٹال کے دورے کے دوران لیوں کے میئر نے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 17)

کشمیر میں بھارتی جبر و تشدد، امریکی ارکان دل گرفتہ، بند کرنیکا مطالبہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت پر امریکی ارکان پارلیمنٹ بھی بول پڑے۔ امریکی خارجہ امور کمیٹی کے رکن اور سینیٹر نے کشمیریوں کی حفاظت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ امریکی سینیٹر باب کیسی کا کہنا ہے کہ جموں کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے نے پاک بھارت کشیدگی بڑھا دی ہے، جبکہ بریڈ شرمین نے مسئلہ کشمیر پر امریکی خارجہ امور کی ڈیلی کمیٹی کے اجلاس کا عندیہ بھی دے دیا۔

بھارت، ہندوؤں کا مسلمان نام سے بھی نفرت کا اظہار

بابر سے منسوب سڑک کے سائن بورڈ پر سیاہی مل دی گئی

نئی دہلی (نیوز ایجنسی) بھارت میں مغل بادشاہ بابر کے نام سے منسوب سڑک کے سائن بورڈ پر سیاہی مل دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق انتہا پسند اور متعصب بھارتی ہندو قوم پرستوں کو اب مسلمانوں کے ناموں سے بھی چڑ آنے لگی۔ نئی دہلی میں مغل بادشاہ بابر کے نام سے بنی سڑک کے سائن (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 10)

فلپائنی صدر کا کرپٹ سرکاری ملازمین کو گولی مارنیکا حکم

صرف زخمی کیا جائے، قاتل کو معاف کرنے کی قانون اجازت نہیں دیتا، روڈریگو ڈوٹیرتے

منیلا (نیوز ایجنسی) فلپائن کے صدر روڈریگو ڈوٹیرتے نے عوام کو اجازت دی ہے کہ وہ ایسے سرکاری ملازمین کو گولی ماردیں جو رشوت لیتے ہوں اور کرپشن میں ملوث ہوں تاہم انہیں قتل نہ کریں، صرف زخمی کر دیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق صدر نے عوام سے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 11)

حوثی باغیوں کے ڈرون حملے سعودی تیل تنصیبات میں آگ لگ گئی

ڈرون حملہ آرمکو کمپنی کے بڑے آئل پروسیسنگ پلانٹ عبقیق اور دوسرا مغربی آئل فیلڈ خریص پر کیا گیا، مقامی میڈیا

پاکستان کی سعودی آئل پمپنگ فسیلیٹی پر ڈرون حملے کی مذمت، میٹریل کو نقصان پہنچنے پر افسوس ہے، ترجمان دفتر خارجہ

ریاض، اسلام آباد (نیوز ایجنسی) سعودی عرب میں دو بڑی آئل فیلڈز پر ڈرون حملے کیے گئے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق سعودی عرب کی سرکاری آئل کمپنی کی دو آئل فیلڈز پر ڈرون حملوں سے آئل فیلڈز میں آگ لگ گئی جس سے فضا میں دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ مقامی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایک ڈرون حملہ آرمکو کمپنی کے بڑے آئل پروسیسنگ پلانٹ عبقیق اور دوسرا مغربی آئل فیلڈ خریص پر کیا گیا جب کہ حملے کے نتیجے میں دونوں آئل فیلڈز پر لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں حملوں کا ذمہ دار یمن کے حوثی باغیوں کو ٹھہرایا جا رہا ہے تاہم حوثی باغیوں کی جانب سے اب تک حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی گئی ہے جب کہ سعودی میڈیا کا کہنا ہے کہ اس حملے کے حوالے سے اہم بیان جاری کیا جائے گا۔ دوسری طرف پاکستان نے سعودی آئل پمپنگ فسیلیٹی پر ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈرون حملے کے نتیجے میں آئل فیلڈ میں آگ لگنے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 7)

ریاض، دو بڑی آئل فیلڈز پر ڈرون حملے کے بعد آگ لگنے سے فضا میں دھوئیں کے بادل چھائے ہوئے ہیں

ٹرمپ نے اسامہ کے بیٹے حمزہ کی موت کی تصدیق کر دی

واشنگٹن (نیوز ایجنسی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسامہ بن لادن کے بیٹے حمزہ بن لادن کی موت کی تصدیق کر دی۔ امریکی وزیر دفاع مارک ایسپر نے بھی گزشتہ ماہ حمزہ بن لادن کی موت کی تصدیق کی تھی۔

یمن، چھ اماراتی فوجی حادثاتی طور پر جاں بحق

صنعاء (نیوز ایجنسی) متحدہ عرب امارات کے حکام کا کہنا ہے کہ یمن میں ایک حادثے کے نتیجے میں چھ اماراتی فوجی جاں بحق ہو گئے ہیں۔ حکام نے اس حادثے کی نوعیت، مقام اور وقت کے بارے میں تفصیلات نہیں بتائیں۔ ایک اعلیٰ یمنی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر نیوز ایجنسی اے پی کو بتایا ہے کہ اماراتی فوجی گاڑی کو پیش آنے والے ایک حادثے کے نتیجے میں ہلاک ہوئے ہیں۔

پاکستانی کشمیر کی آزادی کیلئے بھرپور جدوجہد کریں، مشعال ملک

یاسین ملک کی حالت دن بہ دن خراب ہو رہی ہے، اہلیہ حریت رہنما

لاہور (نیوز ایجنسی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ بھارت نے کشمیریوں پر بہت ظلم کیا ہے، مقبوضہ کشمیر میں ہزاروں افراد کو غائب کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کشمیری رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ 6 ماہ سے شوہر سے بات نہیں ہوئی ہے، یاسین ملک کو ڈھائی سیل میں رکھا گیا ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ یاسین ملک کی حالت دن بہ دن خراب ہو رہی ہے، پاکستانی کشمیر کی آزادی کیلئے بھرپور جدوجہد کریں۔

بحری جہاز عالمگیر کا عمان کی بندرگاہ صلالہ کا دورہ، پرتپاک استقبال

شمالی بحیرہ عرب میں ریجنل میری ٹائم سیکورٹی پٹرول میں ذمہ داریاں دوبارہ سنبھال لیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاک بحریہ کے بحری جہاز عالمگیر نے ایلیٹ ٹیبل کا پٹر کے ساتھ عمان کی بندرگاہ صلالہ کا دورہ کیا۔ یہ دورہ پاک بحریہ کے ریجنل میری ٹائم سیکورٹی پٹرول (RMSP) کے تحت بین الاقوامی سمندر میں تعیناتی کا حصہ تھا۔ ریجنل میری ٹائم سیکورٹی پٹرول کا مقصد حساس چوک پوائنٹس کے اطراف بین الاقوامی تجارت کی روانی کو یقینی بنانا ہے۔

امریکی ڈالرز جوتوں میں چھپا کر افغانستان اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

این ایل سی نے تلاشی کی غرض سے روکا تو ڈالرز جوتے میں چھپائے گئے تھے

عرفان قادر 3000 1 ہزار امریکی ڈالرز افغانستان اسمگل کر رہا تھا، کسٹم حکام کی تفتیش شروع

لنڈی کوتل (نمائندہ اوصاف) ضلع خیبر طورخم بارڈر پر کسٹم نے این ایل سی کی تعاون سے بھاری مقدار میں پاکستان سے افغانستان امریکی ڈالرز اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی اس (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، پشاور ائرپورٹ سے کینیڈا اسمگل کی جانے والی مشتبہ میڈیا کو دکھائی جا رہی ہے

چیف الیکشن کمشنر کا فیصلہ آئینی سپورٹ کرتے ہیں، سلیم مانڈوی والا

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) اپنی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے سندھ اور بلوچستان کے نئے صوبائی الیکشن ممبرز کے تقرر کے لیے آئین کے مطابق فیصلہ کیا ہے، چیف الیکشن کمشنر کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 13)

وطن کے لیے لڑنے والی قوموں میں پاکستانی اول نمبر پر، گیلپ سروے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گیلپ سروے نے کہا ہے کہ وطن کی خاطر لڑنے کے لیے تیار قوموں میں پاکستان اور ویت نام سب سے آگے ہیں دونوں ممالک کے 89 فیصد لوگ اپنے وطن کی خاطر لڑنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ گیلپ سروے کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایشیائی ممالک میں پاکستان میں سب سے زیادہ لوگ ملک کی خاطر لڑنے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔

ترکی کا امریکا سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ

انقرہ (نیوز ایجنسی) ترکی نے امریکا سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے ترک صدر نے اپنے امریکی ہم منصب سے رابطہ بھی کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کو دیے گئے۔ انٹرویو میں ترک صدر رجب طیب اردگان نے کہا کہ وہ رواں ماہ امریکی صدر سے پیٹریاٹ میزائل کی خریداری کے سلسلے میں بات کریں گے۔

کراچی میں کانگو سے 54 شخص جاں بحق، ہلاکتوں کی تعداد 17 ہو گئی

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی میں کانگو سے ایک اور ہلاکت سامنے آگئی۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق 54 سالہ حبیب خان فلی اسپتال میں دم توڑ گیا۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق اسٹیڈیم روڈ پر واقع فلی اسپتال میں کانگو سے متاثر دو افراد زیر علاج تھے، جن میں 54 سالہ حبیب خان دم توڑ گیا۔

ادلب، حکومتی فورسز کی بمباری سے متاثر ہونیوالے گھر کے باہر لوگ جمع ہیں

شام، حکومتی فورسز کے حملوں میں مزید 6 شہری جاں بحق

حملے ادلیب کی تحصیل ماراتی نعمان اور خاص، بش، سرجے اور بینی دیہاتوں میں کیے گئے

دمشق (نیوز ایجنسی) شام میں بشار الاسد انتظامیہ کے ملک کے شمال مغربی علاقے ادلیب پر فضائی اور زمینی حملے میں 3 شہری ہلاک ہو گئے۔ اسد قوتوں نے کل شام کے وقت، بھاری بمباری کے ساتھ ادلیب کی تحصیل ماراتی نعمان اور خاص، بش، سرجے اور بینی دیہاتوں کو ہدف بنایا۔ شہری تنظیم کے حلقوں سے حاصل کردہ معلومات کے مطابق ان حملوں میں تین شہری اپنی جانوں سے ہاتھ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 16)

واٹر بورنگ کے لئے این او سی لازمی فیس 2000 سے 10000 مقرر ماہانہ بل کی شرط بھی عائد

کمرشل بورنگ کے لئے این او سی کے چارجز 1 0 ہزار، گھریلو این او سی کی فیس 2 ہزار روپے مقرر

گھریلو صارف 200 ماہانہ، مساجد، مذہبی مقامات، رفاہی اداروں سے ہر ماہ 1000 روپے بل وصول کیا جائیگا

اسلام گڑھ (نامہ نگار) حکومت نے عوام پر واٹر بم گرا دیا، ذاتی اخراجات سے لگائے گئے گھریلو بور پر بھی 200 روپے ماہانہ چارجز عائد، کمرشل بور پر 1000 روپے تک کے چارجز۔ نئی بور

روزنامہ اوصاف

نظریہ پاکستان ٹرسٹ کے زیر اہتمام ایوان کارکنان تحریک پاکستان لاہور میں منعقدہ پیغام پاکستان کانفرنس سے ولید اقبال، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، پیر سید علی رضا بخاری، شہزاد احمد، آغا حسن علی باقر و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سلام پر امن مذہب اپنے پیروکاروں کو امن و آشتی کا درس دیتا ہے پیغام پاکستان کانفرنس

دہشتگردی اور انتہا پسندی کیخلاف تمام مسالک کے علماء و مشائخ کا متفقہ جاری کردہ "پیغام پاکستان" قومی بیانیہ اور تاریخی دستاویز ہے

سینیٹر ولید اقبال، ڈاکٹر سید طاہر رضا بخاری، علامہ شہزاد احمد مجددی، مولانا عبدالستار خان نیازی، مشتاق احمد ندیم، شاہد رشید و دیگر کا خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) دہشتگردی اور انتہا پسندی کیخلاف تمام مسالک کے علماء و مشائخ کا متفقہ طور پر جاری کردہ "پیغام پاکستان" ایک قومی بیانیہ اور تاریخی دستاویز ہے۔ اس قومی بیانیہ کو اجاگر کرنے اور فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اسلام پر امن مذہب اور اپنے پیروکاروں کو امن و آشتی کا درس دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے ایوان کارکنان تحریک پاکستان، لاہور میں منعقدہ "پیغام پاکستان کانفرنس" کے دوران کیا۔ پروگرام کی نظامت کے فرائض سیکرٹری نظریہ پاکستان ٹرسٹ شاہد رشید نے انجام دیے۔ سینیٹر ولید اقبال نے کہا کہ اس کانفرنس کا مقصد اس تاریخی اعلامیہ کے بارے میں قوم کو آگاہ کرنا ہے جس کے ذریعے تمام مسالک کے علماء و مشائخ نے دہشتگردانہ اور انتہا پسندانہ سوچ کو کچل کر رکھ دیا تھا۔ ڈائریکٹر جنرل محکمہ اوقاف و مذہبی امور ڈاکٹر سید طاہر رضا بخاری نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب یہ پورا خطہ سبز ہلالی پرچم کے سائے تلے آگے بڑھے گا۔ "پیغام پاکستان" دستاویز کے ذریعے تمام مسالک کے علماء و مشائخ نے دہشتگردی اور انتہا پسندی کیخلاف اپنے عزم صمیم کا اظہار کیا۔ مودی کے شر سے خیر برآمد ہوگا اور کشمیریوں کو آزادی ملے گی۔ ممتاز مذہبی سکالر علامہ شہزاد احمد مجددی نے کہا کہ اسلام رواداری اور تحمل و برداشت کا درس دیتا ہے۔ ادارہ منہاج الحسین کے آغا حسن علی باقر نے کہا کہ آج ایک بار پھر ضرورت اس امر کی ہے کہ تعمیر پاکستان کیلئے پوری قوم بلا امتیاز مسلک و مذہب متحد ہو جائے۔ معروف عالم دین مولانا عبدالستار خان نیازی نے کہا کہ اسلام تفرقہ بازی سے منع کرتا اور مسلم امہ کو اتحاد و یکجہتی کا درس دیتا ہے۔ ماہر تعلیم مشتاق احمد ندیم نے کہا کہ پاکستان ایک نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا اور نظریہ پاکستان دراصل نظریہ اسلام ہے۔ شاہد رشید نے کہا کہ آج اس "پیغام پاکستان" کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے کہ آئین پاکستان کی موجودگی میں کسی فرد یا گروہ کو ریاست اور اس کے اداروں کیخلاف کسی قسم کی مسلح جدوجہد کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

گجرات کا قصائی نہتے اور معصوم کشمیری عوام پر تشدد کروا رہا ہے: اختر نیازی

بھارت وادی سے کرفیو اٹھائے، دواؤں کی کمی سے کئی قیمتیں جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے



لاہور (بزنس رپورٹر) آل پاکستان ٹرانسپورٹ ڈرائیونگ ورکر فیڈریشن کے عہدیدار اختر خان نیازی نے کہا ہے کہ گجرات کا قصائی مودی وادی میں نہتے اور معصوم کشمیری عوام پر تشدد کروا رہا ہے، بھارت وادی کشمیر سے فوری طور پر کرفیو اٹھائے، مقبوضہ کشمیر میں دواؤں کی کمی سے کئی قیمتی جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے۔ بھارت کے پاس اب کشمیریوں کو آزادی دینے کے سوا کوئی راستہ نہیں۔ پوری دنیا کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی اور کشمیریوں کی نسل کشی کی مذمت کر رہی ہے۔ 370 آرٹیکل کا خاتمہ مودی کے گلے میں کانٹوں کا ہار ثابت ہوگا۔

عالمی ادارے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا نوٹس لیں: محمد علی خان

کشمیر پر بھارتی تسلط قبول نہیں، پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بھارت زیادہ دیر تک کشمیری عوام کو محکوم نہیں رکھ سکتا، آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما حاجی محمد علی خان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی ادارے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا نوٹس لیں۔ کشمیر پر بھارتی تسلط قبول نہیں، مقبوضہ کشمیر کے مظلوم کشمیریوں کو جبر و تشدد سے نجات دلانے کے لئے آخری حد تک جائیں گے۔ انہوں نے کہا جتنے بھی گناہ کشمیری عوام بالخصوص عورتوں، بچوں اور بزرگ شہریوں پر ہونے والے بدترین مظالم نے بھارت کا چہرہ بے نقاب کر دیا ہے اور اب بھارت زیادہ دیر تک کشمیری عوام کو محکوم نہیں رکھ سکتا۔ کشمیری کی آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا۔

رمضان عرف لاڈی پاکستان اوورسیز پاکستانی کمیشن برائے چائنہ کے ترجمان مقرر

امید ہے رمضان لاڈی تارکین وطن کے مسائل حل کرنے کیلئے کردار ادا کریں گے، تاجر برادری

لاہور (بزنس رپورٹر) پاک چائنہ ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد رمضان عرف لاڈی کو پاکستان اوورسیز پاکستانی کمیشن برائے چائنہ کا ترجمان مقرر کر دیا گیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ لاہور چیمبر کی تاجر برادری کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری۔ تاجر برادری کا کہنا ہے کہ چائنہ ہمارا بہترین دوست ہے اور رمضان عرف لاڈی جٹ بھی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں ان کا اوورسیز پاکستانی کمیشن برائے چائنہ کا ترجمان مقرر ہونا بلا شبہ تارکین وطن کے لئے ایک نیک شگون ہے امید ہے رمضان عرف لاڈی اس عہدہ سے وفا کرتے ہوئے تارکین وطن کے مسائل حل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے

پنجاب ایمرجنسی سروس نے ابتدائی طبی امداد کا عالمی دن منایا

ریسکیو 1122 اب تک 73 لاکھ لوگوں کو فرسٹ ایڈ فراہم کر چکا ہے: ڈی جی ریسکیو

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایمرجنسی سروس (ریسکیو 1122) ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر پنجاب بھر میں ابتدائی طبی امداد کا عالمی دن ہر گھر میں تربیت یافتہ فرسٹ ایڈرز پروگرام کے تحت منایا جس کا مقصد فرسٹ ایڈ کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا کیونکہ کسی گھر میں صرف تربیت یافتہ فرسٹ ایڈر کی موجودگی سے ہی کسی بھی ناگہانی صورتحال میں بہتر طریقے سے نبرد ہوا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایمرجنسی سروس (ریسکیو 1122) ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ پنجاب ایمرجنسی سروس آغاز سے اب تک 73 لاکھ ایمرجنسی متاثرین کو فرسٹ ایڈ فراہم کی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے شعبہ کمیونٹی ریسکیو ہیڈ کوارٹرز اور ضلعی اشران کو اپنے اپنے علاقوں میں کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیمز بنانے اور 5 لاکھ کے قریب فرسٹ ایڈرز کی تربیت کے ہدف کو پورا کرنے پر سراہا۔

عالمی یوم برائے طبی امداد کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رضوان نصیر، ریسکیو رز اور ریسکیو محافظین کی مشترکہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

حکومت آئین کی اسلامی دفعات نافذ کر کے قرآن و سنت کی بالادستی یقینی بنائے: اجمل قادری

متحدہ عرب امارات سعودی عرب، افغانستان ایران اور چین کے ساتھ تعلقات کو ہر سطح پر مضبوط بنائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر و سرپرست اعلیٰ مولانا محمد اجمل قادری نے کہا ہے کہ حکومت وقت فوری طور پر 1973 کے آئین کی اسلامی دفعات کو نافذ کر کے قرآن و سنت کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنائے، حکومت وقت خارجہ پالیسی کو مزید بہتر کرتے ہوئے سعودی عرب عرب امارات افغانستان ایران اور چین کے ساتھ تعلقات کو ہر سطح پر مضبوط بنائے اور ان ممالک میں سفارتی سطح پر علماء پر مشتمل وفود بھیجے جائیں تاکہ تعلقات میں بہتری آئے اور تسلسل رہے۔ افواج پاکستان کی طرف سے کیے جانے والے عملی اقدامات کی ہم بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان کے مقتدر آباد جلسے کے خطاب کو ایک بہترین کاوش قرار دیتے ہیں لیکن عملی اقدامات اس کے برعکس نظر آتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز کیولری گراؤنڈ شیرانوالہ باغ میں اپنی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

(ن) لیگ اور پیپلز پارٹی نے لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں کیا: علی عباس بخاری

حکومت نے روٹی کی قیمت برقرار رکھنے کیلئے تنوروں کیلئے گیس کے بلوں میں اضافہ واپس لیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما علی عباس بخاری نے کہا ہے کہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں عوام کا مال لوٹنے کے سوا کچھ نہیں کیا، سابقہ حکمران عوام کی بجائے اپنے خاندانوں کی زندگیوں میں بہتری اور آسودگی کیلئے کوشاں رہے اور غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں تھا، پی ٹی آئی حکومت وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق عوام کی محرومیوں کا ازالہ کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے روٹی کی قیمت کو برقرار رکھنے کیلئے تنوروں کیلئے گیس کے بلوں میں اضافہ واپس لے لیا ہے، معیشت کے حوالے سے مثبت اشاریے حوصلہ افزاء ہیں۔ چند برسوں میں عوام کی زندگیوں میں اس کے نمایاں آثار نظر آئیں گے۔ حکومت نے ہر گز یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ہم نے ایک سال میں عوام کیلئے دودھ اور شہد کی نہریں بہا دی ہیں بلکہ سابقہ حکمرانوں کے بیڈ گورننس کو مرحلہ وار درست کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی ترجیحی بنیادوں پر فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، ایم ٹی آئی ایکٹ صحت کے شعبے میں اصلاحات کی جانب پیشرفت ہے جس سے عام آدمی کو سرکاری ہسپتالوں میں پرائیویٹ ہسپتال کی طرز پر سہولیات ملیں گی۔

لاہور برنس میں فرنٹ کی حمایت کا اعلان کرتا ہوں، چوہدری قدیر

لاہور (بزنس رپورٹر) پاکستان انجمن تاجران لاہور کے نائب صدر چوہدری قدیر نے کہا ہے کہ میں لاہور برنس مین فرنٹ کی حمایت کا اعلان کرتا ہوں کیونکہ جس طرح تاجروں نے لاہور برنس مین فرنٹ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاءاللہ کمیونٹی کی مدد اور تعاون سے کامیابی ہمارا مقدر بنے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ لاہور برنس مین فرنٹ نے ہمیشہ تاجروں کی فلاح اور ترقی کیلئے بھرپور آواز اٹھائی ہے اس خدمت کے سفر کے تسلسل کو جاری رکھیں گے

چار سالہ بچے کو اغواء کرنے کے الزام میں گرفتار ملزم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

لاہور (کورٹ رپورٹر) خاتون جوڈیشل مجسٹریٹ مرضیہ علی نے چار سالہ بچے کو اغواء کرنے کے الزام میں ملوث دو ملزموں کو چار روز کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں دے دیا ہے۔ غازی آباد پولیس نے دونوں ملزموں کو گزشتہ روز فاضل مجسٹریٹ کی عدالت میں جسمانی ریمانڈ کے لئے پیش کیا۔

مقبوضہ کشمیر پر 50 سے زائد ممالک کا اعلامیہ بھارت کے لئے آئینہ ہے: ثوبیہ کمال

لاہور (سٹاف رپورٹر) ممبر قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان ثوبیہ کمال خان نے کہا ہے کہ جنیوا میں مقبوضہ کشمیر پر 50 سے زائد ممالک کا اعلامیہ بھارت کے لئے آئینہ ہے اور کشمیر کاز سے پانچ وابستگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، بھارتی غرور و تکبر خاک میں مل رہا ہے، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں عالمی ضمیر جگانے کی ہماری مسلسل سفارتی کاوشوں کی کامیابی و کامرانی اور کشمیر کاز سے پانچ وابستگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں امن مشن کے مبصرین بھیجے: چوہدری خلیل

انسانی حقوق کونسل سے 58 ملکوں کی کشمیر پر پاکستانی موقف کی حمایت بڑی سفارتی کامیابی ہے



لاہور (بزنس رپورٹر) آل پاکستان ٹرک ٹرالر اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری خلیل نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کونسل سے 58 ملکوں کی کشمیر پر پاکستانی موقف کی حمایت بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ کرفیو اور دیگر پابندیاں ختم کی جائیں۔ دوائیں اور خوراک مہیا کی جائیں۔ کشمیر کا رابطہ دنیا بھر سے منقطع ہوئے آج 41 دن ہو چکے ہیں۔ جس کے پردہ میں نہتے کشمیریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں امن مشن کے مبصرین بھیجے۔ 80 لاکھ سے زائد کشمیریوں کی جان کو خطرہ ہے۔ کرفیو اور دیگر پابندیاں ختم کی جائیں۔ دوائیں اور خوراک مہیا کی جائیں۔ کشمیر کا رابطہ دنیا بھر سے منقطع کیا جائے۔

ریس کورس اور شفیق آباد پولیس نے مختلف مقدمات میں 6 ملزم گرفتار کئے، لاپتہ بچہ و رشتہ کے حوالے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن انعام وحید کی ہدایت پر درج مقدمات میں ملزمان کی گرفتاری اور لاپتہ بچے کی بازیابی کے حوالے سے خصوصی ہدایات پر ریس کورس اور شفیق آباد پولیس نے مجموعی طور مختلف مقدمات میں 6 ملزمان کو گرفتار جبکہ لاپتہ بچے کو تلاش کر کے ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ریس کورس کے علاقہ میں والدین کی آپسی لڑائی جھگڑوں سے دلبرداشتہ 16 سالہ غلام عباس گھر سے غائب ہو گیا جبکہ ورثا کی جانب سے اغوا کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا گیا جس پر اغوا برائے انویسٹی گیشن سب انسپکٹر تیمور عباس نے تحقیقات اور گھریلو حالات کو دیکھتے ہوئے چوبیس گھنٹوں کے اندر بچے کو تلاش کر کے ورثا کے حوالے کر دیا۔

اٹھراء میں ڈرامہ "اسیر آزادی" کا آخری روز، میاں اسلم اقبال مہمان خصوصی تھے

فنکاروں نے جس انداز میں حقائق کو عوام کے سامنے پیش کیا ہے وہ قابل تعریف ہے، اطہر علی خان

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور آرٹس کونسل اٹھراء کے زیر اہتمام کشمیریوں کی تحریک آزادی کی کہانی پر مبنی ڈرامہ "اسیر آزادی" دوسرے اور آخری روز بھی پیش کیا گیا۔ صوبائی وزیر برائے اطلاعات و ثقافت میاں محمد اسلم اقبال مہمان خصوصی تھے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر اٹھراء اطہر علی خان نے اس موقع پر کہا کہ آزادی کشمیریوں کا مقدر ہے، بھارتی بربریت کی مذمت کرتے ہیں، کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کشمیری اپنا آزادی کا حق حاصل کر کے رہیں گے، فنکاروں نے جس انداز میں حقائق کو عوام کے سامنے پیش کیا ہے وہ قابل تعریف ہے ڈرامہ میں سرفراز انصاری، ذوہیب ظہیر تاج، خدا خلک، افضال نبی، حفصہ طاہر، ذیشان حیدر، منصور، عمران اور بلال نے اپنی اداکاری کے جوہر دیکھائے۔ ڈرامہ "اسیر آزادی" کو اسلم مغل اور افضال ندیم نے لکھا جبکہ عامر نواز بدایتکار ہے۔

مریم نواز کو گھر کے کھانے پر پابندی، رابعہ فاروقی کی مذمتی قرارداد جمع

حکمران جس طرح انتقامی کارروائیاں کر رہے ہیں، رکن اسمبلی مسلم لیگ (ن)

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی رابعہ فاروقی نے مریم نواز کو جیل میں کھانے کی فراہمی پر پابندی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کرا دی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ جیلوں میں صاحب حیثیت بہت سے قیدیوں کو گھر کا کھانا پہنچانے کی قانونی اجازت موجود ہے، لیکن حکمران جس طرح انتقامی کارروائیاں کر رہے ہیں، اس سے لگتا ہے کہ اس کا مقصد کچھ اور ہے اور وہ سراسر اخلاق سے ملنے والے کھانے پر اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا اس ایوان کے معزز اراکین کی متفقہ رائے ہے کہ اس پابندی کو فی الفور ختم کیا جائے۔

صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت میاں اسلم اقبال، اٹھراء آرٹس کونسل کے زیر اہتمام آزادی کشمیر کی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ "اسیر آزادی" دیکھ رہے ہیں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اٹھراء اطہر علی خان بھی ساتھ ہیں

اپوزیشن نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں ہنگامہ آرائی کر کے کشمیر کاز کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی: عادل حفیظ

لاہور (بزنس رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر راجہ عادل حفیظ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اپوزیشن نے ہنگامہ آرائی کر کے نہ صرف کشمیر کاز کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے بلکہ اپوزیشن نے ایسا کر کے پارلیمانی آداب کی بھی نفی کی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن نے اس بات کا بھی خیال نہیں کیا کہ ملک کے صدر مملکت بھی ایوان سے خطاب کر رہے ہیں۔

کشمیری عوام سے یکجہتی اور ڈینگی لاروا کے تدارک کیلئے واک کا اہتمام

لاہور (سٹیشن رپورٹر) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کے زیر اہتمام کشمیری عوام سے یکجہتی اور ڈینگی لاروا کے تدارک کے لیے عوام الناس میں ہم آہنگی کے لیے محمد اطہر مسعود ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی سربراہی میں واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں علماء کرام اور ملازمین اوقاف نے شرکت کی۔

ن لیگ کا ہر کارکن نواز شریف اور مریم نواز کے بیانیے کے ساتھ کھڑا ہے، مرزا ارشد

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا پنجاب کے ڈپٹی ہیڈ مرزا ارشد نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کا ہر کارکن نواز شریف اور مریم نواز کے بیانیے کے ساتھ کھڑا ہے۔ لیگی کارکن پارٹی قیادت کے ہر فیصلے پر لبیک کہیں گے۔ فضل الرحمن کی حکومت ہٹاؤ تحریک کی کامیابی نواز شریف کے فیصلے سے مشکل ہے۔ آسمہ ایک دوروز میں پارٹی کا حتمی فیصلہ سامنے آنے والا ہے۔ راناثناء شاہد خاقان عباسی، خواجہ سعد رفیق کو کٹھ پتلی حکومت کا اصل چہرہ قوم کے سامنے لانے کی سزا مل رہی ہے۔

ایس ایس پی آپریشنز کا پولیس سٹیشن اسلام پورہ کا دورہ، اے ایس آئی لائن حاضر

لاک اپ، ایس ایچ او روم اور فرنٹ ڈیسک میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی چیکنگ بھی کی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز لاہور اسماعیل الرحمن کھاڑک نے پولیس سٹیشن اسلام پورہ کا اچانک دورہ کیا اور ڈیوٹی رجسٹر، آرڈر بک، اپ ڈیٹ نہ کرنے پر اے ایس آئی ارشد اور نائب محرر ریڈر کانسٹیبل نصیر کو لائن حاضر کر دیا۔ اسماعیل کھاڑک نے تھانہ کے ریکارڈ رنگ روم، فرنٹ ڈیسک، لاک اپ، عملہ کی حاضری اور مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور تھانہ میں صفائی کی ناقص صورتحال پر عملے کی سرزنش کی۔ انہوں نے لاک اپ، ایس ایچ او روم اور فرنٹ ڈیسک میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی چیکنگ بھی کی۔

ملک کی خاطر قربان ہونے والے شہدا قوم کا فخر ہیں: ڈاکٹر شاہد صدیق

پاک فوج کے جوان چوکیوں پر الرٹ، بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے رہے ہیں

وطن کی حفاظت کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں: رہنما پی ٹی آئی

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعی پنجاب کی میڈیا ٹیم کے مہر، پی ٹی آئی کے پانی رکن ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ بھارت کا اول اوی پر فائر نگ کا واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ بھارت مسلسل کنٹرول لائن کی خلاف ورزی کر رہا ہے پاک فوج کے جوان دشمن کے عزائم خاک میں ملانے کیلئے چوکیوں پر الرٹ کھڑے ہیں اور بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے رہے ہیں پاک فوج کے شہدا پوری قوم کا فخر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ آج بھی پاک فوج کی وطن کیلئے قربانیاں بے مثل اور لازوال ہیں وطن کی حفاظت کیلئے اپنے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں وزیراعظم عمران خان نے کامیاب جلسہ کر کے انڈین حکمرانوں کی نیندیں اڑا دی ہیں بھارت مسلسل کنٹرول لائن کی خلاف ورزی کر کے عالمی قوانین کا مذاق اڑا رہا ہے عالمی دنیا کشمیر میں ہونے والے مظالم کا نوٹس لے اور بھارت کو کشمیر سے کرفیو ختم کرنے پر مجبور کرے۔

فرسٹ ایڈ ڈے کے موقع پر فاؤنٹین ہاؤس میں تقریب کا انعقاد

خواجہ سرا اور سٹاف کے لیے ایک روزہ ابتدائی طبی امداد کی ٹریننگ ورکشاپ رکھی گئی

لاہور (نامہ نگار خصوصی) انسٹرکٹر فرسٹ ایڈ اے کے موقع پر فاؤنٹین ہاؤس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تحصیلات کے مطابق فاؤنٹین ہاؤس لاہور کے خواجہ سرا اور سٹاف کے لیے ایک روزہ ابتدائی طبی امداد کی ٹریننگ ورکشاپ رکھی گئی۔ جس میں ریسکیو کرنے کا طریقہ بتایا گیا اور ریسکیو آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی کر کے دکھایا گیا۔ سینئر سیفٹی انسٹرکٹر منصر علی اور سیفٹی انسٹرکٹر ایاز نے ریسکیو ٹریننگ پر تفصیلی لیکچر دیا۔ اور بتایا کہ مشکل وقت میں خود کو یا کسی دوسرے کو کیسے ریسکیو کیا جا سکتا ہے۔ ابتدائی طبی امداد کی تربیت انسان کی اپنی حفاظت کے لیے اور دوسروں کی مدد کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ جو کسی بھی حادثے کی صورت میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔

سب جانتے ہیں کہ کس نے پاکستان کو دولخت کیا: مسرت جمیمہ

پیراشوٹر قیادت کے ڈوبتی سیاسی ناؤ کو بچانے کیلئے غیر سنجیدہ بیانات قابل مذمت ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب اسمبلی کی رکن کمیٹی برائے داخلہ کی چیئرپرسن مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ سب جانتے ہیں کہ کس کے دور میں پاکستان دولخت ہوا اس لئے تاریخ کو مدنظر رکھ کر بات کی جانی چاہیے۔ پیپلز پارٹی نے سندھ کے مسائل حل کرنے کی بجائے اپنی توجہ صرف لوٹ مار اور کرپشن پر مرکوز رکھی، پیپلز پارٹی کی پیراٹروپر قیادت کی جانب سے اپنی ڈوبتی ہوئی سیاسی ناؤ کو بچانے کیلئے انتہائی غیر سنجیدہ بیانات دینا قابل مذمت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں منعقدہ سیمینار میں شرکت کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست سکڑ کر چند اضلاع تک محدود ہو گئی ہے اس لئے پیپلز پارٹی کی قیادت کی راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔ انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں سندھ میں بھی حکومت بنائیں گے۔

کمشنر کی تمام ڈپٹی کمشنرز کو انسداد ڈینگی کیلئے ہدایات جاری

ضلعی محکمے سات دن کے اندر تمام ڈینگی ہاٹ سپاٹس کی سویپنگ کے پابند ہونگے

ڈی جی نادرا کی زیر صدارت جائزہ اجلاس، زونل سربراہان کی شرکت

لاہور (سٹیشن رپورٹر) ڈی جی نادرا پنجاب لاہور ریجن کرنل (ر) سہیل محمود کی زیر صدارت ریجنل ہیڈ آفس میں ہفتہ وار اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ریجنل ہیڈ آفس لاہور کے تمام شعبہ جات سمیت زونل سربراہان نے شرکت کی۔ اس موقع پر تمام شعبہ جات اور زونل سربراہان نے سمعی و بصری معاونات کی مدد سے اپنے اپنے شعبوں و زونز کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈی جی نادرا پنجاب لاہور ریجن کرنل (ر) سہیل محمود نے ڈویژن بھر کے تمام ڈینگی کنٹرولرز کو انسداد ڈینگی کیلئے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی محکمے سات دن کے اندر تمام ڈینگی ہاٹ سپاٹس کی سویپنگ مکمل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے پابند ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز ڈارک ایجاسوں میں اداکین صوبائی و قومی اسمبلی کو بھی مدعو کریں اور ڈینگی دوروں میں بھی ان کو دعوت دیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ انسداد ڈینگی آگاہی پروگرامز ہفتہ وار کرائے جائیں کیونکہ باشعور شہریوں کے تعاون کے بغیر ڈینگی پر کنٹرول حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی اور تحصیل سطح پر ڈی سی زاور اے سی زخود جائزہ اجلاس کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی سی زاور اے سی زانسداد ڈینگی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے خود دورے کریں گے۔

آؤٹ ڈور سرویلنس کے دوران لاروا ملنے پر 41 افراد کیخلاف مقدمات درج 7 گرفتار

ہفتہ انسداد ڈینگی میں مہم پورا آپریشن چلائی جائے گی، صالحہ سعید

جہاں سے لاروا مل رہا ہے اس سے بچاؤ کی تدابیر کے بارے میں تفصیلی لیکچر دیا جاتا ہے اور اس گھر کے باہر سٹیکر بھی لگایا جا رہا ہے

ڈی سی نے اے سی سٹی سمیت سمن آباد ہسپتال کا دورہ کیا، ڈینگی مریضوں کو فراہم کی جانے والی علاج معالجہ کی صورت حال کا جائزہ لیا

لاہور (سٹیشن رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کل سے انسداد ڈینگی مہم کی مناسبت سے تشہیر کرنے اور عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے "ہفتہ انسداد ڈینگی" کے دوران بھرپور انداز میں سیمینارز، واکس اور دیگر تقریبات کا اہتمام کریں گے۔ انسداد ڈینگی مہم کے سلسلہ میں جہاں سے لاروا مل رہا ہے اس سپاٹ کے مالک، انتظامیہ کے خلاف مقدمات کا اندراج فوری طور پر کروایا جا رہا ہے جبکہ جس گھر سے لاروا مل رہا ہے اس گھر میں رہنے والے افراد کو صفائی ستھرائی اور ڈینگی سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر کے بارے میں تفصیلی لیکچر دیا جاتا ہے اور اس گھر کے باہر سٹیکر بھی لگایا جا رہا ہے۔ ڈی سی لاہور صالحہ سعید نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ لاہور نے گذشتہ روز 41 افراد کے خلاف آؤٹ ڈور سرویلنس کے دوران لاروا ملنے پر مقدمات کا اندراج کروایا جبکہ 2 مقامات کو سیل کیا گیا اور سات افراد کو حراست میں لیا گیا۔ مجموعی طور پر 41 مقدمات کا اندراج کروایا گیا و مقامات کو سیل کر دیا گیا، سات افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ صالحہ سعید نے گزشتہ روز سمن آباد ہسپتال کا دورہ کیا۔ اے سی سٹی فضل ربی پیرہ، سی او ہیلتھ شمیم کرمانی، ڈپٹی ڈائریکٹر آفیسر عمران مقبول اور دیگر بھی ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور نے ہسپتال میں انتظامات کا جائزہ لیا اور ہسپتال میں ڈینگی وارڈ کو چیک کیا اور ڈینگی مریضوں کو فراہم کی جانے والی علاج معالجہ کی صورت حال کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر صالحہ سعید سمن آباد گورنمنٹ ہسپتال میں آئے ہوئے مریضوں کو ڈینگی آگاہی پمفلٹس تقسیم کر رہی ہیں اور گھر کے باہر سرخ سٹیکر بھی چسپاں کر رہی ہیں

ڈی جی ناردا کی زیر صدارت جائزہ اجلاس، زونل سربراہان کی شرکت

لاہور (سٹیشن رپورٹر) ڈی جی نادرا پنجاب لاہور ریجن کرنل (ر) سہیل محمود کی زیر صدارت ریجنل ہیڈ آفس میں ہفتہ وار اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ریجنل ہیڈ آفس لاہور کے تمام شعبہ جات سمیت زونل سربراہان نے شرکت کی۔ اس موقع پر تمام شعبہ جات اور زونل سربراہان نے سمعی و بصری معاونات کی مدد سے اپنے اپنے شعبوں و زونز کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔

ن لیگ آج بھی نواز شریف کے بیانیے پر کھڑی ہے: تنویر نون

**شہباز شریف

روزنامہ اوصاف

صوبائی وزیر خوراک سمیع اللہ چودھری ٹیکٹ کے زیر اہتمام ہوٹل ریسٹورنٹس اور کیٹیرز کی نمائش اور کانفرنس (HORECA WORLD PAKISTAN) کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ریڈی میڈ گارمنٹس کا فکسڈ ٹیکس نظام میں تاخیر پر تحفظات کا اظہار

مذاکرات میں ڈیڈ لاک کی وجہ سے کاروبار بحران کا شکار ہو رہے ہیں، شرکا اجلاس

لاہور (خبر نگار) ریڈی میڈ گارمنٹس ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس صدر حاجی حنیف کی صدارت میں ہوا جس میں فکسڈ ٹیکس کے نئے نظام میں تاخیر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا تاجروں اور ایف بی آر کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈ لاک کی وجہ سے کاروبار بحران کا شکار ہو رہے ہیں اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ فوری طور پر فکسڈ ٹیکس کا نظام لاگو کیا جائے تاکہ تاجر اپنے گوشوارے جمع کروا سکیں تاخیر کی وجہ سے تاجروں کے علاوہ وفاقی حکومت کو بھی ٹیکس کی مد میں نقصان ہو رہا ہے اجلاس میں چوہدری مقصود احمد شہزاد وبابر ملک حماد اخلاق شیخ امجد جمال دین بٹ شیخ وقاص سیٹھ فرحان اویس شیخ داؤد بٹ اکمل بٹ سمیت متعدد تاجروں نے شرکت کی۔

امام حسینؓ نے قربانی پیش کر کے اسلام کی آبیاری کی: ذیشان پرویز

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما مرکزی انجمن تاجران کے جوائنٹ سیکرٹری میاں ذیشان پرویز شاہنی نے کہا ہے کہ سید امام حسین نے میدان کربلا میں قربانی پیش کر کے اسلام کی آبیاری کی اور قیامت تک آنے والے مسلمانوں کو درس دیا کہ جب رسول اللہ کے نظام میں کوئی نقب لگانے یا احکامات خداوند رسول کا مذاق اڑانے کی کوشش کرے تو اس کے مقابلے کے لئے میدان عمل میں نکل آنا چاہئے اور پوری قوت سے اس کے خاتمے کے لئے جدوجہد کرنی چاہئے

حافظ آباد: ہائی اثر ملزمان کا محکمہ صحت کے اہلکار پر ظالمانہ تشدد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں کھاڈک بھٹیاں میں ہائی اثر ملزمان نے پنی سے انکار کرنے پر محکمہ صحت کے اہلکار کو ظالمانہ تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے لہولہان کرنے کے بعد ادھ موا کر دیا جس کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ تحصیلات کے مطابق محمد اعظم ولد محمد انور رورل ہیلتھ بیک احمد یار میں ملازم تھا۔ صبح جب وہ ڈیوٹی پر جانے لگا تو گاؤں کے ہائی اثر چوہدری معظم علی ولد رحمت علی تارڑ نے اسے اپنے بیٹے کے ولیمہ پر پنی کرنے کے لئے بلایا جس پر محمد اعظم نے کہا کہ اسکا ڈیوٹی پر جانے کا ٹائم ہو گیا ہے اور وہ اسوقت پنی نہیں کر سکتا۔ اس پر مشتعل ہو گیا۔

نکانہ صاحب: رات کے وقت سوئی گیس کی بندش، لوگ شدید پریشان

نکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محرم الحرام کے دنوں میں رات کے وقت سوئی گیس کی بندش، لوگ شدید پریشان۔ تحصیلات کے مطابق نویں اور دسویں محرم الحرام کے دوران بھی محکمہ سوئی گیس نے گیس بند رکھی جس کے باعث روزہ داروں کو روزہ رکھنے، مذہبی تنظیموں اور لوگوں کو لنگر تیار کرنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ صارفین نے وزیر اعظم عمران خان اور اعلیٰ حکام سے محکمہ سوئی گیس کے اعلیٰ افسران کی نااہلی کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

حافظ آباد: گورنمنٹ ہائی سکول مدینہ کالونی میں کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر عباس ذوالقرنین، ڈی ای او شوکت علی شاہد اور پرنسپل سید محمد مکبر خطاب کر رہے ہیں

آئی ٹی سی این ایشیاء 2019 نمائش کا آغاز 17 ستمبر سے ہوگا

نمائش میں 550 ملکی اور 23 سے زائد ممالک کی 250 بین الاقوامی کمپنیاں شریک ہو رہی ہیں

توقع ہے کہ اس سہ روزہ نمائش میں 55 ہزار سے زائد افراد شریک ہوں گے

لاہور (بزنس رپورٹر) پاکستان میں 17 ستمبر سے شروع ہونے والی تین روزہ انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور ٹیلی کمیونیکیشن نمائش و کانفرنس کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہیں۔ اس نمائش میں ملکی کمپنیوں کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر کام کرنے والی معروف کمپنیاں بھی اپنی جدید ترین سہولیات اور خدمات عوام کے سامنے پیش کریں گی اور عوام ایک ہی مقام پر وسیع اقسام کی جدت انگیز ٹیکنالوجی سے روشناس ہو سکیں گے۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ اس نمائش میں ٹیکنالوجی کمپنیوں کو آپس میں اشتراک کا موقع ملے گا جس سے دونوں اداروں کو فائدہ پہنچے گا۔ اس نمائش کا انعقاد ملکی سطح پر نمائشوں کا انعقاد کرنے والے سب سے بڑے ادارے ای کامرس گیٹ وے پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی جانب سے کیا گیا ہے۔ نمائش ایکسپو سینٹر کے 6 ہالز کے 15 ہزار اسکوائر میٹر رقبے میں منعقد ہو رہی ہے جس میں 550 سے زائد ملکی کمپنیاں اور 23 سے زائد ممالک کی 250 بین الاقوامی کمپنیاں اپنی مصنوعات نمائش کے لئے پیش کریں گی۔ توقع ہے کہ اس سہ روزہ نمائش میں 55 ہزار سے زائد افراد شریک ہوں گے۔

ملک اسد کھوکھر کو وزیر بنانے پر وزیر اعظم اور وزیر اعلیٰ پنجاب کا شکریہ: خالد بھٹی

اچھا فیصلہ اور احسن اقدام، رائیونڈ اور اہل علاقہ کی عوام کے دل جیت لیے ہیں

اسد کھوکھر پی ٹی آئی کی حکومت کے لیئے کسی سرمایہ سے کم نہیں ہیں، رہنما تحریک انصاف

اور اپنے حلقے کی عوام کی خدمت کریں گے اور حکومت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

لاہور (نامہ نگار) رائیونڈ کی سیاسی سماجی شخصیت اور سینئر رہنما پی ٹی آئی خالد محمود بھٹی نے اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر بلدیات ملک اسد کھوکھر کو صوبائی وزیر بلدیات کا حلف اٹھانے پر ان کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد دی ہے اور انہوں نے وزیر اعظم پاکستان عمران خان اور وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا اچھا فیصلہ اور احسن اقدام ہے انہوں نے رائیونڈ اور اہل علاقہ کی عوام کے دل جیت لیے ہیں ملک اسد کھوکھر ایک محنتی سیاست دان کے ساتھ ساتھ پی ٹی آئی کی حکومت کے لیئے کسی سرمایہ سے کم نہیں ہیں۔ خالد بھٹی کا یہ بھی کہنا ہے کہ ملک اسد کھوکھر پہلے سے بھی زیادہ اب رائیونڈ

پریس کلب قصور کی اعزازی ممبرشپ باعث فخر ہے: ڈاکٹر ریاض انجم

صحافیوں کے حقوق اور ان کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد میں شامل رہوں گا

قصور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کی اعزازی ممبرشپ میرے لیے باعث فخر ہے۔اس پلیٹ فارم سے صحافیوں کے حقوق اور ان کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد میں شامل رہوں گا۔ ان خیالات کا اظہار 18 سے زائد تاریخ ادب کی کتب کے رائٹر پائے قصور ڈاکٹر محمد ریاض انجم نے ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور میں صدر سردار شریف سوہل سے ممبرشپ کارڈ وصول کرنے کی تقریب کے دوران کیا۔ اس موقع پر میاں وقاص انصاری، ندیم اقبال بھٹی، محمد شفیق بھٹی اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی اور لکھاری ایک ہی طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور اپنی تحریروں اور خبروں کی اشاعت کے ذریعے عوامی مسائل اجاگر کر کے عوامی خدمت کا عظیم کام سرانجام دے رہے ہیں۔ میرا ذاتی طور پر زیادہ تر تعلق بھی صحافی برادری سے رہا ہے اور ان میں کئی نامور رائٹرز اور دانشور شامل ہیں جن کی صحبت میں بیٹھ کر مجھے بہت کچھ سیکھنے کا بھی موقع ملا ہے۔ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کیلئے صحافتی تنظیمیں اپنا اپنا کردار ادا کر رہی ہیں مگر المیہ کہ ان کیلئے حکومتی سطح پر ابھی تک وہ اقدامات نہیں اٹھائے جا سکے جن سے صحافیوں کے مسائل حل میں مدد ملے۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور کی اعزازی ممبرشپ کا کارڈ صدر سردار محمد شریف سوہل سے وصول کرنا باعث مسرت اور اتحاد کی خوشی کا موقع ہے کہ میں ضلع قصور کی سب سے بڑی صحافتی تنظیم کا حصہ بنا ہوں۔ انشاء اللہ میں کوشش کروں گا کہ صحافیوں کی اپنے حقوق اور مسائل کے حل کیلئے کی جانیوالی کوششوں کا حصہ بنوں، اپنی خدمات اور صلاحیتیں بھرپور طریقے سے بروئے کار لاؤں گا۔

بھارت کا جنون جلد خاک میں مل جائے گا، شاہ رخ جمال بٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما شاہ رخ جمال بٹ نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ بھارت کا جنون جلد خاک میں مل جائے گا، ہم اپنی فوج سے مل کر بھارت کو اس کی اوقات یاد دلا دیں گے۔ کشمیر ہم لیکر رہیں گے بھارت کو معلوم ہونا چاہئے کہ پاکستان فوج اور قوم کا بچہ بچہ جذبہ جہاد و شہادت سے سرشار ہے۔ پاک فوج کی قربانیاں لازوال ہیں جو تمام پاکستیوں سے لکھا جائے گا۔

پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ڈینگی کے تدارک کیلئے سپرے، صفائی کے انتظامات بہتر بنانے کی ہدایت

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ لاہور میں ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید کرار حسین کی زیر نگرانی عالیہ مومی تدبیری کی ڈینگی وائرس کے تدارک کیلئے ڈینگی سپرے کروایا گیا۔ سپرے ٹریکس، دفاتر، گراؤنڈ، باتھ روم اور لیٹرین ہوسٹل میں کروایا گیا۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز سید کرار حسین نے پولیس لائنز میں صفائی کے انتظامات کو دیکھتے ہوئے متعلقہ افسران و جوانوں کو صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ کرار حسین نے کہا کہ ڈینگی سپرے کا مقصد پولیس افسران و جوانوں کو ڈینگی وائرس سے محفوظ رکھنا ہے۔

کینٹ ڈویژن پولیس نے گزشتہ ہفتے مختلف جرائم میں ملوث 77 ملزم گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) کینٹ ڈویژن پولیس نے اشتہاری و سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گذشتہ ہفتہ کے دوران مختلف جرائم میں ملوث 77 ملزمان گرفتار کر لیئے۔ اسلحہ کے خلاف کارروائی کے دوران 8 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضہ سے 5 عدد پستول، 3 رائفلز اور گولیاں برآمد کی گئیں۔

پھلکھی: چوکی فیروز وٹواں کے انچارج نے منشیات فروشوں کو رشوت لیکر چھوڑ دیا

پھلکھی (نامہ نگار) تھانہ پھلکھی کی چوکی فیروز وٹواں کے انچارج نے دیگر نفری کے ہمراہ ریڈ کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش کو بھاری مقدار میں چرس سمیت گرفتار کرنے کے بعد رات گئے مبینہ طور پر ملزمان سے ساز باز کر کے بھاری رقم بطور رشوت وصول کرتے ہوئے بغیر کاروائی کے آزاد کر دیا گیا بدنام زمانہ منشیات فروش کی رہائی پر لوگوں میں تشویش اور غصہ پایا جا رہا ہے ذرائع کے مطابق مجرم کی اطلاع پر چوکی انچارج سبیح اللہ نے دیگر ملازمین کے ہمراہ ریڈ کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش پھولو پولی کو بھاری مقدار چرس سمیت گرفتار کیا جس کی گرفتاری کے بعد بااثر شخصیات حرکت میں آگئیں جنہوں نے ملزم مذکورہ کی رہائی کے لئے پولیس کو بھاری رقم کی آفر دینا شروع دیں آخر رات گئے چوکی انچارج نے لاکھوں روپے وصول کر کے ملزم: پھولو پولی: کو رہا کر دیا۔

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں وسیع پیمانے پر افسران کے تبادلے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایم ڈی ایل ڈبلیو ایم سی کی خصوصی ہدایت پر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں وسیع پیمانے پر افسران کے تبادلے کیے گئے۔ ان تبادلوں کا مقصد کمپنی کی کارکردگی اور انتظامی امور کو مزید بہتر بنانا ہے۔ تبدیل ہونے والے افسران میں سینئر مینیجر آپریشن مینیجر آپریشن ایاز مظہر، مینیجر آپریشن آصف بٹ، مینیجر آپریشن حسان خالد، مینیجر آپریشن یاسر گل، مینیجر آپریشن رانا فیصل، مینیجر آپریشن فوزیہ محمود، مینیجر آپریشن مرتضیٰ چوہدری، اسسٹنٹ مینیجر آپریشن سعد طلال، مینیجر ایڈمن انس منور، ڈپٹی مینیجر آپریشن مریم سلیم، مینیجر ای آر انجینئل واصد چوہدری، اور مینیجر آپریشن محمد منیب الرحمن شامل ہیں۔ سینئر مینیجر آپریشن عدیل پرویز کو زون 1 ایسٹ اک سے زون 2 اوز پاک، سینئر مینیجر آپریشن ایاز مظہر کو زون 2 اوز پاک سے زون 1 ایسٹ اک، مینیجر آپریشن آصف بٹ کو زون 3,2 راوی لان 6,5,4 سمن آباد لان سے زون 13,22,24, 27 ، 25,23 ، مینیجر آپریشن حسان خالد کو زون 12,11 گلبرگ لان اور 27,24 نسٹر لان سے زون 10,9,8 عزیز بھٹی لان اور 11 گلبرگ لان مینیجر آپریشن یاسر گل کو زون 17,14 داتا گنج بخش ٹاؤن سے زون 12 گلبرگ ٹاؤن 27,24 نسٹر لان اور ٹرانسفر سٹیشن مینیجر آپریشن رانا فیصل کو زون 13,22,23,24,25,27 سے زون 18,19,20,21 مینیجر آپریشن فوزیہ محمود کو میٹرو بس سروس لاہور سے زون 1,15,16 راوی ٹاؤن میں بطور ڈپٹی مینیجر آپریشن مرتضیٰ چوہدری کو زون 1 15,16,18,19,20,21 سے زون 6,7 واپڈا ٹاؤن اور 4,5,6 سمن آباد ٹاؤن، اسسٹنٹ مینیجر آپریشن سعد طلال کو زون 3,14 سے زون 2,3 میں بطور ڈپٹی مینیجر آپریشن مریم سلیم کو زون 17 سے زون 14,17 اور مینیجر ایڈمن انس منور کو مینیجر ایڈمن سے میٹرو بس سروسز لاہور اور رنگ روڈ ٹرانسفر کیا گیا۔ مزید براں مینیجر ای آر انجینئل واصد چوہدری کو مینیجر ای آر سے سینئر مینیجر انفورسمنٹ بنا دیا گیا اور مینیجر آپریشن محمد منیب الرحمن کو مینیجر آپریشن سے مینیجر ایڈمن اور مینیجر ای آر کے عہدے پر تبدیل کیا گیا۔

سی سی پی او کا مزنگ تھانے کا اچانک دورہ، حوالات کا معائنہ کیا

ایک ماہ کے اندر تھانے کے معاملات درست کئے جائیں: بی اے ناصر

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بی اے ناصر نے تھانہ مزنگ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے حوالات، ایس ایچ او آفس اور باتھ روم کا معائنہ کیا۔ انہوں نے باتھ روم کی صفائی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ایس پی سول لائنز کیپٹن (ر) دوست محمد نے سی پی او کو تھانے اور ڈویژن کے معاملات کے بارے میں بریفنگ دی۔ سربراہ لاہور پولیس نے ڈی آئی جی آپریشنز اور ایس پی سول لائنز کو ہدایت کی کہ ایک ماہ کے اندر تھانے کے معاملات درست کئے جائیں۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک کے دورے میں وہاں موجود شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ تھانے میں موجود آپریٹرز اور انویسٹی گیشن سٹاف سے خطاب میں انہوں نے تحقی سے ہدایت کی کہ کرپشن اور ملزموں پر تشدد کی کوئی شکایت نہیں آنی چاہئے۔ غیر قانونی حراست پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی کیلئے انٹرمیڈیٹ کلاس کورس کا شیڈول جاری

پولیس ٹریننگ کالج لاہور، پولیس ٹریننگ کالج سہالہ اور پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں کورس شروع ہوگا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل سے اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی کے لئے انٹرمیڈیٹ کلاس کورس کا شیڈول جاری کر دیا، 23 ستمبر سے شروع ہونے والے کورس کیلئے اے آئی جی ٹریننگ کیپٹن ریٹائرڈ رانا طاہر رحمان نے مراسلہ جاری کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی پی اپنے پنجاب سی پی او لاہور تمام آر پی اوز کو مراسلے کی کاپی بھجوا دی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل سے ترقی کیلئے تھانہ کورس کا شیڈول جاری کرنے کے بعد پنجاب کے تین کالجز پولیس ٹریننگ کالج لاہور، پولیس ٹریننگ کالج سہالہ اور پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں کورس شروع کروایا جائے گا جس میں انٹرمیڈیٹ کورس میں شرکت کرنے والے اہلکاروں کی عمر 50 سال مقرر کی گئی ہے جبکہ اہل امیدواروں کو 22 ستمبر تک کالجز میں رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

قصور: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر فرزند ابتدائی طبی امداد کے عالمی دن کے موقع پر طلبا کو آگاہی دیتے ہوئے

سی سی پی او کا مزنگ تھانے کا اچانک دورہ، حوالات کا معائنہ کیا

ایک ماہ کے اندر تھانے کے معاملات درست کئے جائیں: بی اے ناصر

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بی اے ناصر نے تھانہ مزنگ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے حوالات، ایس ایچ او آفس اور باتھ روم کا معائنہ کیا۔ انہوں نے باتھ روم کی صفائی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ایس پی سول لائنز کیپٹن (ر) دوست محمد نے سی پی او کو تھانے اور ڈویژن کے معاملات کے بارے میں بریفنگ دی۔ سربراہ لاہور پولیس نے ڈی آئی جی آپریشنز اور ایس پی سول لائنز کو ہدایت کی کہ ایک ماہ کے اندر تھانے کے معاملات درست کئے جائیں۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک کے دورے میں وہاں موجود شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ تھانے میں موجود آپریٹرز اور انویسٹی گیشن سٹاف سے خطاب میں انہوں نے تحقی سے ہدایت کی کہ کرپشن اور ملزموں پر تشدد کی کوئی شکایت نہیں آنی چاہئے۔ غیر قانونی حراست پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی کیلئے انٹرمیڈیٹ کلاس کورس کا شیڈول جاری

پولیس ٹریننگ کالج لاہور، پولیس ٹریننگ کالج سہالہ اور پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں کورس شروع ہوگا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل سے اے ایس آئی کے عہدے پر ترقی کے لئے انٹرمیڈیٹ کلاس کورس کا شیڈول جاری کر دیا، 23 ستمبر سے شروع ہونے والے کورس کیلئے اے آئی جی ٹریننگ کیپٹن ریٹائرڈ رانا طاہر رحمان نے مراسلہ جاری کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی پی اپنے پنجاب سی پی او لاہور تمام آر پی اوز کو مراسلے کی کاپی بھجوا دی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل سے ترقی کیلئے تھانہ کورس کا شیڈول جاری کرنے کے بعد پنجاب کے تین کالجز پولیس ٹریننگ کالج لاہور، پولیس ٹریننگ کالج سہالہ اور پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں کورس شروع کروایا جائے گا جس میں انٹرمیڈیٹ کورس میں شرکت کرنے والے اہلکاروں کی عمر 50 سال مقرر کی گئی ہے جبکہ اہل امیدواروں کو 22 ستمبر تک کالجز میں رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

قصور: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر فرزند ابتدائی طبی امداد کے عالمی دن کے موقع پر طلبا کو آگاہی دیتے ہوئے

قصور: گردونواح میں متعدد افراد کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا

مزاحمت کرنے پر چار افراد کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا گیا

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قصور کے گردونواح میں متعدد افراد کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا گیا۔ جبکہ مزاحمت کرنے پر چار افراد کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا گیا۔ تحصیلات کے مطابق ایک شناخت کے گھر داخل ہوئے اور گن پوائنٹ پر ستر ہزار روپے کی نقدی اور دو موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا جبکہ مذاحمت کرنے پر اس کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔ کھڑیاں کے نواح ڈھنگ شاہ کے نزدیک دو ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل سوار ریاض اور اسلم کو لوٹنے کی غرض سے روکنے کی کوشش کی اور ان کے نہ رکنے پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔

بورنگ فیس

سے ٹنکی تک بورنگ پر بھی ماہانہ فل عائد کر دیے گئے ہیں۔ گھریلو صارفین پر ایک کنال سے زائد کے پلاٹ پر ٹنکا لگے بور پر 200 روپے ماہانہ جبکہ ایک کنال تک کے پلاٹ، مساجد، دینی مقامات اور رفاہی مقاصد کے لیے ٹنکا لگے بور پر ماہانہ 100 روپے فل عائد ہوگا۔ کمرشل صارفین پر 16 انچ سے زائد قطر کی بورنگ پر 1000 روپے ماہانہ جبکہ 16 انچ تک کی بورنگ پر 800 روپے ماہانہ فل وصول کیے جائینگے۔ کمرشل بورنگ لگانے کے لیے این او سی کے چارجز 10 ہزار جبکہ گھریلو این او سی کی فیس 2 ہزار روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ بورنگ پر کلپس لگائے جانے کے فیصلے پر عوامی سطح پر خاصا ردعمل پایا جاتا ہے اور عوام نے اس کو حکومت کی عوام دشمن پالیسی قرار دیا ہے۔

نظرت کا اظہار

بورڈ پر سیاہی مل کر اپنی گری ہوئی ذہنیت کا ثبوت دے ڈالا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹی وی شو کے بارہ روڈ کے بھی سائن بورڈ پر اب سیاہی پھیر دی گئی ہے۔ یہ کارروائی ہندو قوم انتہا پسند رکھنے والی انتہا پسند تنظیم ہندو سینا کی بتائی جا رہی ہے جس نے تاریکی میں باہر روڈ کے ان سائن بورڈ کو کالا کر دیا۔ ہندو انتہا پسندوں کی کارروائیوں اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ مسلمانوں کا وجود ان کے مقامات کے ساتھ ساتھ اب ان کے نام سے جڑی ہر چیز بھارت میں قابل قبول نہیں رہی۔

فلپائنی صدر

احتیاط سے کام لیتے ہوئے راتوں اور بدھ خان الصر کو گولی مار کر زخمی کرنا ہے کیونکہ اس کی ہلاکت کی صورت میں پھانسی قوانین مجھے اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ میں قتل کرنے والے کو معاف کر دوں۔ انہوں نے کہا کہ

طلب

دی تھی تاہم آخری لمحات میں انہوں نے طالبان کے ایک حملے میں ایک امریکی فوجی سمیت 12 افراد کی ہلاکت پر یہ مذاکرات منسوخ کر دیے تھے۔ چنانچہ کانگریس کی جانب سے امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد کو پیچھے کیے گئے طلبی کے نوٹس انہیں 19 ستمبر کو خطاب کرنے کے اعلان تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکمل مسائل کا حل جمہوریت کی مضبوطی میں ہے امن، استحکام اور ترقی کے لیے جمہوریت ناگزیر ہے

مراد علی شاہ

جیلبانی کی قبر پر جا کر فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما رئیس امان اللہ شاہانی، ڈپٹی کمشنر جاسشور کیپٹن ریٹائرڈ فرید الدین مصطفیٰ، ایس ایس پی جاسشور وقیع نعیم اور دیگر بھی موجود تھے

ڈرونز حملے

اور میڈیا کو نقصان پہنچانے پر افسوس ہے۔ کمرشل سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنے والوں کو ظرف انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ترجمان دفتر خارجہ ڈاکٹر محمد فیصل کا کہنا تھا کہ پاکستان پرامید ہے کہ ایسے حملے دوبارہ نہیں ہونگے، اسلام آباد اپنے سعودی بھائیوں کے ساتھ دہشتگردی کا اظہار کرتا ہے۔

اسفندیار ولی

، جو آج بھی موجود ہیں، انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل اور جمہوریت کی بالادستی تنظیمی بنانے کیلئے نمائندہ سیاسی قوتوں کو مل بیٹھ کر ایک لائحہ عمل تشکیل دینا ہوگا اور ملک میں سیاسی استحکام لانے کیلئے ان جمہوری جماعتوں کو جدوجہد کرنا ہوگی، کیونکہ ملک کی معیشت اور بقا سیاسی استحکام کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، انہوں نے کہا جمہوریت لوگوں کے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی نظام کے تحفین کیلئے آزادانہ رائے پر مقصر ایک عالمی نظام ہے جو ریاستی اداروں کو مضبوط کرکے اس قابل بناتا ہے کہ یہ خود کار طریقے سے عوام کو بہترین خدمات فراہم کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مکمل مسائل کا حل جمہوریت کی مضبوطی میں ہے امن، استحکام اور ترقی کے لیے جمہوریت ناگزیر ہے

محمد علی شاہ

جیلبانی کی قبر پر جا کر فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما رئیس امان اللہ شاہانی، ڈپٹی کمشنر جاسشور کیپٹن ریٹائرڈ فرید الدین مصطفیٰ، ایس ایس پی جاسشور وقیع نعیم اور دیگر بھی موجود تھے

ڈرونز حملے

اور میڈیا کو نقصان پہنچانے پر افسوس ہے۔ کمرشل سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنے والوں کو ظرف انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ترجمان دفتر خارجہ ڈاکٹر محمد فیصل کا کہنا تھا کہ پاکستان پرامید ہے کہ ایسے حملے دوبارہ نہیں ہونگے، اسلام آباد اپنے سعودی بھائیوں کے ساتھ دہشتگردی کا اظہار کرتا ہے۔

اسفندیار ولی

، جو آج بھی موجود ہیں، انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل اور جمہوریت کی بالادستی تنظیمی بنانے کیلئے نمائندہ سیاسی قوتوں کو مل بیٹھ کر ایک لائحہ عمل تشکیل دینا ہوگا اور ملک میں سیاسی استحکام لانے کیلئے ان جمہوری جماعتوں کو جدوجہد کرنا ہوگی، کیونکہ ملک کی معیشت اور بقا سیاسی استحکام کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، انہوں نے کہا جمہوریت لوگوں کے سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی نظام کے تحفین کیلئے آزادانہ رائے پر مقصر ایک عالمی نظام ہے جو ریاستی اداروں کو مضبوط کرکے اس قابل بناتا ہے کہ یہ خود کار طریقے سے عوام کو بہترین خدمات فراہم کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مکمل مسائل کا حل جمہوریت کی مضبوطی میں ہے امن، استحکام اور ترقی کے لیے جمہوریت ناگزیر ہے

1 ایوارڈ خط

میں یہ درخواست کی گئی ہے۔ اپنے خط میں انہوں نے لکھا ہے کہ بھارت میں انسانی حقوق اور جمہوریت کو مستقل خطرہ لاحق ہے کیونکہ وہاں مسلمانوں اور عیسائیوں سمیت دیگر اقلیتوں پر حملے کیے جا رہے ہیں۔ خط کے مطابق نریندر مودی کی قیادت میں بھارت ایک خطرناک اور پرتشدد ملک بن چکا ہے لہذا نوبل فاؤنڈیشن کی جانب سے ان کو ایوارڈ دیے جانے کا اعلان تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سپریم کورٹ بھی تشویش کا اظہار کر چکی ہے۔ واضح رہے کہ مل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کی جانب سے ہندوستان کے تنازعہ وزیر اعظم کو رواں ماہ کے آخر میں ایوارڈ سے نوازے جانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ بیا یوارڈ انہیں اپنے ملک میں صفائی ستھرائی کا نظام کو بہتر بنانے کی کاوشوں کے اعتراف میں دیا جا رہا ہے۔ اعلان کے بعد مل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کو وکلا، انسانی حقوق کے کارکنان اور مختلف حلقوں کی جانب سے کڑی تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس کے علاوہ تقریباً ایک لاکھ شخصوں کے ساتھ دائر کردہ درخواست میں انسانی حقوق کے برے ریکارڈ پر خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے اس فیصلے کو واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

2 ملالہ یوسف زئی

کشمیر کی صورتحال پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں کہا ہے کہ کشمیر میں بچوں سمیت 4 ہزار افراد کو گرفتار کر کے قید کرنے کی رپورٹس پر تشویش ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ 40 دن سے مقبوضہ کشمیر میں بچے اسکول نہیں جا رہے، بچیاں گھر سے نہیں نکل پا رہی ہیں۔ ملالہ یوسف زئی کا یہ بھی کہنا ہے کہ عالمی رہنما کشمیر میں امن کے لیے کام کریں، کشمیریوں کی آواز سنیں اور کشمیری بچوں کا اسکول جانا یقینی بنائیں

3 افغان طالبان

ٹوئٹر ہینڈل پر ایک اکاؤنٹ میں کہا ہے کہ طالبان امریکہ سے مذاکرات جاری رکھنا چاہتے تھے لیکن اگر یہ مذاکرات نتیجہ خیز ثابت نہ ہوئے تو ہمارے جنگجو 100 سال لڑنے کیلئے بھی تیار ہیں۔ جبکہ دوسری طرف امریکی کانگریس کمیٹی برائے امور خارجہ نے امریکی حکومت کے نمائندہ خصوصی برائے افغان مفاہمتی عمل زلمے خلیل زاد کو امریکا افغان مذاکرات کی ناکامی پر وضاحت دینے کیلئے طلب کرلیا۔ طلبی کے حکم نامے پر دستخط کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرمن براڈ شیل (مڈل آئی لینڈ) نے کہا کہ اس عمل اور اس طویل جنگ کو ختم کرنے کے معاملے پر حکومت کی جانب سے امریکی عوام اور کانگریس کو اندھیرے میں رکھنے پر ہمیں اس حکومت سے تنگ آ گیا ہوں۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق روا

1 نیا قانون

سال تک لاسے ہیں، بے نامی جائیدادوں سے متعلق دو مل بورا بیکٹ لاسے ہیں، خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے قانون سازی کررہے ہیں، مفادات کے ٹکراؤ سے متعلق بھی قانون لایا جارہا ہے، لیگل ایڈ اینڈ جسٹس اتھارٹی آرڈیننس بھی لارہے ہیں، جوڈیشل اور جرمانہ اداکیس کرسکتا اس کیلئے بھی قوانین لارہے ہیں جبکہ معاون خصوصی اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ پاکستان کے قومی معاملات میں سب متفق ہیں، عوام کو بنیادی حقوق کی فراہمی کیلئے میڈیا اور تمام قوانین کے مطابق تبدیلی لائی جارہی ہے، معاشرہ اپجوکیشن کے بغیر مکمل نہیں ہوتا، اپجوکیشن کشمیر کے معاملے میں اپنے کردار کو بھارتی میڈیا کی نظر سے دیکھے کہ ان کا کردار اور بیان کس طرح کشمیر کاز اور قومی بیانیہ کو نقصان پہنچا رہا ہے، کشمیری پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں قوم کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ وزیر قانون فروغ نسیم نے اس موقع پر کہا کہ اور سیز پاکستانیوں کیلئے نیا قانون لایا جارہا ہے، کراچی کو سندھ سے الگ نہیں ہونے دیں گے، غریب پاکستانی کی سہولت کیلئے قوانین کو تبدیل کیا جارہا ہے، بے نامی لین دین کے قوانین کو بہتر کیا جارہا ہے، تارکین وطن کی جائیدادوں سے متعلق قوانین لارہے ہیں، کہا جارہا ہے کہ کرپشن کے خلاف کوسوشیس فرام کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سستا انصاف فراہم کرنیکا وعدہ کیا تھا قوانین بنانے میں اسٹیک ہولڈرز سے بھی بات چیت ہوئی 50 کروڑ کرپشن کیس کے ملزم کوہی کاس ملے گی ماضی کے قوانین میں موجود سقم کو دور کیا جارہا ہے، صوبوں کو بھی قوانین میں بہتری کیلئے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے دیوانی مقدمات کی طوالت کم کرکے ڈیڑھ سال تک لارہے ہیں، بے نامی جائیدادوں سے متعلق دو مل بورا بیکٹ لارہے ہیں، دو مل بورا بیکٹ کا مقصد کالا دھن سفید کرنے والوں کا احتساب ہے، ایگریکلچر ٹیکس کے قانون کیساتھ لارہے ہیں، ایگریکلچر ٹیکس کیلئے صوبوں کو بااختیار بنانے کا اور یہ کسی بھی طریقے سے ایسا معاملہ نہیں ہے متنازع سمجھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے میں سب کو یہ مشورہ دوں گا کہ آئین کا آرٹیکل 149 (4) کو پڑھیں، اس میں ایسا کچھ متنازع نہیں سوائے بلدیاتی حکومت کو بااختیار بنانے کے سوا اور اس طریقہ کار کی تفصیل آرٹیکل 140 اے کے ساتھ ہے۔ انہوں کہا کہ یہ آرٹیکل صرف کراچی کے لیے نہیں ہوگا، اگر وفاقی کی جانب سے بنائی گئی سفارشات کامیاب ہوتی ہیں تو اس سے سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے دیگر شہروں کے لیے راستہ روشن ہوگا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ آرٹیکل 149 (4) کی منشا حکومت بااختیار ہوتی ہے تو اس سے نہ تو پی ٹی آئی کا فائدہ ہے اور نہ ہی ایم کیو ایم کو اس سے فائدہ پہنچے گا، یہ ان کی اپنی بلدیاتی حکومت کے لیے فائدے مند ہے جو وہاں موجود ہے اور میں ان کے لیے کیس لڑ رہا ہوں۔ وفاقی وزیر قانون نے یہ بھی واضح کیا کہ آرٹیکل 149 کے نفاذ کا مطلب کراچی اور سندھ کے درمیان کوئی تقسیم پیدا کرنا نہیں۔ اس موقع پر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فروغ نسیم نے کہا کہ ہم خود یہ کہتے ہیں کہ کراچی کو سندھ سے الگ ہونے نہیں دیں گے۔ سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ سے متعلق سوال کے جواب میں ان کا کہنا کہ ناصر حسین شاہ اب شرکت کریں جب انہیں کمیٹی میں شامل کیا جائے۔

2 وزیراعظم

ٹیٹ میں اضافہ اور فحش کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا نوٹس لیتے ہوئے انہیں نے کہا کہ جب سے تحریک انصاف کی حکومت آئی ہے کبھی 18 ویں آئینی ترمیم پر حملے کررہی ہے تو کبھی گورنر راج لگانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ہماری حکومت کرانے کی بات کرتی ہے تو کبھی ہمارے لوگوں کو توڑنے کی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اب حکومت اس انتہا پر آچکی ہے کہ وفاق کی جانب سے کراچی پر قبضے کی بات کی جارہی ہے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے پرزور طریقے سے کراچی پر وفاقی قبضے کی کوششوں کو مسترد کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی پر وفاق کے قبضے کی کوششیں نہ صرف غیر آئینی وغیر قانونی ہیں بلکہ عوام کی خواہشات کے بھی برعکس ہیں۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ جب غیر آئینی اقدامات ہوں گے عوام پر ظلم ہوگا تو وفاق کو نقصان ہوسکتا ہے، وہ قوتیں جو سسٹیمیٹک ناانصافی اور بے جا ظلم کو سپورٹ کررہے ہیں، ان کو ہوش کے ناخن لینے چاہئے، انہوں نے کہا کہ جب گریٹر ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) ہمارے خلاف مل کر الیکشن لڑ رہے تھے تو انہوں نے اس وقت کراچی کو الگ کرنے کی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جی ڈی اے کے ذمہ داروں نے کراچی کو الگ کرنے کی بات پر کہا تھا کہ انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور اب وفاق کی جانب سے کراچی پر قبضہ کرنے کی بات زیادہ خطرناک ہے۔

3 ویڈیو سکینڈل کیس

لاہور ہائیکورٹ نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم نواز شریف کے کیس کی سماعت کرنیوالے احتساب عدالت نمبر ایک جج ارشد ملک کو ایون فیلڈ ریفرنس کیس کے بعد ہائیکورٹ کی منظوری سے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی ہدایت پر جسٹس ارشد ملک چھٹی کے دن بھی عدالت لگا کر فیصلہ سنایا تھا۔ جسٹس ارشد ملک کو ایون فیلڈ ریفرنس کیس کا فیصلہ سنانے کے بعد ہی ہائیکورٹ کی منظوری سے ویڈیو سکینڈل کے بعد عہدے سے ہٹایا گیا تھا۔

4 پیمنٹی انٹرنیشنل

معیشت کو پہنچے 120 کروڑ کا نقصان ہورہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی حکومت کی بربریت کے خلاف سری نگر، بارہ مولا، بانڈی پورہ، کپواڑہ، پلوامہ اور شوپیاں سمیت دیگر علاقوں میں مظاہرے جاری ہیں۔ 41 روز سے کرفیو اور پابندیوں کے باعث مقبوضہ وادی میں نظام زندگی مفلوج ہے، تعلیمی ادارے، دکانیں، کاروباری مراکز بند ہیں جب کہ سڑکوں سے ٹریفک اب بھی معطل ہے۔ ان سب کے علاوہ انٹرنیٹ، موبائل فون اور لینڈ لائن سروس بھی تاحال بند ہے جب کہ حریت راہنما سید علی گیلانی سمیت 11 ہزار کشمیری گرفتار ہیں۔ کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ سنرز کے مطابق مقبوضہ وادی میں لاک ڈاؤن سے یومیہ 100 سے 120 کروڑ روپے تک کا نقصان ہورہا ہے۔ دریں اثناء پیمنٹی انٹرنیشنل نے مقبوضہ کشمیر میں جاری لاک ڈاؤن ختم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ایک ویڈیو بھی جاری کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کشمیریوں کو بولنے دو، بلیک آؤٹ ختم کیا جائے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انسانی حقوق کی عالمی تنظیم نے ٹویٹر پر اپنے اکاؤنٹ سے ویڈیو جاری کی ہے، ویڈیو میں کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق ویڈیو کے کیپشن میں لکھا گیا کہ دنیا کے سب سے بڑے عقوبتی زون میں 40 دن سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود 80 لاکھ افراد محصور ہیں۔ ویڈیو میں پیمنٹی انٹرنیشنل نے بھارت کو پیغام دیا ہے کہ مقبوضہ وادی میں انسانی جانوں کی قیمت پر بلیک آؤٹ کی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ پیمنٹی انٹرنیشنل کا کہنا ہے کہ پوری وادی میں موبائل، انٹرنیٹ، لینڈ لائن سمیت دیگر سہولتیں بند ہیں، کشمیری خاندان والے اپنے پیاروں سے بات نہیں کرپا رہے، قابض سرکار نے مکمل طور پر اظہار پر کنٹرول رکھا ہوا ہے۔ ویڈیو میں مزید بتایا گیا ہے کہ ایمرجنسی کی صورت میں بھی بھارتی فوج کی جانب سے مکمل لاک ڈاؤن ہے، ایکٹرز کو گھروں میں ریڈ کرکے خاندان والوں کو تنگ اور نوجوانوں کو مارا پیٹا جاتا ہے، مظاہرین پر پیلٹ گنز اور آنسو گیس استعمال کیا جاتا ہے، پیلٹ گنز سے متعدد نوجوان زخمی بھی ہوئے ہیں، شہریوں کی جزی تعداد نظر بند ہیں، ان میں ڈاکٹرز، صحافی، سیاستدان سمیت دیگر انسانی حقوق کے لوگ بھی شامل ہیں۔ ویڈیو میں مزید کہا گیا ہے کہ کشمیریوں کو بولنے دو، بلیک آؤٹ ختم کیا جائے، بلیک آؤٹ کی وجہ سے جو جانیں ہوئی ہیں ان کو ظہار انہیں کیا جاسکتا۔

5 بلاول

سے نہیں بتایا جاسکتا، 80 لاکھ پر مبنی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب سے تحریک انصاف کی حکومت آئی ہے کبھی 18 ویں آئینی ترمیم پر حملے کررہی ہے تو کبھی گورنر راج لگانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ہماری حکومت کرانے کی بات کرتی ہے تو کبھی ہمارے لوگوں کو توڑنے کی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اب حکومت اس انتہا پر آچکی ہے کہ وفاق کی جانب سے کراچی پر قبضے کی بات کی جارہی ہے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے پرزور طریقے سے کراچی پر وفاقی قبضے کی کوششوں کو مسترد کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی پر وفاق کے قبضے کی کوششیں نہ صرف غیر آئینی وغیر قانونی ہیں بلکہ عوام کی خواہشات کے بھی برعکس ہیں۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ جب غیر آئینی اقدامات ہوں گے عوام پر ظلم ہوگا تو وفاق کو نقصان ہوسکتا ہے، وہ قوتیں جو سسٹیمیٹک ناانصافی اور بے جا ظلم کو سپورٹ کررہے ہیں، ان کو ہوش کے ناخن لینے چاہئے، انہوں نے کہا کہ جب گریٹر ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) ہمارے خلاف مل کر الیکشن لڑ رہے تھے تو انہوں نے اس وقت کراچی کو الگ کرنے کی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جی ڈی اے کے ذمہ داروں نے کراچی کو الگ کرنے کی بات پر کہا تھا کہ انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور اب وفاق کی جانب سے کراچی پر قبضہ کرنے کی بات زیادہ خطرناک ہے۔

6 نواز شریف اپیل

کی تیاری مکمل کرلی گئی، العزیزیہ ریفرنس میں نواز شریف کی سزا کے خلاف اپیل کی سماعت 18 ستمبر کو ہوگی۔ تصیلات کے مطابق العزیزیہ ریفرنس میں نواز شریف کی سزا کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر اپیل پر سماعت 18 ستمبر کو ہوگی، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس محسن اختر کیانی سماعت کریں گے۔ گزشتہ 9 ماہ سے بیچ بک کی تیاری نہ ہونے سے اپیل کی کارروائی آگے نہیں بڑھ سکی تھی اور عدالت نے گزشتہ سماعت پر بیچ بک کی تیاری چار ہفتے میں مکمل کرنے کا حکم دیا تھا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں اپیل کی بیچ بکس کی تیاری مکمل کرلی گئی ہے اور ڈیپ نے بیچ بکس کا ایک سیٹ رجسٹرار آفس سے حاصل کرلیا ہے تاہم نواز شریف کے وکلاء نے رجسٹرار آفس سے بیچ بکس ابھی حاصل نہیں کیں۔

7 چیف جسٹس

کہ آج ہم ایک ایسے دور سے گزر رہے ہیں جس میں حقائق تخلیق کئے جارہے ہیں، آج کے وکلاء اپنا کیس ذہن اور زبان سے پیش کرنے کے بجائے لاتوں اور گھونسوں سے پیش کررہے ہیں، تاریخ صرف واقعات کو بیان کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ تاریخ بنتی کیسے؟ ہے، ایم ظفر صاحب سب کے لیے آئیڈیل شخصیت ہیں میرے والد کے آخری ایام میں میں نے اور علی ظفر نے مل کر والد اور ایس ایم ظفر کی ملاقات کرائی میں نے ایس ایم ظفر صاحب کی کتاب کے کچھ صفحات لکھے ہیں جو بڑے اعزاز کی بات ہے۔ وہ گذشتہ روز معروف قانون دان سابق وزیر قانون اور سینئر ایس ایم ظفر "ایڈووکیٹ کی "ہسٹری آف پاکستان ری انٹرپریٹڈ" کتاب کی تقریب رونمائی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر سابق جج، موجودہ قائم مقام چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مامون الرشید شیخ، جسٹس علی باقر نجفی، جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ، لاہور ہائی کورٹ کے رجسٹرار عبدالستار، لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد وحید خان، جسٹس ریزعلی اکبر قریشی، سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان لاہور ہائی کورٹ کے دیگر فاضل جج، سیاست دان، میڈیا نمائندگان سمیت دیگر مکتبہ فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس آصف سعید کھوسہ نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ تاریخ صرف واقعات کو بیان کرنے کا نام نہیں ہے تاریخ اس سے مختلف ہے تاریخ بنی کیسی یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تاریخ بنی کیسے اپنی تقریر شروع کرنے سے پہلے بتانا چاہتا ہوں کہ 36 سال پہلے یہاں اس اسٹیج پر دلیپ بن کر بیٹھا تھا جب میں نے اپنی وکالت شروع کی تب ایس ایم ظفر ایک چمکتے ستارے کی طرح تھے میں اپنے شاگردوں کو کہتا تھا اگر تمہیں مجھ جیسا بننا ہے تو ایس ایم ظفر جیسے بنو، میرے سسر مجھ سے چار پانچ سوال پوچھتے تھے کہ تمہارے دوست کیسے ہیں ایس ایم ظفر صاحب نے مجھ سے اس کتاب کے بارے میرے نظریات مجھ سے پوچھے مجھے اس کتاب کے بارے بہت کچھ لکھنا تھا لیکن کام کی زیادتی کی وجہ سے نہیں لکھ سکا ہم پاکستان کے مختلف تواریخ پڑھتے ہیں کیونکہ ہمارے پاس مختلف تواریخ ہیں اس کتاب کے پہلے حصے میں تمام حقائق بیان ہیں ہمارے پاس بہترین لٹریچر ہوتا تھا ہم اس وقت کیمبرج کی کوالٹی پر نہیں لٹریچر پر فوکس کرتے ہیں، ہمارے پاس ایک

روزنامہ اوصاف Daily Ausaf
سپورٹس

بروغل فیسٹیول 2019 اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ اختتام پذیر

چترال (سپورٹس ڈیسک) نورزم کارپوریشن خیبر پختون خواہ اور ضلع اپر چترال کے تعاون سے سطح سمندر سے تقریباً ساڑھے چودہ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع بروغل ویلی میں منعقدہ دو روزہ بروغل فیسٹیول 2019 اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ فیسٹیول میں پہاڑی علاقوں کے مقبول کھیل پولو، یاک پولو، رسہ کشی، گدھا پولو، کرکٹ اور فٹ بال کے ٹیپ مقابلے ہوئے۔ یاک پولو کا فائنل پنکار کی ٹیم نے، پولو کا فائنل گلمار یل جبکہ رسہ کشی کا مقابلہ شیر اعظم کی ٹیم نے جیت لیا۔ اس موقع پر کھیلوں کے ٹیپ مقابلے دیکھنے کے لئے غیر ملکی سمیت قریبی علاقوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ پاکستان تحریک انصاف چترال کے صدر عبدالطیف دیگر ضلعی رہنماؤں کے ہمراہ صوبائی وزیر سیاحت کے خصوصی نمائندے کی حیثیت سے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ علاقہ بروغل کے عمائدین امین جان نے ڈپٹی کمشنر اپر چترال شاہ سعود اور دیگر مہمانوں کو روایتی پھندیاں (چوغہ) پہنائے۔ اپنی کمشنر اپر چترال شاہ سعود نے تقسیم انعامات کے بعد تماشائیوں اور سیاحوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بروغل فیسٹیول منانے کا مقصد چترال کے دور دراز علاقوں میں واقع وادیوں کے خوبصورتی کو دنیا کے سامنے لانا ہے۔

فیصل آباد: قائداعظم ٹرافی کے پہلے روز سدرن پنجاب کیخلاف سنٹرل پنجاب کے سمیع اسلم اور عدنان اکمل ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے

قائداعظم ٹرافی، سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 253 رنز پر ڈھیر

سدرن پنجاب کے ذوالفقار بابر نے 5 جبکہ آغا سلمان نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قائداعظم ٹرافی سیکنڈ ڈیوژن ٹورنامنٹ کے ابتدائی راؤنڈ میں اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے جانے والے میچ میں سدرن پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کا فیصلہ کیا۔ سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم کو مقررہ 83 اوورز میں 253 رنز پر ڈھیر کر دیا۔ سدرن پنجاب کی جانب سے مہاور ذوالفقار بابر نے 5 جبکہ آغا سلمان نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں سدرن پنجاب کی جانب سے مختار احمد اور ذیشان اشرف نے اننگ کا آغاز کیا۔ دن کے اختتام تک مہمان ٹیم نے 4.3 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 4 رنز اسکور کیے تھے۔ بلوچستان اور سندھ کی ٹیموں کے درمیان میچ این پی پی اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا گیا۔ بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا جو کارگر ثابت نہ ہو سکا۔ مہمان ٹیم 70.1 اوورز میں 183 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ جواب میں سندھ کی ٹیم نے پہلے روز کے اختتام تک 2 وکٹوں کے نقصان پر 55 رنز بنائے۔ رمیز راجہ جونیئر اور سعد خان سندھ کی جانب سے دوسرے دن کھیل کا آغاز کریں گے۔

کم کلسٹرز کا ٹینس سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ واپس لینے کا اعلان

برسلز (سپورٹس ڈیسک) گولڈن کی سابق سٹار کھلاڑی اور عالمی نمبر ایک کم کلسٹرز نے دوسری مرتبہ انٹرنیشنل ٹینس سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ واپس لینے کا اعلان کر دیا، وہ آٹھ برس ڈبلیو ٹی اے ٹورنامنٹس میں اکاشن میں نظر آئیں گی۔ کلسٹرز نے پہلی مرتبہ 2007ء میں انٹرنیشنل ٹینس کو خیرباد کہہ دیا تھا تاہم دو برس بعد انہوں نے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ واپس لے لیا تھا اور تین مزید گرینڈ سلیم ٹائٹلز اپنے نام کئے۔ 2012ء میں انہوں نے دوبارہ انٹرنیشنل ٹینس سے کنارہ کشی اختیار کر لی لیکن اب 7 برس بعد انہوں نے دوبارہ ٹینس کورٹس میں شرکت کا فیصلہ کر لیا ہے۔ کلسٹرز نے اپنے بیان میں کہا کہ سرینا ولیمز اور وکٹوریہ آزارینکا کو ماں بننے کے بعد بھی عمدہ پرفارم کرتے ہوئے دیکھ کر مجھے بہت حوصلہ ملا ہے، اس عمر میں میرے لئے بلاشبہ یہ ایک بڑا چیلنج ہوگا تاہم میں عمدہ پرفارم کرنے کیلئے خوب محنت کروں گی۔ واضح رہے کہ کلسٹرز کو 4 گرینڈ سلیم ٹائٹلز کے علاوہ 41 ڈبلیو ٹی اے ٹائٹلز جیتنے کا اعزاز حاصل ہے۔

شکیب الحسن ٹی 20 میں مہنگے ترین بنگالی باؤلر بن گئے

زمبابوین بلے باز ریان برل نے ایک اوور میں 30 رنز بٹورے

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) شکیب الحسن ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ کی تاریخ میں مہنگے ترین بنگلہ دیشی باؤلر بن گئے۔ بنگلہ دیش میں جاری سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سیریز میں زمبابوے کے خلاف کھیلے گئے میچ میں زمبابوین بلے باز ریان برل نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے شکیب الحسن کے ایک اوور میں 3 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 30 رنز بٹورے اسطرح وہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں مہنگے ترین بنگلہ دیشی باؤلر بن گئے۔ بنگلہ دیش کی طرف سے اس سے قبل یہ حتمی ریکارڈ روبیل حسین کے پاس تھا جنہوں نے 2012ء میں ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلے گئے میچ میں 29 رنز دیئے تھے۔

پی سی بی کا یوٹرن

حسنین کا این او سی منسوخ، کیریبیئن لیگ سے واپس بلا لیا

فاسٹ باؤلر قائداعظم ٹرافی میں محمد حسنین سندھ ٹیم میں شامل ہیں، محمد حسنین کو ممکنہ 19 رکنی سکواڈ میں شامل کیا جائیگا، فوری طور پر پی سی بی ہیڈ کوارٹر رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) میڈیا کی طرف سے معاملہ اٹھانے پر کرکٹ بورڈ نے اپنے ہی فیصلے پر یوٹرن لیتے ہوئے محمد حسنین کا این او سی منسوخ کر کے واپس آنے کی ہدایت کر دی۔ محمد حسنین سری لنکا کے خلاف سیریز کے بعد قائداعظم ٹرافی میچز میں حصہ لیں گے، قائداعظم ٹرافی میں محمد حسنین سندھ ٹیم میں شامل ہیں تاہم بورڈ نے کیریبئن پریمیئر لیگ کے پورے سیزن کے لیے این او سی دے رکھا تھا۔ محمد حسنین کا قائداعظم ٹرافی پر لیگ کو ترجیح دینے کا معاملہ میڈیا میں آنے پر پی سی بی نے حسنین کو فوری طور پر پاکستان پہنچنے کی ہدایت کی ہے۔ محمد حسنین کو فوری طور پر پی سی بی ہیڈ کوارٹر لاہور رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے 16 ستمبر کو سری لنکا کیخلاف 19 رکنی سکواڈ کا اعلان کرنا ہے۔ سری لنکا کیخلاف سیریز سے قبل قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ 18 ستمبر سے شروع ہوگا۔ محمد حسنین کو ممکنہ 19 رکنی سکواڈ میں شامل کیا جائیگا۔ قومی ٹیم کا سری لنکا کیخلاف سیریز کے لئے اعلان 23 ستمبر کو ہوگا، یاد رہے کہ اس سے قبل پی سی بی نے محمد حسنین کا نام 20-2019 کے سنٹرل کنٹریکٹ لسٹ میں بھی شامل نہیں کیا تھا۔ اس سے پہلے ریٹائرمنٹ لینے والے محمد حفیظ کا نام حیران کن طور پر سدرن پنجاب ٹیم میں شامل کیا گیا تھا جس پر سابق کپتان نے بورڈ حکام کو یاد دلایا کہ وہ ریڈ بال کرکٹ چھوڑ چکے، اب ان کا قائداعظم ٹرافی میں کھیلنا درست نہیں ہوگا، وہ چاہتے ہیں کہ ان کی جگہ کسی نوجوان کو کھڑکر کو موقع دیا جائے۔ ٹرافی کے میچز کراچی، لاہور اور ایبٹ آباد میں کھیلے جائیں گے۔ قائداعظم ٹرافی میچوں کا آغاز ہو چکا ہے۔

آئرلینڈ کا سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان

گیری ولسن کپتان مقرر، ڈیلانی اور ہیری کی پہلی مرتبہ ٹیم میں طلبی

ڈبلن (سپورٹس ڈیسک) آئرلینڈ نے سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ گیری ولسن کو کپتان مقرر کر دیا گیا ہے، جیکب مللڑ کی دوبارہ ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جبکہ ڈیوڈ ڈیلانی اور ہیری ٹیکٹر پہلی مرتبہ سلیکٹرز کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ سہ ملکی سیریز کا آغاز آج سے ہو رہا ہے جس میں میزبان آئرلینڈ کے علاوہ سکاٹ لینڈ اور بائیڈ کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ اعلان کردہ سکواڈ کپتان گیری ولسن، مارک ایڈیئر، رائیڈر ریوبنسن، ڈیوڈ ڈیلانی، گیرتھ ڈیلانی، جارج ڈوکریل، شین گٹ کاٹ، کیون اوبرائن، بائیڈ رنکین، پال سٹرلنگ، ہیری ٹیکٹر، سٹورٹ تھامسن، لورکن ٹکر اور کریگ ینگ پر مشتمل ہے۔

ڈومیسٹک سیزن میں پہلی بار نوٹاس قانون پر عمل درآمد

بلوچستان نے نوٹاس کے قانون پر پہلے سندھ کی ٹیم کو بیٹنگ کی دعوت دی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) قائداعظم ٹرافی میں نوٹاس کے نئے تجرباتی قانون پر عمل درآمد پہلے دن دیکھنے میں آ گیا۔ یو بی ایل کمپلیکس میں مہمان بلوچستان کرکٹ ٹیم نے پہلے کو نوٹاس کے قانون پر عمل درآمد شروع کیا جس کے بعد سندھ نے پہلے بیٹنگ کی۔ پاکستان کی فرسٹ کلاس تاریخ میں پہلی بار نوٹاس قانون متعارف کرایا گیا ہے۔ سسٹم بدل گیا لیکن پاکستان کا فرسٹ کلاس میچ دیکھنے سے لگتا ہے کہ کچھ نہیں بدلا، پرانی کہانی نئے سکرپٹ کے ساتھ دہرائی جا رہی ہے۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں سدرن پنجاب نے سینٹرل پنجاب کیخلاف ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا، یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی پر نئی تاریخ رقم ہوئی جہاں مہمان بلوچستان نے نو ٹاس کے قانون پر عمل کرتے ہوئے پہلے سندھ کی ٹیم کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ ایبٹ آباد میں بھی کے پی کے اور ناردرن کے درمیان میچ جاری ہے۔ کوئٹہ یورا گیند سے کھیلنے والے بولرز کے پسینے چھوٹ گئے، یو بی ایل کمپلیکس کی سلو پچ پر تجسین چھائے رہے۔

پی ایس ایل میں بڑی بے ضابطگیاں سامنے آ گئیں

آڈیٹر جنرل نے پی سی بی کو معاملات کی تحقیقات کی سفارش کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چند کروڑ بچانے اربوں ادھر ادھر، پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں ساڑھے 22 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو معاملات کی تحقیقات کی سفارش کر دی ہے۔ آڈیٹر جنرل نے پاکستان سپر لیگ کے پہلے دو آڈیٹرز کا آڈٹ مکمل کر لیا ہے۔ ہم نیوز نے پی ایس ایل کی آڈٹ رپورٹ حاصل کر لی ہے۔ پاکستان سپر لیگ کی آڈٹ رپورٹ کے مطابق فرنچائزز کی نیلامی غیر منصفانہ طریقے سے کی گئی، فرنچائزز کو طے شدہ حصے سے زائد ادائیگیاں کی گئیں اور دوسری طرف فرنچائزز سے مکمل وصولیاں بھی نہ کی جا سکیں۔ آڈیٹر جنرل نے پی ایس ایل میں خدمات انجام دینے والے صحافیوں کو دی جانیوالی رقم بھی غیر قانونی قرار دیدی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پی ایس ایل کی تشہیری مہم انٹرنیشنل حقوق، میڈیا رائٹس اور گیش اے کروڑ میں لاکھوں ڈالرز کی بے ضابطگیاں ہوئیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ایس ایل دن میں 97 کروڑ 42 لاکھ آمدن اور 90 کروڑ 80 لاکھ روپے کے اخراجات ہوئے۔ پی ایس ایل نو میں 1 ارب 46 کروڑ روپے آمدن اور 1 ارب 6 کروڑ روپے کے اخراجات ہوئے۔ یوں مجموعی طور پر پی ایس ایل کے پہلے دو آڈیشنز میں 47 کروڑ کمائی ہوئی۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ فرنچائزز کو ٹیکسز سے 24 کروڑ 86 لاکھ روپے زائد ادائیگیاں کی گئیں۔ فرنچائزز کو 5 کروڑ 44 لاکھ کا ذرمخلافی دیئے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق لاہور میں پی ایس ایل فائنل کے اخراجات کا غلط تخمینہ لگایا گیا۔ لاہور میں کھیلے گئے فائنل میں ایک کروڑ 88 لاکھ کا زائد اخراجات آئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پی ایس ایل میں خدمات انجام دینے والے صحافیوں کو غیر قانونی طور پر سوا کروڑ روپے ادا کئے گئے۔ اسی طرح نشریاتی حقوق کے حوالے سے بھی سو کروڑ ڈالرز سے زائد کے بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔ آڈیٹر جنرل نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو معاملات کی تحقیقات کی سفارش کر دی ہے۔

پاکستان کرسچن سپورٹس ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کا انعقاد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرسچن سپورٹس ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس گزشتہ روز امریکن لائسف سکول جوہر ٹاؤن میں منعقد ہوا۔ جس میں فیصلہ کیا گیا کہ گراس روٹ لیول سے کھیلوں کو فروغ دینے اور بچوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے سکول لیول سے ملک بھر میں سپورٹس کلچر کو پروان چڑھایا جائے گا۔ اس سلسلے میں رواں سال اکتوبر اور نومبر کے مہینے میں باسکٹ بال، آرچری، بیڈمنٹن اور سوئمنگ کے کھیل کی انٹر سکولز چیمپئن شپ منعقد کرائی جائیں گی، کھیلوں کے ان مقابلوں میں سیکڑوں بچے اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔

اینڈی مرے کو شنگھائی ماسٹرز ٹینس ٹورنامنٹ کیلئے وائلڈ کارڈ انٹری مل گئی

لندن (سپورٹس ڈیسک) برطانوی کھلاڑی اور سابق عالمی نمبر ایک اینڈی مرے کو آئندہ ماہ شیڈول شنگھائی ماسٹرز ٹینس ٹورنامنٹ کیلئے وائلڈ کارڈ انٹری مل گئی، وہ سنگلز ایونٹ میں ایکشن میں نظر آئیں گے۔ مرے کا شنگھائی ماسٹرز میں ریکارڈ اچھا ہے، انہوں نے چار فائنلز کھیلے اور تین میں چیمپئن بنے کا اعزاز حاصل کیا۔ انہوں نے 2010ء میں راجر فیڈرر کو شکست دے کر شنگھائی ماسٹرز کا ٹائٹل جیت کر کم عمر چیمپئن ہونے کا اعزاز بھی پایا تھا۔ اینڈی مرے نے اپنے بیان میں کہا کہ شنگھائی ماسٹرز ٹورنامنٹ کھیلنے کیلئے بہت پرجوش ہو رہا ہوں، وائلڈ کارڈ انٹری دیئے جانے پر حکام کا مشکور ہوں اور ایونٹ میں عمدہ پرفارم کرنے کیلئے سرتوڑ کوشش کروں گا۔

زلمی گلگت بلتستان گرلز فٹبال لیگ کا آغاز ہو گیا

شمشال اور چپرسان کی ٹیموں نے اپنے میچز جیت لیے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بلند و بالا پہاڑوں کے دامن میں قائم خوبصورت پاسو گراؤنڈ میں زلمی گلگت بلتستان گرلز فٹبال لیگ کا آغاز ہو گیا۔ پہلے روز شمشال اور چپرسان کی ٹیموں نے اپنے میچز جیت لیے شمشال کی جانب سے شائستہ کی شاندار ہیٹ ٹرک اختتامی تقریب کے ساتھ ہی گلگت بلتستان میں زلمی کے اشتراک سے گلگت بلتستان گرلز فٹبال لیگ کا آغاز ہوگیا۔ پہاڑوں کے دامن میں قائم خوبصورت پاسو گراؤنڈ میں لیگ کے پہلے روز دو میچز کھیلے گئے۔ پہلے میچ میں شمشال نے سوست کو پانچ صفر سے ہرا دیا۔ فاتح ٹیم کی جانب سے شائستہ نے شاندار ہیٹ ٹرک بنائی۔ ثانیہ اور ارم نے ایک ایک گول کیا۔ دوسرے میچ میں چپرسان نے ہوم ٹیم پاسو کو کے خلاف دو صفر سے کامیابی حاصل کی۔

قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ آج شروع ہوگا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ آج سے پی ایس پی کی چنگ سنٹر کراچی میں شروع ہوگا، پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے مدثر آرائیں نے بتایا کہ تربیتی کیمپ کے لئے ملک بھر سے 18 کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں ماہین علیم، زہرا سلطانی، عیرین ساگر، زینب الفاعت، منہل خورشید، ایمان رحمان، لائبہ ذوالفقار، ثمیرین فاطمہ، عرشیہ جوہانی، زینب راحیل، احمد انیب، دیدہ زاہد، اقراء شفیق، لائبہ الشاری، آمنہ، اوما لعین اور انسا فضل شامل ہیں۔

ارجنٹائن اور پیرین فیبا باسکٹ بال فائنل میں پہنچ گئیں

بیجنگ (سپورٹس ڈیسک) ارجنٹائن اور پیرین کی ٹیمیں فتوحات برقرار رکھتے ہوئے فیبا باسکٹ بال ورلڈ کپ فائنل میں پہنچ گئیں۔ دونوں ٹیمیں فیصلہ کن معرکے میں آج آمنے سامنے ہوں گی۔ چین میں جاری میگا ٹورنامنٹ میں کھیلے گئے سیمی فائنلز میں ارجنٹائن نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے فرانس کو 66 کے مقابلے میں 80 پوائنٹس سے شکست دے کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں پیرین نے آسٹریلیا کو زبردست مقابلے کے بعد 88-95 پوائنٹس سے ہرایا۔

نیا ڈومیسٹک فارمیٹ، ہزار سے زائد کرکٹرز بے روزگار ہو گئے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پی سی بی کے نئے ڈومیسٹک فارمیٹ نے ملک میں ایک ہزار سے زائد کرکٹرز کو بے روزگار کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بے روزگار ہونے والے کرکٹرز نے حکومت سے متبادل ملازمت کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے نئے فارمیٹ کے مطابق قائداعظم ٹرافی میں صوبائی ٹیموں پر مشتمل ٹورنامنٹ منعقد کیا جا رہا ہے۔ جس کے باعث تمام اداروں پی آئی اے، نیشنل بینک، واپڈا سمیت تمام اداروں کی کرکٹ ٹیمیں ختم کر دی گئیں جس کے باعث اداروں کے ہزاروں کرکٹرز اور اسٹیشنو بے روزگار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان خود بھی پی آئی اے کی جانب سے کرکٹ کھیلتے رہے ہیں۔ جاوید میاں داد حبیب بنک سے اسی طرح دیگر کھلاڑی مختلف اداروں سے کرکٹ کھیلتے رہے ہیں۔ واپڈا، ریلوے، سوئی سدرن اور نادرن گیس، حبیب، نیشنل بنک، سٹیٹ بنک اور دیگر اداروں کی کرکٹ ٹیم ختم کئے جانے کے بعد ہونے والے بے روزگار کرکٹرز کے پاس متبادل نوکریاں نہیں ہیں۔ کرکٹ حلقوں نے موجودہ سسٹم کو کرکٹ کی تباہی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انگلینڈ میں ہونے والی کاؤنٹی کا اس لئے مقابلہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ انگلینڈ میں کاؤنٹی کرکٹ میں بہت پیسہ ہے اور وہ سسٹم اپنے پاس سے خرچ کرتے ہیں پاکستان میں ایسوسی ایشن کے پاس فنڈز نہیں اس لئے پاکستان میں یہ سسٹم زیادہ کامیاب نہیں ہوگا۔

سکاٹ لینڈ کا سہ ملکی ٹی 20 اور ورلڈ کپ کوالیفائر کیلئے سکواڈ کا اعلان

ٹیم میں کائل کوئٹزر، مدثر چی بیر گلفن، میتھیو کراس، بیلسڈیر ایراینز، اولیوائر بیرس ودیگر شامل

ایڈن برگ (سپورٹس ڈیسک) سکاٹ لینڈ نے سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ کیلئے سکواڈز کا اعلان کر دیا۔ جوش ڈیوی کاؤنٹی کرکٹ کھیلنے کی وجہ سے سہ ملکی سیریز میں سکواڈ کا حصہ نہیں ہوں گے تاہم وہ ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ میں ٹیم کو دستیاب ہوں گے۔ کپتان ٹیم آئرلینڈ میں سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کھیلنے کے بعد آسٹریلیا، متحدہ عرب امارات میں شیڈول ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ میں ایکشن میں دکھائی دے گی۔ اعلان کردہ ٹیم میں کپتان کائل کوئٹزر، ریچی بیر گلفن، میتھیو کراس، بیلسڈیر ایراینز، اولیوائر بیرس، مائیکل لیسک، کالم میک لیوڈ، جارج منسی، ایڈرین نیل، سفیان شریف، نام سول، حمزہ طاہر، کریگ واٹلک، مارک واٹ اور جوش ڈیوی شامل ہیں۔

سمتھ کی شاندار کارکردگی، انضمام الحق کا عالمی ریکارڈ توڑ دیا

آسٹریلین کرکٹر اب تک ایشز سیریز کے دوران 6 اننگز میں 751 رنز سکور کر چکے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق آسٹریلین کپتان اسٹیون اسمتھ اپنے کیریئر کی بہترین فارم میں ہیں اور ایشز سیریز کے دوران شاندار کارکردگی کی بدولت ہر دوسرے دن نت نئے ریکارڈز اپنے نام کرتے جا رہے ہیں۔ سیریز کے پانچ میں سے صرف 4 میچوں میں شرکت کرنے کے باوجود اسمتھ اب تک ایشز سیریز کے دوران 6 اننگز میں 751 رنز اسکور کر چکے ہیں۔ اوول میں کھیلے جا رہے ایشز سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھی اسمتھ نے شاندار کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھا اور عمدہ کارکردگی دکھاتے ہوئے 80 رنز کی اننگز کھیلی۔ 80 رنز کی اس اننگز کے دوران انہوں نے قومی ٹیم کے سابق کپتان انضمام الحق کا سنہرا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ انضمام الحق نے انگلینڈ کے خلاف لگاتار 9 نصف سنچریاں اسکور کی تھیں اور وہ ٹیسٹ کرکٹ میں کسی ایک ٹیم کے خلاف مسلسل سب سے زیادہ نصف سنچریاں بنانے والے بیٹ باز تھے لیکن اب یہ ریکارڈ اسمتھ کے نام ہے۔ 30 سالہ اسمتھ ایشز سیریز میں شاندار کارکردگی کے ساتھ ساتھ اب تک انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل 10 نصف سنچریاں اس سے زائد اسکور کر چکے ہیں جو ایک عالمی ریکارڈ ہے۔ ان دونوں کے علاوہ جنوبی افریقہ کے جاک کیلس اور سری لنکا کے کمار سنگاکارا کا بالترتیب پاکستان اور بنگلہ دیش کے خلاف لگاتار 8 اننگز میں نصف سنچری یا اس سے زائد رنز بنانے کا اعزاز حاصل ہے۔

جوئے ڈینلی ایشز ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں نروس نائنٹیز کا شکار

اوول (سپورٹس ڈیسک) انگلش بیٹ باز جوئے ڈینلی ایشز آسٹریلیا کے خلاف جاری پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں نروس نائنٹیز کا شکار ہو گئے اور صرف 6 رنز کے فرق سے کیریئر کی پہلی سنچری مکمل کرنے میں ناکام رہے۔ انہیں 94 کے انفرادی اسکور پر پیٹر سڈل نے اپنا شکار بنایا۔

سہ ملکی سیریز، افغانستان کا زمبابوے کو 28 رنز سے ہرا کر فاتحانہ آغاز

شکست خوردہ ٹیم ہدف کے تعاقب میں مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں پر 169 رنز بنا سکی

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سیریز میں نجیب اللہ زدران کی دھواں دار نصف سنچری کی بدولت افغانستان نے زمبابوے کو 28 رنز سے شکست دے کر ایونٹ کا فاتحانہ انداز سے آغاز کیا، زمبابوین ٹیم کو متواتر دوسری شکست کا سامنا کرنا پڑا، افغانی ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ اوورز میں 5 وکٹوں پر 197 رنز کا مجموعہ ترتیب دیا، نجیب اللہ زدران نے جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 30 گیندوں پر 6 چھکوں اور 5 چوکوں کی مدد سے 69 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، جواب میں زمبابوین ٹیم ہدف کے تعاقب میں مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں پر 169 رنز بنا سکی، چاکبوا کی 42 رنز کی اننگز بھی ٹیم کو شکست سے نہ بچا سکی۔ ہفتہ کو ڈھاکہ میں کھیلے گئے سہ ملکی سیریز کے دوسرے میچ میں زمبابوین کپتان ہملٹن مسکدزا نے ٹاس جیت کر پہلے افغانی ٹیم کو بیٹنگ کی دعوت دی تو افغانستان نے مقررہ اوورز میں 5 وکٹوں پر 197 رنز بنائے، رحمان اللہ اور حضرت اللہ زیڈی نے ٹیم کو 57 رنز کا آغاز فراہم کیا، یہاں پر شنڈی چتارا نے حضرت اللہ کو آؤٹ کر کے ٹیم کو پہلی کامیابی دلائی، وہ 13 رنز بنا سکے، اگلے اوور میں سین ولیمز نے رحمان اللہ کو بھی پویلین بھیج دیا، انہوں نے 43 رنز بنائے، نجیب زدران اور اصغر افغان 14، 14 رنز بنا سکے، 90 کے سکور پر 4 وکٹیں گرنے کے بعد نجیب اللہ زدران اور محمد نبی نے جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف باؤلرز کی خوب درگت بنائی اور 107 رنز کی شراکت بنا کر ٹیم کی پوزیشن مستحکم کی، محمد نبی 38 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، نجیب اللہ 69 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے، چنارا اور ولیمز نے 2، 2 اور ہیٹسلے نے ایک وکٹ لی۔ جواب میں زمبابوین ٹیم مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں پر 169 رنز بنا سکی، ریگس چاکبوا 42 اور کائل جروس 15 رنز بنا کر نابٹ آؤٹ رہے، بریڈن ٹیلر، 27 کپتان مسکدزا، 3 کریگ ایروین، 10 ٹینوئیڈا، 20، ریان برل 25 یونی 15 اور سین ولیمز بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے، فرید احمد اور راشد خان نے 2، 2 کریم جنت اور گلبدین نائب نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

سکاٹ لینڈ جیمکی: سولہیم کالف کپ میں امریکی کھلاڑی شاٹ کے بعد گیند کو دیکھ رہی ہیں جبکہ دوسری جانب کونیکا منولاکپ کے تیسرے راؤنڈ میں جاپان کی رئسکو ریوان ایکشن میں ہیں

مصباح اور بابر کیساتھ اچھے تعلقات اپنا بیٹنگ نمبر طے کر لیا ہے

سرفراز احمد

کپتان کتنے ٹائم کیلئے ہونا چاہیے یہ پی سی بی کا فیصلہ ہے، عابد علی اور خرم منظور نے اچھا کھیل پیش کی، کپتان قومی کرکٹ ٹیم

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے کہا ہے کہ اپنا نمبر سیٹ کر لیا ہے اب کوشش ہو گی کہ اپنے نمبر پر ہی کھیلوں۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سرفراز احمد کا کہنا تھا کہ ہیڈ کوچ مصباح الحق کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں مل جل کر کام کریں گے جب کہ بابر کے ساتھ بھی اچھے تعلقات ہیں وہ سلپ کی فیلڈ پر میرے ساتھ ہی ہوتے ہیں میری پوری کوشش ہو گی کہ سری لنکا کیخلاف اچھا کھیل پیش کریں۔ سرفراز احمد نے کہا کہ ورلڈ کپ کے دوران بی پی سی کے ساتھ اچھے تعلقات رہے، بی پی سی اور کپتان میں کیوں کشیدگی اچھی ہوتی چاہیے، کپتان کتنے ٹائم کیلئے ہونا چاہیے یہ پی سی بی کا فیصلہ ہے اور پی سی بی کا فیصلہ ہوگا کہ وہ جس کو بھی ٹیسٹ ٹیم کا کپتان بنائے۔ کپتان کا مزید کہنا تھا کہ عابد علی اور خرم منظور نے اچھا کھیل پیش کیا، میں نے اپنا نمبر بھی سیٹ کیا ہے کوشش ہو گی کہ اپنے نمبر پر ہی کھیلوں۔

رگبی، آرمی، واپڈا، ایئر فورس اور ریلوے سیمی فائنلز میں داخل

آج فائنل کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر سروس ٹائرز چودھری عارف سعید ہونگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان رگبی یونین کے زیر اہتمام 24 ویں نیشنل سینئر رگبی چیمپئن شپ 2019ء میں آرمی، واپڈا، ایئر فورس اور ریلوے نے سیمی فائنلز کوالیفائی کر لیا۔ گزشتہ روز 20 لیگ میچز اور 4 کوارٹر فائنلز کھیلے گئے۔ 24 ویں نیشنل چیمپئن شپ میں 12 ٹیموں کو چار پولز میں تقسیم کیا گیا تھا۔ ٹیموں میں پنجاب گرین، پنجاب بلیو، آرمی، اے جی ای سی، اسلام آباد، ایئر فورس، ریلوے، واپڈا، پولیس، بلوچستان، کے پی کے اور سندھ شامل ہیں۔ پہلے میچ میں آرمی نے اے جی ای سی کو 31-0 سے، ایئر فورس نے اسلام آباد سے 45-0 سے، ریلوے نے پنجاب گرینز کو 17-7، واپڈا نے پولیس کو 32-5 سے، آرمی نے بلوچستان کو 61-0 سے، پنجاب بلیو نے اسلام آباد 36-0 سے، ریلوے نے سندھ کو 34-0 سے، واپڈا نے کے پی کے کو 57-0 سے ہرا دیا۔ پہلے کوارٹر فائنل میں آرمی نے پولیس کو 65-0 سے، دوسرے کوارٹر فائنل میں واپڈا نے اے جی ای سی کو 53-0 سے، تیسرے میچ میں ایئر فورس نے پنجاب گرینز کو 48-0 سے اور چوتھے اور آخری کوارٹر فائنل میں ریلوے نے پنجاب بلیو کو 19-0 سے

پی ایم ڈی سی بل مسترد ہونے پر انہی ممبران کی ایڈوائزری کمیٹی قائم

صدارتی آرڈیننس کے ذریعے قائم کی گئی کونسل کو سینٹ نے اکثریت سے مسترد کر دیا تھا

ڈاکٹر عاصر زمان کو کمیٹی کا چیئرمین بنایا گیا، ظفر مرزا سلیکشن کے تحت کونسل کو چلانا چاہتے ہیں

اسلام آباد (ندیم چوہدری) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی صحت کا ایوان بالا (سینٹ) کو بھیجے جواب ہیئت سے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے ترمیمی بل کو مسترد کیے جانے کے بعد انہی ممبران پر مشتمل 7 رکنی ایڈوائزری کمیٹی بنا ڈالی۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 18)

شیخ رشید ن لیگ کی فکر چھوڑے حکومت کی فکر کرے، طلال چودھری

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چودھری نے کہا ہے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 19)

Anti-Fraud Hotline
USAID
انسداد بدعنوانی ہاٹ لائن
اگر آپ کو کسی بھی یو ایس ایڈ کے فنڈ شدہ منصوبے میں بدعنوانی کا علم ہے، تو آپ مندرجہ ذیل طریقوں سے شکایت کا اندراج کروا سکتے ہیں
ٹول فری نمبر 0800 84700 0300-0815804 SMS
021-35390410 فیکس
ویب سائیٹ www.anti-fraudhotline.com
ای میل: complaints@anti-fraudhotline.com
ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان

سیل سیل سیل سیل
ڈسکاؤنٹ ہی ڈسکاؤنٹ
تمام برانڈ کے لیڈیز جینس، چلڈرن کپڑوں اور گارمنٹس کی وسیع رینج
کٹ پیس میلہ روزانہ صبح 11 تا شام 3 بجے تک
بروز جمعۃ المبارک 3 تا 6 بجے
بروز جمعۃ المبارک دوکان 3 بجے کھلے گی
لان پرنٹ 4 پیس سوٹ 595 روپے
برانڈڈ Replica سوٹ 795 روپے
لیڈیز ریشمی فینسی سوٹ 995 روپے
5 سٹار لان پرنٹ 4 پیس سوٹ 1495 روپے
ڈیجیٹل لان پرنٹ 4 پیس سوٹ 1295 روپے
تھینس سوٹ 495 روپے ● بچگانہ فراک 195 روپے
The One of All
Ensari CENTRE
0321-4141016
سکیم موڑ اقبال ٹاؤن لاہور

18 ستمبر کو آزادی مارچ کی حتمی تاریخ کا اعلان کیا جائیگا، فضل الرحمٰن

سیاسی جماعتوں کو اپنے ساتھ شامل کرنا چاہتے ہیں لیکن تمام جماعتوں کی اپنی ترجیحات ہیں

تمام سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل، دھاندلی پر بیانیہ ایک ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے آرٹیکل 149 کے استعمال سے یکی تاڑ دیا جا رہا ہے کہ سندھ کو تقسیم کیا جا رہا ہے، سندھ کے عوام سندھ کی تقسیم نہیں چاہتے۔ ملتان کی جامعہ قاسم العلوم میں پریس کانفرنس کرتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

سپریم کورٹ نے ہائیکورٹ کے ججز کو ماتحت عدلیہ کے ججز پر تنقید سے روک دیا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے جج کو طلب کر لیا۔ کورٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

پی آئی اے کا مالی بحران سنگین ہو گیا، ملازمین تنخواہوں سے محروم

گریڈ ایک سے 10 تک کسی بھی ملازم کو رواں ماہ تنخواہ نہیں ملی، احتجاج کی دھمکی

لاہور (نیوز رپورٹر) قومی ایئر لائن پی آئی اے کا مالی بحران سنگین ہو گیا رواں ماہ کے 14 روز گزرنے کے بعد بھی ملازمین کو تنخواہیں نہیں ملیں۔ پی آئی اے انتظامیہ نے گزشتہ دنوں ادارے کے منافع میں 40 فیصد اضافہ کا اعلان کیا تھا تاہم ملازمین کی قسمت پھر بھی نہ بدل سکی۔ گریڈ ایک سے 10 تک کسی بھی ملازم کو رواں ماہ تنخواہ نہیں ملی جبکہ پی آئی اے کے ڈیلی ویجز ملازمین بھی تنخواہوں سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی کارکردگی میں نمایاں بہتری

ہیلپ لائن سروس دن رات فعال، ریسکیو ٹیمیں روزانہ فیلڈ میں جاتی ہیں، ترجمان

لاہور (رپورٹ۔ شیخ طاہر علی) چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو بے سہارا، لاوارث اور عدم توجہ کے شکار بچوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے، رواں سال میں اب تک بیورو 1000 سے زائد بچوں ریسکیو کیا گیا جبکہ 900 کے قریب گمشدہ اور گھر سے بھاگے بچوں کو والدین تک پہنچانے کے ساتھ 950 کے قریب بچوں کی نفسیاتی کونسلنگ کی گئی، پی ٹی آئی کی حکومت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

لیسکو کے افسران ایف بی آر کے راڈار پر آ گئے

انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانیوالوں کی تنخواہیں رکوانے کا عندیہ

لاہور (نیوز رپورٹر) ایف بی آر نے لیسکو کے افسران کیخلاف شکنجہ سخت کر دیا، انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والے افسران و ملازمین کی تنخواہیں بند کروانے کا عندیہ دیدیا۔ ایف بی آر نے گوشوارے جمع نہ کرانے والے لیسکو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

سوچنے کی بات

مومن وہ نہیں جس کی محفل پاک ہو۔ مومن وہ ہے جس کی تنہائی پاک ہو

وزیراعظم حکومت بھنور میں پھنسی کشتی پار لگانے کیلئے قومی قیادت کو اعتماد میں لے، حق

مسئلہ حل نہیں کرتا، بلوچستان کی محرومیاں دور کرنے کیلئے کوئٹہ کو ٹیکس فری زون قرار، صنعت کاروں کے لئے مراعات کا اعلان کیا جائے

قومی وحدت نہ ہو تو ایٹم بم بھی کسی ملک کی حفاظت نہیں کرتا، یکجہتی اور اتحاد کی فضا قائم کرنا وزیراعظم کی ذمہ داری ہے

لاہور (سیاسی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان کی محرومیاں دور کرنے کے لیے حکومت کم از کم 20 سال کے لیے کوئٹہ کو ٹیکس فری زون قرار دے اور صنعتکاروں کے لیے مراعات کا اعلان کرے، کوئٹہ میں کارخانے اور فیکٹریاں لگیں گی تو نوجوانوں کو روزگار ملے گا، رونے دھونے سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ ملک اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔ بغیر ملاح بھنور میں پھنسی کشتی کو پار لگانے کے لیے حکومت (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 20)

حکومت کو اپوزیشن کی اُٹھک بیٹھک سے خطرہ نہیں ہمایوں اختر

لاہور (سیاسی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ وفاق کی بات (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 21)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج جمہوریت کا عالمی دن منایا جائیگا

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج 15 ستمبر کو جمہوریت کا عالمی دن منایا جائیگا اس دن کو منانے کا مقصد (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 22)

دو ماہ میں 176 ارب روپے کے 40 ہزار ماسیتی بانڈز فروخت

لاہور (خبر نگار) وزارت خزانہ کی طرف سے چالیس ہزار کے بانڈ پر پابندی کے بعد دو ماہ میں عوام نے 176 ارب روپے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 24)

امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق کوئٹہ میں مشاورتی قبائلی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب کا ٹورسٹ پولیس متعارف کرانے کا فیصلہ

ٹورسٹ پولیس پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر مری میں شروع کی جائیگی

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب کا سیاحت کو فروغ دینے کیلئے ٹورسٹ پولیس متعارف کرانے کا فیصلہ، ٹورسٹ پولیس سیاحوں سے کوآرڈینیشن، سیاحتی مقامات کے حوالے سے رہنمائی اور سیاحتی مقامات کو محفوظ بنانے کے لیے پٹرولنگ سمیت دیگر اقدامات کرے گی، سمری منظوری (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 23)

پاکستان مسئلہ کشمیر کا فریق ہی نہیں وکیل بھی ہے، قوم ایک پیج پر ہے

مودی سرکار نے نہتے کشمیریوں پر مظالم کی انتہا کر دی ہے، بھارتی مظالم کشمیریوں کو جھکا سکے اور نہ کبھی جھکا پائیں گے، خطاب

صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات سے امریکن بزنس کونسل کے وفد کی ملاقات، پنجاب حکومت کی صنعتی پالیسی اور اقدامات کی ستائش

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ تشدد کی پیروکار مودی سرکار نے نہتے کشمیریوں پر مظالم کی انتہا کر دی ہے گزشتہ اکتالیس روز سے جاری کرفیو نے مقبوضہ کشمیر میں بسنے والوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے بھارتی مظالم کشمیریوں کو نہ جھکا سکا ہے اور کبھی جھکا پائیں گے کشمیری اپنے حق خودارادیت کی جدوجہد کر رہے ہیں اور پوری پاکستانی قوم ان کی اس جدوجہد میں ان کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

صوبائی وزیر اطلاعات میاں اسلم اقبال المعراج میں یوم قومی زبان کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں طاقتور ترین طوفان کا کوئی خطرہ نہیں ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) محکمہ موسمیات نے 14 ستمبر 2019 کو ایک اردو اخبار میں شائع ہونے والی خبر کی سختی سے تردید کرتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

پی آئی اے انتظامیہ کا بڑا فیصلہ 229 فضائی میزبانوں کو ترقی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پی آئی اے انتظامیہ کی جانب سے بڑا فیصلہ، قومی ائرلائن انتظامیہ کی جانب سے 229 فضائی میزبانوں کو ترقی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

بزدار صاحب! آپ نے پنجاب کا بیڑہ غرق کر دیا، عظمیٰ بخاری

لاہور (سیاسی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی ترجمان عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بزدار صاحب آپ نے خوشحال اور ترقی کی جانب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

وزیراعظم ہتک عزت کیس خارج کرنے کی درخواست پر جج سے جواب طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) سیشن کورٹ میں وزیراعظم عمران خان کے خلاف ہتک عزت کا دعویٰ خارج کرنے کی درخواست پر جج سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 2 اکتوبر تک ملتوی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

ریلوے پولیس میں میرٹ کی بنیاد پر ترقیوں کا سلسلہ جاری

3 ہیڈ کانسٹیبلوں کو اے ایس آئی، 2 اے ایس آئیز کو سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی

لاہور (سٹیشن رپورٹر) پاکستان ریلوے پولیس میں میرٹ اور سنیارٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تعیناتیوں کے مطابق ریلوے پولیس لاہور ڈویژن میں ڈپارٹمنٹل کمیٹی کی سفارشات پر میرٹ اور سنیارٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے 14 کانسٹیبلان کو ہیڈ کانسٹیبل، 3 ہیڈ کانسٹیبلان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

عمران اقوام متحدہ میں مودی کا اصل چہرہ بے نقاب کرینگے، پرویز الٰہی

ہمارے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب کشمیری عوام بھارت سے چھٹکارا پا کر آزاد فضاؤں میں سانس لینگے

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب کے شکر گزار ہیں جنہوں نے وزیرآباد کارڈیالوجی اسپتال کیلئے فنڈز جاری کیے، قائم مقام گورنر پنجاب

لاہور (سیاسی رپورٹر) قائم مقام گورنر پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم سے دنیا کو بھارتی حکمران مودی اور آر ایس ایس کا اصل چہرہ دکھائیں گے، ہمارے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب کشمیری عوام بھارتی تسلط سے آزاد فضاؤں میں سانس لے سکیں گے۔ انہوں نے وزیرآباد کارڈیالوجی اسپتال کے دورہ کے موقع پر بریفنگ میں اور میڈیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

وزیرآباد: چوہدری پرویز الٰہی کارڈیالوجی ہسپتال کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آرٹیکل 149 پشاور میں لاگو ہونا چاہیے، پیپلز پارٹی

سندھ پر گورنر راج پھر فارورڈ بلاک بنانے کی کوششیں ناکام ہو چکیں اب بھی ناکامی کا سامنا ہوگا

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی مرکزی خواتین رہنماؤں نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کشمیر کے مسئلے پر سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی پالیسی پر عمل کرنا چاہیے۔ اگر وزیراعظم پہلے دن سے کشمیر کے سفیر بنتے تو آج تک 40 ممالک کے سربراہان سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45) ملاقاتیں کر چکے ہوتے

ڈی ایس پی رینک پر پروموشن کیلئے 200 انسپکٹرز کی لسٹ تیار

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب پولیس کی جانب سے ہائی پنجاب بھر کے انسپکٹرز کے لئے بڑی خوشخبری، ڈی ایس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

سانحہ ماڈل ٹاؤن استغاثہ کیس جواد حامد نے بیان قلمبند کرا دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) سانحہ ماڈل ٹاؤن استغاثہ کیس کے سلسلے میں مستغیث جواد حامد نے انسداد دہشت گردی عدالت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

وفاقی وزارتوں میں 15 ہزار 673 ارب کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

آڈیٹر جنرل نے 40 وفاقی محکموں کی گزشتہ مالی سال کی آڈٹ رپورٹ پارلیمنٹ کو بھجوا دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی سال 18-2017 میں وفاقی وزارتوں میں 15 ہزار 673 ارب روپے کی بے قاعدگیوں اور بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل پاکستان نے 40 وفاقی محکموں کی گزشتہ مالی سال کی آڈٹ رپورٹ پارلیمنٹ کو بھجوائی ہے جس میں 51 کیسز میں 14 ہزار (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 26)

آرٹیکل 149 کے تحت وفاق مشورہ دے سکتا ہے، سپیکر سندھ اسمبلی

کراچی (سٹاف رپورٹر) اٹھائیس عدالت نے اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی اور دیگر کیخلاف کرپشن ریفرنس کی سماعت فاضل جج کی رخصت کے باعث 28 ستمبر تک ملتوی کر دی گئی۔ پیشی کو اٹھائیس عدالت کے دورہ اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 27)

سندھ اسمبلی کے سپیکر آغا سراج درانی احتساب عدالت پیشی کے بعد واپس جا رہے ہیں

الیکشن 2018 غیر متنازع حلقوں کا انتخابی ریکارڈ ضائع کرنے کا فیصلہ

ان حلقوں کا مواد ضائع کیا جائے جن کے معاملات الیکشن ٹریبونل یا عدالت میں زیر التوا نہ ہوں، الیکشن کمیشن کی ہدایت

ریجنل، ضلع الیکشن کمشنرز کو مواد ضائع کرنے کے احکامات دیے جائیں، چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز کو ہدایات بھجوا دی گئیں

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) الیکشن کمیشن نے عام انتخابات 2018 کے انتخابی مواد کو ضائع کرنے کا فیصلہ کرلیا، مواد ضائع کرنے کیلئے صوبوں کو احکامات بھجوا دیئے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے ہدایت کی ہے کہ قومی اور صوبائی اسمبلی کے حلقوں کا انتخابی مواد ضائع کیا جائیگا، غیر متنازعہ حلقوں کے بیلٹ پیپرز، کاؤنٹر فائلز، فارم ضائع کیا جائے، ان حلقوں کا مواد ضائع کیا جائے جن کے معاملات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

فیصل آباد: صوبائی وزیر چوہدری ظہیر الدین جڑانوالہ کے نوجوانوں کے ورثا کو امدادی چیک دے رہے ہیں

منشیات کا خاتمہ کر کے آئندہ نسلوں کا مستقبل محفوظ بنائینگے، شہریار آفریدی

اگر منشیات کو روک لیا تو اس سے بڑی معاشرے کی کوئی اور خدمات نہیں ہو سکتیں

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر شہریار آفریدی کی لاہور افغان مہاجرین کے کمشنر آفس لاہور اپر مال آمد، صدر پی آئی بی پنجاب اعجاز احمد چوہدری اور کمشنر افغان مہاجرین پنجاب مظہر یاسین ڈوگر نے ان کا استقبال کیا، وفاقی وزیر نے پی ٹی آئی لاہور کے تنظیمی عہدیداران، کمیشنر لاہور بلال لودھی، ڈپٹی کمیشنر صالحہ سعید، ڈی آئی جی آپریشن اشفاق خان اور ایجنٹی نارکوٹکس فورس کے افسران سے ملاقات کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

شادی کروانے کی آڑ میں لوٹنے والے گروہ کیخلاف چینی باشندے عدالت پہنچ گئے

لاہور (کورٹ رپورٹر) پاکستانی لڑکیوں سے شادی کرنے کی آڑ میں لاکھوں روپے کا فراڈ کرنے والے پاکستانی گروہ کے خلاف تین چینی باشندے انصاف کے لئے سیشن کورٹ پہنچ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

داتا دربار دھماکہ، شہید سکیورٹی گارڈ کی بیوہ کو سرکاری نوکری مل گئی

لاہور (سیشن رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی ہدایت پر داتا دربار بم دھماکے میں شہید ہونے والے سکیورٹی گارڈ رفاقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ٹریفک وارڈنز کے دوران ڈیوٹی موبائل فون استعمال کرنے پر بھی پابندی

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس کے بعد ٹریفک وارڈنز کو بھی دوران ڈیوٹی موبائل فون استعمال کرنے سے روک دیا گیا، ٹریفک وارڈنز کو اب ڈیوٹی پر جانے سے قبل سیکٹر میں موبائل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

جڑانوالہ کے جاں بحق نوجوانوں کے ورثاء کو 15 لاکھ مالی امداد

انسانی جان کا کوئی نعم البدل نہیں، سوگوار خاندان کو تنہا نہیں چھوڑینگے، چوہدری ظہیر

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی طرف سے ڈیرہ غازی خان میں پائپ لائن میں دم گھٹنے سے جاں بحق ہونے والے چک نمبر 92/ب تحصیل جڑانوالہ کے تین نوجوانوں کے ورثاء کو مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے مالی امداد دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر پبلک پراسیکیوشن چوہدری ظہیر الدین نے اسسٹنٹ کمشنر آفس جڑانوالہ میں شوکت علی کے دو بیٹوں رمضان اور حیدر علی کی وفات پر ورثاء کو 10 لاکھ روپے جبکہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 31)

فرنس آئل چوری کیس، ملزم اخلاق شاہ کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع

غیر قانونی سرمایہ کاری سکینڈل کیس میں آصف ہاشمی کیخلاف گواہ طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) احتساب عدالت نے نندی پور پاور پروجیکٹ میں 22 کروڑ روپے فرنس آئل چوری کرنے کے خلاف سماعت کرتے ہوئے ملزم اخلاق شاہ کے پندرہ روز کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کر دی۔ عدالت نے کیس کی سماعت 28 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج محمد وسیم اختر کیس پر سماعت کی۔ سرکاری وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ ملزم سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

فواد چوہدری، سمیع ابراہیم کے درمیان قانونی جنگ شروع

لاہور (کورٹ رپورٹر) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری اور اینکر پرسن سمیع ابراہیم کے درمیان قانونی جنگ شروع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

پنجاب پولیس کا کارنامہ، ولایتی شراب دیسی شراب میں تبدیل کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس نے اپنے جاوید کمالات کے ذریعے برآمد ہونے والی ولایتی شراب کو دیسی شراب میں بدل دیا۔ ملزم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

کراچی دہشتگردوں کو بم پاؤڈر سپلائی کرنیوالی خاتون گرفتار، شوہر فرار

ایس ایس پی ملیر کا خفیہ اطلاع پر سہراب گوٹھ جنت گل کے مکان پر چھاپہ، خاتون شیریں بی بی کو پکڑ لیا

رانگل فرار، ملزمہ، اسکا شوہر ڈاکوؤں، دہشتگردوں کو کرائے پر اسلحہ اور منشیات بھی سپلائی کرتے تھے

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ جنت گل ٹاؤن میں دہشت گردوں کو بم پاؤڈر سپلائی کرنے والی خاتون دہشت گرد گرفتار، شوہر فرار ہو گیا، بم بارود اسلحہ منشیات اور لوٹا ہوا سامان برآمد کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق ہفتہ کی صبح ایس ایس پی ملیر کی نگرانی میں پولیس انٹیلی جنس معلومات پر سہراب گوٹھ جنت گل جان ندی کے کنارے واقع مکان میں بم بارود کے ذخیرے کی اطلاع پر چھاپہ مارا تو مکان سے خاتون شیریں بی بی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 28)

فیصل آباد: صوبائی وزیر چوہدری ظہیر الدین جڑانوالہ کے نوجوانوں کے ورثا کو امدادی چیک دے رہے ہیں

میاں جاوید لطیف کیخلاف محکمہ اینٹی کرپشن کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری، مذمین واگزار

شیخوپورہ (نیوز ایجنسی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی میاں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 29)

ڈاکٹر کی بے مثال دیانتداری، اکاؤنٹ میں آئے 35 لاکھ واپس کر دیئے

لاہور (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کے دیانتدار ڈاکٹر محمد صدیق نے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 30)

چوری ڈکیتی کے واقعات، شہری لاکھوں کی نقدی، زیورات، گاڑیوں اور قیمتی اشیاء سے محروم

اقبال ٹاؤن، ڈیفنس سی، لٹن روڈ، شالیمار، شاہدرہ ٹاؤن، مناواں، پرانی انارکلی، ریس کورس، لاڑی اڈہ میں ڈکیتی کی وارداتیں

گلشن راوی اور باغبانپورہ، شیرا کوٹ، اقبال ٹاؤن، ڈیفنس بی، اچھرہ، شفیق آباد، مزنگ اور دیگر علاقوں سے گاڑیاں اور موٹر سائیکل چوری

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہریوں کو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی زیورات اور دیگر قیمتی اشیا سے محروم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اقبال ٹاؤن کے علاقے میں شکیل کے گھر میں ڈاکوؤں نے گھسی کو یرغمال بنا کر 3 لاکھ 55 ہزار روپے کی نقدی اور طلائی زیور لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ڈیفنس سی کے علاقہ سے سعید کی فیملی کو یرغمال بنا کر 3 لاکھ 20 ہزار کی نقدی موبائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے۔ لٹن روڈ کے علاقہ میں بابر کی فیملی کو یرغمال بنا کر 3 لاکھ 10 ہزار کی نقد اور طلائی زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے۔ شالیمار کے علاقے میں عظیم کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 32)

جڑانوالہ کے جاں بحق نوجوانوں کے ورثاء کو 15 لاکھ مالی امداد

انسانی جان کا کوئی نعم البدل نہیں، سوگوار خاندان کو تنہا نہیں چھوڑینگے، چوہدری ظہیر

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی طرف سے ڈیرہ غازی خان میں پائپ لائن میں دم گھٹنے سے جاں بحق ہونے والے چک نمبر 92/ب تحصیل جڑانوالہ کے تین نوجوانوں کے ورثاء کو مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے مالی امداد دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر پبلک پراسیکیوشن چوہدری ظہیر الدین نے اسسٹنٹ کمشنر آفس جڑانوالہ میں شوکت علی کے دو بیٹوں رمضان اور حیدر علی کی وفات پر ورثاء کو 10 لاکھ روپے جبکہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 31)

Millions of Rupees Earmarked by the University for Scholarships
To Transform Your Aspirations into Achievements
Morning, Evening & Weekend Programs
Minhaj University Lahore
Ph.D Programs
Arabic, political Sciences, Islamic Studies & Shariah, Library & Information Sciences, Urdu
SOFTWARE ENGINEERING BS
CHEMICAL ENGINEERING B.Sc
COMPUTER SCIENCE & INFORMATION TECHNOLOGY BS – MIT – MCS – M.Phil
FOOD SCIENCE & TECHNOLOGY BS - M.Phil
MASS COMMUNICATION BS – M.Sc – M.Phil
LIBRARY & INFORMATION SCIENCES BS – M.Sc – M.Phil
CRIMINOLOGY & CRIMINAL JUSTICE SYSTEM M.Sc – M.Phil
ENGLISH BS – M.A – M.Phil
URDU M.Phil
CHEMISTRY, PHYSICS BS – M.Sc – M.Phil
POLITICAL SCIENCE, SOCIOLOGY, IR BS – M.Sc – M.Phil
MATHEMATICS & STATISTICS BS – M.Sc – M.Phil
BOTANY & ZOOLOGY BS – M.Sc – M.Phil
ECONOMICS & FINANCE BS – M.Sc – M.Phil
ACCOUNTING BS
PEACE & COUNTER TERRORISM STUDIES BS – M.Phil
ISLAMIC STUDIES & SHARIAH M.Phil
COMMERCE B.com (2 years & 4 years) – M.com – M.Phil
MANAGEMENT SCIENCES BBA – MBA – EMBA – M.Phil
EDUCATION, HISTORY, PAK STUDIES BS – M.A - M.Sc – M.Phil
RELIGION & PHILOSOPHY M.Phil – Short Course religion & Peace Building
ISLAMIC BANKING & FINANCE BS – M.Phil
MEDICAL LAB TECHNOLOGY & BIOCHEMISTRY BS – M.Sc – M.Phil Biochemistry BS Medical Laboratory Technology
CLINICAL NUTRITION BS – M.Phil
BEHAVIORAL SCIENCE BA (2 Years)
Order Prospectus Online
www.admissions.mul.edu.pk
Evening Weekdays Programs
ENGLISH BS – M.A
ENGLISH LITERATURE M.Phil
ENGLISH LINGUISTICS M.Phil
URDU M.A
MATHEMATICS BS – M.Sc
HISTORY & PAK STUDIES M.A – M.Sc
INTERNATIONAL RELATIONS M.Sc
MASS COMMUNICATION BS – M.Sc – M.Phil (Research Track)
MANAGEMENT SCIENCES BBA – MBA (Executive)
COMMERCE B.com (4 Years) Associate Degree in Commerce (2 Years)
ACCOUNTING & FINANCE BS
COMPUTER SCIENCE BS – MS
BIOCHEMISTRY BS – M.Phil
All the Bright Minds Avail the Scholarship by Registering Now
Admissions OPEN Fall 2019 For Undergraduate & Postgraduate
Apply Now!
Chartered by Government of Punjab
Recognized by the HEC in W3 Category
Contact Details:
Universal Access Number (UAN) 03 111 222 685
042-35145621-24 Mul Exchange / Ext: 320, 321
Main Campus,Near Hamdard Chowk, Township, Lahore.
Admission Office: 042-35145629 & 042-35142020 | Weekend: 0335-8228883
www.mul.edu.pk | info@mul.edu.pk
MinhajUniversityLahore officialMUL

ناشر: پبلشر مجتب خان نے خان مجتب پریس سے چھپوا کر 8/8 لارنس روڈ سے شائع کیا۔ گروپ ایڈیٹر: محسن بلال خان لاہور فون: 4-36280491-042 فیکس: 36280524-042 اسلام آباد: 2279848,2279881-051 فیکس: 2828647,2277832-051 راولپنڈی فون+ فیکس: 5537572-051 کراچی: 35671746-021 پشاور: 35279720-091 ملتان: 4515800-061 فیکس: 4582347-68-061 سٹلر آباد: 6822-448170 گلگت: 05811-450065

روزنامہ اوصاف Daily Ausaf

قومی سیاست

اسلام آباد

جاوید شہزاد

کشمیر کا معاملہ 50 سال بعد سلامتی کونسل میں زیر بحث آنا پاکستان کی کامیابی ہے

ملک کا مستقبل جمہوریت سے وابستہ ہے، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا نئے پارلیمانی سال کے موقع پر خطاب

صدر مملکت منتخب ہوئے تھے۔ انہوں نے 17 ستمبر کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے پہلی بار خطاب کرکے پارلیمانی سال کا آغاز کیا تھا۔ ایوان کے اجلاس میں امریکہ سے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ دونوں ممالک میں تعلقات اہمیت کے حامل ہیں۔ کچھ وقت کے لیے تعلقات سرد مہری کا شکار ہوئے تھے تاہم عمران خان کے دورۂ امریکہ سے سرد مہری میں کمی آئی ہے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے پاک چین دوستی کا بھی ذکر کیا۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری خطے کے لیے اہم ہے۔ اس سے ملک میں پائیدار معاشی ترقی ہوگی۔ منصوبے کو توانائی اور انفرا سٹرکچر کے ساتھ دیگر ترقیاتی امور کی جانب مرکوز کر دیا گیا ہے۔ صدر نے اپنے خطاب میں روس، ترکی، سعودی عرب اور ایران سے پاکستان کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے عمران خان کے دوروں اور تعلقات میں بہتری کا بھی ذکر کیا۔ کشمیر سے متعلق بیان دیتے ہوئے صدر کا کہنا تھا کہ کشمیر کا معاملہ 50 سال بعد سلامتی کونسل میں زیر بحث آنا پاکستان کی کامیابی ہے۔ سلامتی کونسل کو اس مسئلے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ صدر عارف علوی نے قومی اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم کے کامیاب دورے میں صدر ٹرمپ کی توجہ کشمیر کی جانب مبذول کرانا اہم ہے۔ اقوام متحدہ سے مبصرین بھیجنے کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیر اور کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ مودی چاہتا زور لگانا چاہتا ہے لگا لے لیکن وہ کشمیریوں کو للکست نہیں دے سکتا۔ کشمیریوں کے دلوں سے موت کا ڈر ختم ہو چکا ہے وہ اب صرف کرفیو کے اٹھائے جانے کا انتظار کر رہے ہیں مودی 80 لاکھ افراد کو انتہا پسندی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ دنیا بھارت کو شاہ محمود قریشی نے مودی کو للکارتے ہوئے کہا کہ مودی آپ متنوعہ کشمیر میں اس طرح کا جلسہ کر

کیا۔ صدر کے خطاب کے دوران اپوزیشن کی جانب سے مسلسل احتجاج کیا جاتا رہا۔ حزب اختلاف کے بعض ارکان نے ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ کر ہوا میں اڑا دیں۔ جب کہ کئی ارکان وزیر اعظم کے خلاف نعرے لگا رہے تھے۔ حزب اختلاف کے مسلسل نعرے لگانے پر صدر عارف علوی نے خطاب کے دوران کہا کہ آپ شور مچاتے جائیں مگر بات بھی سن لیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ہنگامے تو جاری رہیں گے لیکن مثبت کام کریں۔ حزب اختلاف کے ارکان نے احتجاج کے دوران اراکین اسمبلی کے پروڈکشن آرڈر جاری نہ ہونے پر نعرے بازی کی۔ اپوزیشن اراکین نے خطاب کے دوران اسپیکر کی ڈیسک کے سامنے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، رانا ثناء اللہ اور سابق صدر آصف علی زرداری کی تصاویر اٹھائی ہوئی تھیں۔ یہ تمام افراد قومی اسمبلی کے ارکان اور حزب اختلاف کا حصہ ہیں۔ احتجاج کے دوران حکومت اور حزب اختلاف کے ارکان دست و گریباں بھی ہوتے لگے تھے لیکن سارجنٹ ایٹ آرمز نے بیچ بچاؤ کرا دیا۔

دوسری جانب وزیر اعظم عمران خان نے خطاب سننے کے لیے ہیڈ فون لگائے ہوئے تھے۔ دوسری جانب وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ افغانستان میں امریکہ کے کامیاب نہ ہونے کا الزام پاکستان پر لگانا غیر منصفانہ ہے۔ ان کے بقول پاکستان نے 70 ہزار جانوں کی قربانی دی ہے جبکہ 100 ارب ڈالرز کا نقصان برداشت کیا۔ عمران خان نے روسی نشریاتی ادارے 'آر ٹی' کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی جنگ میں پاکستان کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ عمران خان کے بقول 'ہم نے 70 ہزار جانیں گنوائیں اور 100 ارب ڈالر کا نقصان بھی برداشت کیا۔ پاکستان کو امریکہ کی اس جنگ میں غیر جانب دار رہنا چاہیے تھا۔' انہوں نے کہا کہ 'میں شروع سے اس جنگ کے خلاف تھا، ہم 9/11 کے بعد امریکہ کی جنگ نہ لڑتے تو ہم دنیا کا خطرناک ملک نہ بنتے۔' ان کا کہنا تھا کہ اتنے نقصانات کے باوجود آخر میں امریکا کی ناکامی پر ہمیں ہی قصور وار ٹھہرایا گیا اور امریکہ اپنی ناکامیوں کا الزام پاکستان پر عائد کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سوویت یونین کے خلاف جنگ کا فنڈ امریکی خفیہ ایجنسی سی آئی اے نے دیا تھا اور پاکستان نے مجاہدین کو تربیت دی تھی۔ جب امریکہ ایک عشرے بعد افغانستان گیا تو کہا گیا کہ یہ جہاد نہیں یہ دہشت گردی ہے۔ عمران خان نے کہا کہ یہ بہت بڑا تضاد تھا جسے میں نے محسوس کیا۔ ان کے بقول امریکہ کا اتحادی بننے سے یہ گروہ ہمارے بھی خلاف ہو گئے اور پاکستان کے خلاف کارروائیاں شروع کر دیں۔

دوسری جانب افغانستان میں امن کے لیے طالبان سے مذاکرات کے حوالے سے اقوام متحدہ میں پاکستان کی مستقل مندوب ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ افغان امن مذاکرات جلد دوبارہ شروع ہونے چاہئیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ طالبان اور امریکہ کے درمیان مذاکرات میں تعطل مختصر وقت کے لیے ہوگا۔

پشاور

فرید اللہ خان

ایک سال گذرنے کے باوجود قبائلی اضلاع عوام مطمئن نظر نہیں آرہے

صوبائی حکومت قبائلی اضلاع میں تعینات سیکورٹی اہلکاروں کو پولیس میں ضم کرنے کا وعدہ پورا نہ کر سکی

صوبائی حکومت نے ضم اضلاع میں تیز ترین ترقیاتی منصوبے شروع کرنے کیلئے اقدامات اظہاری ہے لیکن ایک سال گذرنے کے باوجود قبائلی اضلاع عوام مطمئن نظر نہیں آتے اور ان کا موقف ہے کہ زمینی حقائق حکومتی دعوؤں کے برعکس ہیں اور قبائلی عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ صوبائی حکومت قبائلی اضلاع میں تعینات سیکورٹی اہلکاروں کو پولیس میں ضم کرنے اور انہیں صوبائی پولیس کے برابر مراعات دینے کا وعدہ کیا تھا اور ہر بار اس وعدے کو دہرایا لیکن گذشتہ روز صوبائی اسمبلی نے خاصہ دار فورس بل 2019 اور لیویز فورس بل 2019 صوبائی اسمبلی سے منظور کرائے گئے۔ یہ بل صوبائی وزیر قانون سلطان محمد خان نے ایوان میں پیش کئے اور ایوان سے باقاعدہ منظوری ایوان سے لی۔ ان بلوں کے مطابق خیبر پختونخوا خاصہ دار و لیویز آرڈیننس کے بعد باقاعدہ ایکٹ بنا دیا گیا پولیس ایکٹ 2017 کے تمام اختیارات لیویز اور خاصہ داروں کو حاصل ہوں گی خاصہ دار و لیویز فورس خیبر پختونخوا حکومت کے ماتحت کام کرے گی "لیویز اور خاصہ دار فورس کو پولیس" نہیں کہا جائے گا، وزیر قانون سلطان محمد خان کا کہنا تھا کہ خاصہ دار فورس ضم شدہ قبائلی اضلاع میں کام کرے گی اور لیویز فورس سابقہ فرنٹیئر ریجنز میں کام کرے گی فورس کا کمانڈنگ افسر ڈی پی او ہوگا خاصہ دار و لیویز فورس کا یونیفارم، رینک اور پروموشن کا طریق کار وہاں میں طے کیا جائے گا حکومت کے اس اقدام پر حزب اختلاف نے بھرپور احتجاج ریکارڈ کیا اس موقع پر اپوزیشن لیڈر اکرم خان درانی نے دونوں بلوں پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خاصہ دار اور لیویز اب منتخب اراکین کے گھروں کے باہر دھرنے دیں گے حکومت نے قبائل میں قانون پاس کر کے ڈکٹیٹر شپ کا مظاہرہ کیا، بلوں کے حوالے سے ایوان کو اعتماد میں نہیں لیا گیا اپوزیشن لیڈر سردار حسین بابک نے کہا کہ وعدے کے باوجود وزیر اعلیٰ نے لیویز اور خاصہ دار کو پولیس میں ضم نہیں کیا، قبائلی اضلاع میں تمام وعدوں سے روگردانی کی گئی جس پر صوبائی وزیر شوکت یوسفزئی نے کہا کہ آرڈیننس کی مدت ختم ہونے کے باعث بل کو ایوان میں جلدی پیش کیا گیا لیویز اور خاصہ دار کو قانونی شکل دے کر صوبائی فورس بنایا گیا ہے۔

حکومت کی جانب سے بلوں کی منظوری کے بعد اپوزیشن جماعتوں نے ایوان میں احتجاج کیا اور چیئرمین اسمبلی کے ڈائس کا گھیراؤ کرتے ہوئے نعرہ بازی کی اور حکومت سے خاصہ دار فورس اور لیویز فورس بلوں کو واپس لینے کا مطالبہ کر دیا اس موقع پر اپوزیشن جماعتوں نے ضم اضلاع کے نو منتخب اراکین کو بھی احتجاج میں شامل ہونے کا کہہ دیا جس پر ضم اضلاع کے نو منتخب اراکین بھی احتجاج میں شامل ہو گئے۔ اپوزیشن کی تحفظات درست نکلے اور دوسرے ہی روز مختلف قبائلی اضلاع سمیت پشاور کے باغ نارمان میں بھی قبائلی اضلاع کے فورسز سے تعلق رکھنے والوں نے اپنا احتجاج ریکارڈ کیا اور ہیں ممکن ہے کہ یہ سلسلہ اب قبائلی اضلاع تک پھیلے گا کیونکہ ان کے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ وہ باقاعدہ پختونخوا پولیس کا حصہ بنیں گے ایسے میں انہیں پولیس کے اعلیٰ افسر کے ماتحت کرنے پر اعتراض ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر وہ احتجاج کر رہے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ قبائلی اضلاع میں ایسے پولیس افسران کو تعینات کیا جائے جو قبائلی روایات سے نابلد ہوں جو یقیناً مسائل میں اضافے کا باعث بنے گا۔ جہاں تک قبائلی اضلاع کے عوام کا تعلق ہے تو زیادہ تر عوام کا زریعہ آمدن افغانستان کے ساتھ تجارت ہے اور اب اس مقصد کیلئے صوبائی حکومت نے طورخم بارڈر کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کا فیصلہ کیا اس کا افتتاح کیلئے وزیر اعظم عمران خان نے آنا تھا لیکن بعض غیر ملکی دوروں کی وجہ سے وہ شائد اگلے ہفتے اس کا افتتاح کریں گے لیکن وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان اس کا فی دلچسپی

لے رہے ہیں اور خود ہی ان تمام معاملات کو دیکھتے ہیں گذشتہ روز انہوں نے اس سلسلے میں اجلاس طلب کیا تھا جس میں انہوں نے واضح کیا ہے کہ طورخم بارڈر کو چوبیس گھنٹے کھولنے سے دونوں ممالک کے عوام میں قربت بڑھے گی جبکہ حکومت کے اس انقلابی اقدام سے دونوں برادر اسلامی ممالک کے ساتھ ساتھ وسطی ایشیاء کے ممالک سے بھی روابط اور تجارت کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف دونوں ممالک کی معیشت مستحکم ہوگی بلکہ دونوں ممالک کے عوام کو روزگار کے بہتر مواقع بھی میسر آئیں گے۔ ادھر تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی چھ سالہ دور حکومت میں پاکستان تحریک انصاف کے منشور کے بنیادی نکات رہے لیکن آج بھی دیکھا جائے تو جہاں عوام طبی سہولیات کی فراہمی کا رونا روتے وہاں تعلیمی اداروں میں اصلاحات کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا رہا لیکن صورتحال آج بھی جوں کی توں ہی بلکہ بد سے بدتر ہوتی جارہی ہے اعلیٰ تعلیمی ادارے زبوں حالی کا شکار ہیں یہاں تک کہ صوبے کے آٹھ یونیورسٹیز مستقل وائس چانسلرز سے محروم رکھے گئے ہیں جبکہ آٹھ تعلیمی بورڈز میں زیادہ تر کے سربراہان کی تقرری نہ ہو سکی گذشتہ دور حکومت کے دوران اگر ایک جانب صوبائی حکومت کو دہشت گردوں کا سامنا تھا جو آئے روز صرف سرکاری تعلیمی اداروں کو دھماکوں سے اڑاتے رہے تو دوسری جانب عوامی نیشنل پارٹی نے صوبے میں ایک درجن سے زیادہ یونیورسٹیاں بنائی اور دور دراز کے اضلاع میں ان کے کیمپس بنا کر عوام کو گھر کی دہلیز پر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع فراہم کئے لیکن چھ سال کے دوران موجود وہ حکومت نہ کوئی کالج بنا سکی اور نہ ہی کوئی یونیورسٹی بلکہ پہلے سے موجود جامعات اب انتظامی اور مالی بحران کا شکار ہیں حال ہی میں صوبے کے 30 یونیورسٹیز اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تقرریوں پر پابندی عائد کی گئی جس سے یہ بحران مزید گھمبیر ہونے کا خدشہ ہے۔ گذشتہ دور میں صوبے میں نجی سکولوں کے بڑھتے ہوئے نٹ ورک اور نجی سکولوں کو "مال کماؤ" کا زریعہ بنانے والے غیر متعلقہ افراد کو لگام دینے اور صحیح معنوں میں نجی سیکٹر میں تعلیم کے فروغ کیلئے کام کرنے والوں کی حوصلہ افزئی کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور اس مقصد کیلئے ان تمام اداروں کو قانون کے دائرے میں لانے کیلئے قانون بنانے کی کوشش کی گئی لیکن اس وقت چند مخصوص افراد کی مخالفت کی وجہ سے یہ بل اسمبلی کے فلور پر نہ آ سکا۔ جب صوبے میں پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کی حکومت آئی تو انہوں نے اس قانون کو پھر سے ایوان میں لانے کا فیصلہ کیا لیکن اس بار فرق یہ تھا کہ ایوان میں کئی بااثر وزراء ایسے تھے جو تعلیمی تجارت سے وابستہ تھے اس میں سرفہرست اس وقت کے سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی اسد قیصر اور اس وقت وزیر مشتاق غنی وزیر خزانہ اور جماعت اسلامی کے کئی دیگر منتخب ارکان شامل تھے یوں اس قانون میں بار بار ترمیم کرنے کے بعد اسے منظور کرایا اور ریگولیٹری اتھارٹی کے نام سے ایک ادارہ بھی بنایا گیا لیکن اسے عضو معطل کر کے رکھ دیا۔

لاہور

حافظ نعیم احمد

پنجاب میں تبدیلیوں کا موسم، کسی سے استعفیٰ طلب، کسی پر دباؤ

پنجاب میں بلدیاتی الیکشن کی تیاریاں شروع، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کی سربراہی میں حلقہ بندیاں کی جائیں گی

ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے ابھی تبدیلی کا موسم دور ہے، جس کی زندہ مثال یہ کہ کسی سے استعفیٰ لے لیا گیا اور کوئی کسی کے دباؤ پر مستعفی ہو گیا۔ ایک ہی روز جمعہ کے دن دو استعفے آئے۔ پہلے وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کے ترجمان شہباز گل کا استعفیٰ آیا جس سے بڑی حیرانگی ہوئی، تاہم وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کے ترجمان شہباز گل کی تبدیلی کے اہم حقائق سامنے آ گئے۔ شہباز گل نے پہلے ٹکٹوں میں چھاپے مارنے کا ٹویٹ جاری کرایا تھا۔ ذرائع کے مطابق شہباز گل نے لیٹر جاری ہونے کے بعد استدعا کی کہ میں خود استعفیٰ دیتا ہوں، شہباز گل نے ٹویٹ روکوا کر استعفیٰ دیا تاکہ عزت قائم رہے، ان کو وزیر اعلیٰ نے غیر ضروری مداخلت کرنے پر متعدد بار روکا بھی تھا لیکن وہ نہ رکے۔ ذرائع کے مطابق شہباز گل بعض پولیس اور ڈسٹرکٹ افسران سے بھی الجھتے رہے، وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے ان پر پابندی عائد کی تھی کہ ان کے ساتھ کسی وزٹ پر نہیں جائیں گے۔ انہوں نے متعدد اجلاسوں میں نشاندہی کی کہ معاملات میں مداخلت نہ کی جائے۔ مستعفی ہونے والے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ترجمان کی مداخلت پر عثمان بزدار نے سخت ناراضگی کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے چند روز قبل وزراء اور پارٹی رہنماؤں پر شدید تنقید کی تھی جس کی شکایت وزیر اعلیٰ پنجاب نے وزیر اعظم عمران خان سے بھی کی تھی۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے چند روز قبل وزیر اعظم عمران خان سے

مسائل کی دلدل سے نکالیں گے جس سے اخذ ہوتا ہے کہ انہیں ہٹائے جانے کے پر رنج ضرور ہے، شہباز گل کا کہنا تھا کہ پاکستان میں مثبت تبدیلی کیلئے پہلے بھی خان کا ساتھ دیا تھا اور اب بھی ہوں، وطن عزیز کی خدمت کیلئے مجھے کسی عہدے کی ضرورت نہیں، مجھے اپنے لیڈر عمران خان پر فخر ہے جو کہ ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالیں گے۔ اسی روز ایک اور استعفیٰ بھی زیر دستی آیا جو کہ بڑی تبدیلی کہا جا رہا ہے، مشیر وزیر اعلیٰ عون چوہدری کو عہدے سے ہٹا دیا گیا اور ان کی جگہ آصف محمود کو نیا مشیر مقرر کیا جائے گا ان کی بھی بہت سے شکایات تھیں کہ وہ بہت سے معاملات بھی مداخلت کرتے ہیں اور قانون سے تجاوز بھی کر جاتے ہیں اور وزیر اعلیٰ کے معاملات میں رکاوٹ ڈالنے کا بھی ان پر الزام ہے۔ زیر اعلیٰ پنجاب نے ان کے استعفے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ وزراء اور مشیران کی تعداد کو کم رکھنے اور کفایت شعاری کے

حوالے سے وزیر اعظم عمران خان کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے 21 وزراء اور 6 مشیروں کی تعداد کو کم کر کے 14 وزراء اور 4 مشیروں کی کر دیا ہے۔ ہونیوالی ملاقات میں آگاہ کیا کہ شہباز گل سمیت کچھ افراد ہمارے ویژن کے خلاف ہیں۔ وزیر اعظم نے اسکے خلاف ایکشن لیا اور فوری تبدیلی کی منظوری دی تھی۔ دوسری طرف پنجاب حکومت سے الگ ہونے کے بعد پہلے ٹویٹ میں شہباز گل کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم عمران خان میرے لیڈر ہیں مجھے ان پر فخر ہے جو انشاء اللہ ملک کو

دھوکے کرنے والوں کی پنجاب کابینہ میں مزید توسیع کا سلسلہ ابھی رکا نہیں، وزیر اعلیٰ شکایت سیل کے چیئرمین شپ کے عہدے سے استعفیٰ دینے والے ملک اسد کھوکھر نے بھی پنجاب کی وزارت کا حلف اٹھالیا ہے اور وہ باقاعدہ وزیر بن گئے ہیں، ان سے پنجاب کے قائم مقام گورنر چوہدری پرویز الٰہی نے حلف لیا۔ حکومت پنجاب نے حلقہ بندیوں کی تشکیل دے کر صوبائی فورس بنایا گیا ہے۔

حکومت کی جانب سے بلوں کی منظوری کے بعد اپوزیشن جماعتوں نے ایوان میں احتجاج کیا اور چیئرمین اسمبلی کے ڈائس کا گھیراؤ کرتے ہوئے نعرہ بازی کی اور حکومت سے خاصہ دار فورس اور لیویز فورس بلوں کو واپس لینے کا مطالبہ کر دیا اس موقع پر اپوزیشن جماعتوں نے ضم اضلاع کے نو منتخب اراکین کو بھی احتجاج میں شامل ہونے کا کہہ دیا جس پر ضم اضلاع کے نو منتخب اراکین بھی احتجاج میں شامل ہو گئے۔ اپوزیشن کی تحفظات درست نکلے اور دوسرے ہی روز مختلف قبائلی اضلاع سمیت پشاور کے باغ نارمان میں بھی قبائلی اضلاع کے فورسز سے تعلق رکھنے والوں نے اپنا احتجاج ریکارڈ کیا اور ہیں ممکن ہے کہ یہ سلسلہ اب قبائلی اضلاع تک پھیلے گا کیونکہ ان کے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ وہ باقاعدہ پختونخوا پولیس کا حصہ بنیں گے ایسے میں انہیں پولیس کے اعلیٰ افسر کے ماتحت کرنے پر اعتراض ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر وہ احتجاج کر رہے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ قبائلی اضلاع میں ایسے پولیس افسران کو تعینات کیا جائے جو قبائلی روایات سے نابلد ہوں جو یقیناً مسائل میں اضافے کا باعث بنے گا۔ جہاں تک قبائلی اضلاع کے عوام کا تعلق ہے تو زیادہ تر عوام کا زریعہ آمدن افغانستان کے ساتھ تجارت ہے اور اب اس مقصد کیلئے صوبائی حکومت نے طورخم بارڈر کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کا فیصلہ کیا اس کا افتتاح کیلئے وزیر اعظم عمران خان نے آنا تھا لیکن بعض غیر ملکی دوروں کی وجہ سے وہ شائد اگلے ہفتے اس کا افتتاح کریں گے لیکن وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان اس کا فی دلچسپی

لے رہے ہیں اور خود ہی ان تمام معاملات کو دیکھتے ہیں گذشتہ روز انہوں نے اس سلسلے میں اجلاس طلب کیا تھا جس میں انہوں نے واضح کیا ہے کہ طورخم بارڈر کو چوبیس گھنٹے کھولنے سے دونوں ممالک کے عوام میں قربت بڑھے گی جبکہ حکومت کے اس انقلابی اقدام سے دونوں برادر اسلامی ممالک کے ساتھ ساتھ وسطی ایشیاء کے ممالک سے بھی روابط اور تجارت کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف دونوں ممالک کی معیشت مستحکم ہوگی بلکہ دونوں ممالک کے عوام کو روزگار کے بہتر مواقع بھی میسر آئیں گے۔ ادھر تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی چھ سالہ دور حکومت میں پاکستان تحریک انصاف کے منشور کے بنیادی نکات رہے لیکن آج بھی دیکھا جائے تو جہاں عوام طبی سہولیات کی فراہمی کا رونا روتے وہاں تعلیمی اداروں میں اصلاحات کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا رہا لیکن صورتحال آج بھی جوں کی توں ہی بلکہ بد سے بدتر ہوتی جارہی ہے اعلیٰ تعلیمی ادارے زبوں حالی کا شکار ہیں یہاں تک کہ صوبے کے آٹھ یونیورسٹیز مستقل وائس چانسلرز سے محروم رکھے گئے ہیں جبکہ آٹھ تعلیمی بورڈز میں زیادہ تر کے سربراہان کی تقرری نہ ہو سکی گذشتہ دور حکومت کے دوران اگر ایک جانب صوبائی حکومت کو دہشت گردوں کا سامنا تھا جو آئے روز صرف سرکاری تعلیمی اداروں کو دھماکوں سے اڑاتے رہے تو دوسری جانب عوامی نیشنل پارٹی نے صوبے میں ایک درجن سے زیادہ یونیورسٹیاں بنائی اور دور دراز کے اضلاع میں ان کے کیمپس بنا کر عوام کو گھر کی دہلیز پر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع فراہم کئے لیکن چھ سال کے دوران موجود وہ حکومت نہ کوئی کالج بنا سکی اور نہ ہی کوئی یونیورسٹی بلکہ پہلے سے موجود جامعات اب انتظامی اور مالی بحران کا شکار ہیں حال ہی میں صوبے کے 30 یونیورسٹیز اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تقرریوں پر پابندی عائد کی گئی جس سے یہ بحران مزید گھمبیر ہونے کا خدشہ ہے۔ گذشتہ دور میں صوبے میں نجی سکولوں کے بڑھتے ہوئے نٹ ورک اور نجی سکولوں کو "مال کماؤ" کا زریعہ بنانے والے غیر متعلقہ افراد کو لگام دینے اور صحیح معنوں میں نجی سیکٹر میں تعلیم کے فروغ کیلئے کام کرنے والوں کی حوصلہ افزئی کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور اس مقصد کیلئے ان تمام اداروں کو قانون کے دائرے میں لانے کیلئے قانون بنانے کی کوشش کی گئی لیکن اس وقت چند مخصوص افراد کی مخالفت کی وجہ سے یہ بل اسمبلی کے فلور پر نہ آ سکا۔ جب صوبے میں پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کی حکومت آئی تو انہوں نے اس قانون کو پھر سے ایوان میں لانے کا فیصلہ کیا لیکن اس بار فرق یہ تھا کہ ایوان میں کئی بااثر وزراء ایسے تھے جو تعلیمی تجارت سے وابستہ تھے اس میں سرفہرست اس وقت کے سپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی اسد قیصر اور اس وقت وزیر مشتاق غنی وزیر خزانہ اور جماعت اسلامی کے کئی دیگر منتخب ارکان شامل تھے یوں اس قانون میں بار بار ترمیم کرنے کے بعد اسے منظور کرایا اور ریگولیٹری اتھارٹی کے نام سے ایک ادارہ بھی بنایا گیا لیکن اسے عضو معطل کر کے رکھ دیا۔

وزیر اعظم پاکستان عمران خان کا مظفر آباد میں کشمیریوں سے یکجہتی کے دوران دبنگ خطاب

کشمیریوں کے دلوں سے موت کا ڈر ختم، اب وہ صرف کرفیو کے اٹھائے جانے کا انتظار کر رہے ہیں

آزاد کشمیر

مسعود الرحمان عباسی

13 ستمبر کو وزیر اعظم پاکستان عمران خان نے مظفر آباد میں کشمیریوں سے یکجہتی کے دوران اپنے خطاب میں دنیا پر واضح کیا ہے کہ دو ایٹمی ممالک کا اس طرح آمنے سامنے آنا بہت خطرناک ثابت ہو سکتا ہے دبے الفاظ میں انہوں نے دنیا کو باور کرایا کہ اگر بین الاقوامی دنیا اقوام متحدہ کشمیریوں پر ہونے والے ظلم، بچوں، بوڑھوں کو سر بازار تشدد کا نشانہ بنانے اور خواتین کی عصمت دری جیسے واقعات پر ہندوستان کو نہ روکا گیا تو حالات خراب ہو سکتے ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری مودی حکومت پر ہوگی مقبوضہ وادی میں 43 روز سے کرفیو کا نفاذ ہے وادی میں عام افراد کا داخلہ یا نکلنا دور کی بات ہے ہندوستان کی سیاسی شخصیات سمیت اپوزیشن کا داخلہ بھی بند کر رکھا ہے ہر 8 کشمیریوں کے ساتھ ایک ہندوستانی فوج کی ڈیوٹی ہے 18 لاکھ لوگ محصور ہو کر رہ گئے ہیں ادویات ختم، اشیاء خورد و نوش کی قلت، لوگوں نے اپنے عزیزوں کی قبریں اپنے گھروں کے اندر بنانا شروع کر دی ہیں۔ لوگوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے اس وقت اگر اقوام متحدہ اور دیگر ممالک نے کشمیریوں پر ہونے والے ظلم و بربریت کا نوٹس نہ لیا ہندوستان کو ظلم

پر واضح کر دیا ہے کہ ریٹرنڈم ہو یہ کشمیریوں پر انحصار کرتا ہے وہ کس کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔ ہم کشمیریوں کی خواہش کا احترام کرتے ہیں۔ پاکستان کی طرف سے ان پر کسی بھی قسم کا دباؤ نہیں ہوگا لیکن کشمیر کے آزادی کا فیصلہ ہونے تک پاکستان کشمیر اور کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ مودی جتنا زور لگانا چاہتا ہے لگا لے لیکن وہ کشمیریوں کو للکست نہیں دے سکتا۔ کشمیریوں کے دلوں سے موت کا ڈر ختم ہو چکا ہے وہ اب صرف کرفیو کے اٹھائے جانے کا انتظار کر رہے ہیں مودی 80 لاکھ افراد کو انتہا پسندی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ دنیا بھارت کو شاہ محمود قریشی نے مودی کو للکارتے ہوئے کہا کہ مودی آپ متنوعہ کشمیر میں اس طرح کا جلسہ کر

رہے ہیں۔ دنیا اس پر توجہ دے، یونی ورسٹی کالج گراؤنڈ میں پہلی بار ایسا جلسہ کیا گیا جس میں صرف آزاد کشمیر کا جھنڈا نظر آ رہا تھا کسی پارٹی کا جھنڈا کہیں بھی نہیں تھا حالانکہ اس جلسے میں مسلم کانفرنس، مسلم لیگ ن سمیت دیگر جماعتوں نے بھی اس پار کے محصور کشمیریوں سے یکجہتی کرنے کے لیے شرکت کی تھی۔ عمران خان کے خطاب کو ریاستی سیاسی حلقوں نے سراہا ہے۔ وزیر اعظم پاکستان نے اپنے خطاب کو صرف مسئلہ کشمیر پر مرکوز رکھا ہے پہلی بار کسی بھی جلسہ میں کسی سیاسی پارٹی کے خلاف بات کرنے کے بجائے کشمیریوں کے ساتھ ہونے والے ظلم و بربریت اور بین الاقوامی دنیا کی توجہ اس طرف مبذول کروانے کی بات کی ہے۔ مظفر آباد میں یوم یکجہتی کشمیر کے جلسہ کے دوران پاکستان تحریک انصاف کے عہدہ داران و کارکنان بڑے متحرک رہے۔ سابق وزیر بلدیات خواجہ فاروق احمد جلسہ کے اختتام تک بڑا فعال کردار ادا کرتے رہے۔ جلسہ گاہ میں آنے والوں کو خوش آمدید صفائیوں کی نشستوں کی دیکھ بھال کی۔ قبل ازیں مظفر آباد ڈویژن میں وارڈ سطح تک لوگوں سے مکمل رابطے میں رہے، انہوں نے جلسہ کو کامیاب کروانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا اور اسی وجہ سے پہلی بار مظفر آباد اور اس کے گردونواح سے کثیر تعداد میں لوگ نکلے یونی ورسٹی کالج گراؤنڈ میں تل دھرنے کی جگہ نہیں تھی، اسی طرح چیف سیکرٹری آزاد کشمیر مظہر نیاز رانا نے بھی پاکستان اور آزاد کشمیر میں بہترین انداز میں اپنا تاثر قائم کرنے کا کردار ادا کیا۔

وزیر اعظم آزاد کشمیر کی عدم موجودگی میں چیف سیکرٹری نے سیکیورٹی کے انتظامات کو دیکھا متعدد بار جلسہ گاہ کا معائنہ کیا ان کے ساتھ ضلعی انتظامیہ بھی تھی قبل ازیں بھی چیف سیکرٹری کا ریاست کے مختلف امور میں بڑا پازیٹو کردار رہا ہے۔ وہ سانحہ لیسوا ہوا یا نیلم ویلی میں ہندوستانی فائرنگ سے متاثر ہونے والے افراد جو نامساعد اور مشکل حالات میں زندگیاں گزارنے پر مجبور تھے لیکن چیف سیکرٹری آزاد کشمیر مظہر نیاز رانا ہندوستانی فائرنگ کے باوجود لیپہ ویلی جا پہنچے سماجی حلقوں کے مطابق آزاد کشمیر میں یہ پہلے چیف سیکرٹری ہیں جو دفتر میں کم اور ریاست کے لوگوں اور سرکاری امور کی انجام دہی میں زیادہ توجہ دے رہے ہیں۔

کراچی

یاسین وٹو

وفاقی حکومت کا کراچی کو وفاق کے زیر انتظام علاقے کا درجہ دینے کا فیصلہ؟

وفاق کے ممکنہ اقدام کیخلاف بلاول کا جواب میں سندھ دھودیش کا نعرہ، کراچی صوبے کا نعرہ بھی زور پکڑ سکتا ہے

آخر کار وفاقی حکومت نے 11 سال سے مسلسل نظر انداز ہونے والے پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کے معاملات اپنے ہاتھ میں لینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس حوالے سے وزیر قانون فروغ نسیم نے کہا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 149 کی شق 4 کے تحت وفاقی حکومت کراچی کو وفاق کے زیر انتظام علاقے کا درجہ دے سکتی ہے۔ وفاقی حکومت نے کراچی کو سندھ سے الگ کرنے اور وفا

ہمارے ذہن پر چھائے نہیں ہیں حرص کے سائے — جو ہم محسوس کرتے ہیں وہی تحریر کرتے ہیں (مدیر)

حتم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

روزنامہ اوصاف Daily AUSAF

فون: +92 51 2624764,2624765-66
فیکس: +92 51 2277832, 2828647
ausafarticles@gmail.com
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

اتوار، 15 ستمبر 2019ء، 15 محرم الحرام 1441ھ

مقبوضہ کشمیر میں کرفیو، مساجد پر تالے: دنیا نے بھارت کا جھوٹا بیانیہ مسترد کر دیا

مقبوضہ وادی میں کرفیو برقرار ہے، مساجد پر تالے لگے ہیں، شہریوں کو مسلسل چھٹی بار نماز جمعہ کی ادائیگی نہیں کرنے دی گئی، لوگ پابند سلاسل ہیں۔ کرفیو کے باعث وادی میں 40 ارب بھارتی روپے کا نقصان ہو چکا۔

بھارت نے چالیس روز گزرنے کے بعد بھی عالمی اداروں کے مطالبات کے باوجود بھی مقبوضہ وادی سے کرفیو نہیں ہٹایا اور دنیا کو یہ گمراہ کن تاثر دیا جا رہا ہے کہ وہاں معمولات زندگی معمول کے مطابق چل رہے ہیں اس بھارتی جھوٹ کو دنیا نہ صرف یہ کہ تسلیم کرنے سے انکاری ہے بلکہ وہ انسانی حقوق کے عالمی اداروں کی مقبوضہ کشمیر کی رسائی کا مطالبہ کر رہی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان اور ہماری حکومت سرگرم سفارتکاری کے ذریعے ساری دنیا کو بھارتی مظالم سے احسن طریقے سے آگاہ کر رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج بھارت پر عالمی دباؤ مسلسل بڑھ رہا ہے بھارت کرفیو کے خاتمے اب تک مقبوضہ کشمیر میں چالیس ارب کا نقصان برداشت کر چکا ہے اور اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو اسے مزید مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس وقت پوری وادی عملاً فوجی چھاؤنی میں تبدیل ہے تاہم اس کے باوجود شہریوں کی بڑی تعداد مظاہرے کر رہی ہے اور بھارت مخالف نعرے لگا رہے ہیں۔

5 اگست کے بھارتی اقدام کے بعد سے شہریوں کو نماز جمعہ کی ادائیگی نہیں کرنے دی جا رہی اور سرینگر کی مشہور جامع مسجد کو تالے لگے ہوئے ہیں جبکہ باقی دیگر مساجد میں بھی مسلسل چھٹی بار جمعہ کی نماز ادا نہیں کرنے دی گئی۔ مسلسل کرفیو کے باعث زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے، انٹرنیٹ، موبائل فون، لینڈ لائن سمیت دیگر سہولیات، دکانیں، تعلیمی ادارے بند ہیں اور ہسپتال ویرانی کے مناظر پیش کر رہے ہیں، ٹرانسپورٹرز بھی اپنی گاڑیاں باہر نہیں نکال رہے۔ سرینگر، بارہمولا، بانڈی پورہ، کپواڑہ، پلوامہ، شوپیاں، اسلام آباد اور دیگر علاقوں میں زیادہ سختی کی گئی ہے جہاں ان علاقوں میں نوجوانوں کی بڑی تعداد آزادی کے حق میں نعرے لگاتی ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں کشمیری شہریوں کو قید رکھا گیا ہے جہاں ان کو لیگل سہولیات بھی نہیں دی جا رہی ہیں۔ ان حقائق کے بارے میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا کہنا درست ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام پابند سلاسل ہیں، مسجدوں پر تالے اور مواصلاتی نظام بند ہے، اگر مودی سرکار میں ہمت ہے تو کرفیو ہٹائے، پھر تاریخی احتجاج دیکھے۔ ہندوستان کے سفاکانہ طرز عمل کے خلاف دنیا بھر میں آوازیں اٹھ رہی ہیں اور بھارت کے جھوٹے بیانیے کی قلعی کھل رہی ہے۔ پاکستان کی کاوشیں بارآور ثابت ہو رہی ہیں، دنیا نے جس طرح مقبوضہ جموں و کشمیر کی سمجھیر صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا وہ غیر معمولی ہے۔ سول سوسائٹی، میڈیا، رائٹس تنظیموں اور بین الاقوامی میڈیا میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر شدید تحفظات اور تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے اور کشمیر کی حمایت میں 58 ممالک کا مشترکہ بیان جاری ہونا انتہائی حوصلہ افزا ہے۔ یورپی یونین کی طرف سے بھی ثبت ردعمل سامنے آ رہا ہے اور اب کشمیر پہلی دفعہ یورپین پارلیمنٹ میں بطور ایجنڈا زیر بحث آئے گا۔ رواں ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں وزیر اعظم مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم انسانوں کے مقدمے کو دنیا بھر کے سامنے پیش کریں گے۔ امید کی جا سکتی ہے کہ وزیر اعظم کے اس اہم ترین خطاب کے بعد دنیا کسی عملی اقدام کی طرف پیش رفت کرے گی۔

قومی اسمبلی میں ہنگامہ: سیاسی اشرافیہ کے بچاؤ کیلئے ملکی مفاد کو داؤ پر نہ لگایا جائے

پاکستان مسلم لیگ (ن) نے گرفتار ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری نہ ہونے پر سپریم کورٹ جانے کا عندیہ دیدیا جبکہ سپیکر نے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کا دباؤ مسترد کر دیا۔

مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر خواجہ محمد آصف نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 2002ء میں جاوید ہاشمی کے پروڈکشن آرڈر کے حوالے سے سپریم کورٹ کا ایک فیصلہ موجود ہے، پارلیمنٹ کے دروازے اپوزیشن کیلئے بند نہ کئے جائیں۔ رانا ثناءاللہ، شاہد خاقان عباسی، آصف علی زرداری اور خواجہ سعد رفیق کی اس ملک کیلئے بہت سی خدمات ہیں انہیں ایوان میں شرکت کا حق دیا جائے ان کے حلقوں کو نمائندگی سے محروم نہ رکھا جائے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ جتنے پروڈکشن آرڈر میں نے جاری کئے ہیں تاریخ میں کسی سپیکر نے نہیں کئے، میں قانون کے مطابق فیصلے کروں گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ آئین کے تحت پارلیمنٹ ایک سپریم ادارہ ہے لیکن اس کو بھی اپنی حدود کے اندر رہ کر کام کرنا ہوتا ہے اور جن سیاسی رہنماؤں پر بدعنوانی کے الزامات ہیں اور انکے ساتھی پلی بارگین کر کے اپنے خلاف ریفرنسز سے جان چھڑا رہے ہیں۔ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ماضی میں شرمناک لوٹ مار کی گئی ہے لیکن اسمبلی کے فلور پر بدعنوانوں کی حمایت میں چیخ و پکار کر کے مسئلہ کشمیر سمیت قومی معاملات پر کارروائی کو سبوتاژ کرنا درست نہیں، تاہم اپوزیشن کے اس موقف کو قطعی غلط قرار نہیں دیا جا سکتا کہ احتساب کے عمل پر جو تحفظات ظاہر کیے جا رہے ہیں وہ کسی حد تک درست ہو گئے۔ یہ تاثر اب پختہ ہو رہا ہے کہ اپوزیشن کے لوگوں کو توفوری طور پر گرفتار کر لیا جاتا ہے لیکن حکومت کے جن ذمہ داران پر اختیارات سے تجاوز اور مبینہ لوٹ مار کے الزامات ہیں یا قومی خزانے کو انکی وجہ سے جو نقصان پہنچا ہے اس پر انہیں فوری گرفتاری تحقیقات اور عدالتوں میں پیشیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑ رہا ہے بلکہ انہیں حیلے بہانوں سے لمبی تاریخیں دے کر ریلیف دیا جا رہا ہے۔

جیسا کہ ہم اس سے قبل بارہا یہ بات عرض کر چکے ہیں کہ احتساب چنیدہ نہیں ہونا چاہیے اور جس نے بھی ملکی خزانے کو نقصان پہنچایا ہے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا ہے اس کو بہرصورت جوابدہ ہونا چاہئے اور مساویانہ سلوک کیا جائے تاکہ کسی کو یہ کہنے کا موقع نہ مل سکے کہ صرف انہی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور انتقام لیا جا رہا ہے کیونکہ اس بیانیے کا بیرون ملک بھی اچھا تاثر نہیں جا رہا غیر جانبداری تبھی بنائی جا سکتی ہے۔ جیل کی سلاخوں کے پیچھے ان سب لوگوں کو جانا چاہیے جن پر سنگین الزامات ہیں، ثبوتوں کی عدالتوں میں ہونا چاہیے جو کہ متعلقہ فورم ہے، میڈیا ٹرائل سے کسی کی بھی کردار کشی نہیں ہونی چاہئے اور عدلیہ کو بھی اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ میڈیا ٹرائل عدالتیں نہ لگنے پائیں کیونکہ آزادی اظہار رائے کی بھی حدود ہوتی ہیں جن کی پاسداری ضروری ہے۔ ہماری رائے میں پارلیمنٹ سے بیرونی دنیا کو ایسا تاثر نہیں جانا چاہیے کہ قوم کے نمائندوں کی ترجیحات میں مسئلہ کشمیر اور قومی وقار سے زیادہ اہم پلاٹ و ٹھکڑے کے معاملات ہیں اس سے مسئلہ کشمیر پر ملک کا موقف کمزور ہو جاتا ہے۔

سپریم کورٹ: 2017ء کے بعد نجی تعلیمی اداروں کی فیسوں میں کیا گیا اضافہ کالعدم

سپریم کورٹ نے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کی جانب سے فیسوں میں من مانے اضافہ کے حوالے سے مقدمہ کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے نجی سکولوں کی جانب سے 2017ء کے بعد فیسوں میں کئے جانے والے اضافے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے نجی تعلیمی اداروں کو فیسوں میں اضافے کیلئے متعلقہ قوانین پر عملدرآمد کرتے ہوئے ریگولیٹرز کی منظور شدہ فیس ہی طے شدہ ہائم فریم کے اندر وصول کرنے کی اجازت دی۔

امر واقع یہ ہے کہ رواں سال نومبر کو چیف جسٹس آصف سعید خان کھوسہ کی سربراہی میں جسٹس فیصل عرب اور جسٹس اعجاز الاحسن پر مشتمل تین رکنی بنچ نے اس کیس کی سماعت مکمل ہونے کے بعد اس کا مختصر فیصلہ جاری کیا تھا۔ یہ معاملہ لاہور ہائی کورٹ اور سندھ ہائی کورٹ کے مختلف نجی سکولوں کی انتظامیہ کی جانب سے فیسوں سے متعلق قوانین کے خلاف دائر ہونے والی درخواستوں کے فیصلوں سے اٹھا تھا اور مختلف تعلیمی اداروں نے نجی سکولوں کی فیسوں کو ریگولیٹ کرنے کے قوانین کو چیلنج کیا تھا جس پر لاہور ہائی کورٹ نے دفعہ 7 اے کو درست اور آئین کے مطابق قرار دیا تھا جبکہ اسی نوعیت کا ایک فیصلہ سندھ ہائی کورٹ نے بھی جاری کیا تھا، ان فیصلوں کو مختلف تعلیمی اداروں نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

ہماری رائے میں نجی سکولوں کی انتظامیہ جب چاہتی ہے والدین کی فیسوں میں یکدم اضافہ کر دیتی ہے سرکاری سکولوں میں جو معیاری تعلیم دی جاتی ہے اس بارے حکومت بھی بخوبی آگاہ ہے اور نجی شعبے میں بدقسمتی سے تعلیم کو ایک منفعت بخش کاروبار کی شکل دے دی گئی ہے۔ بعض ادارے اس قدر بااثر ہیں کہ وہ کسی حکومتی قانون اور کسی فیصلے کو خاطر میں نہیں لاتے اور مہنگے ترین وکیلوں کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔ ملک میں متوازی نظام تعلیم کی بجائے یکساں نظام تعلیم کا اجراء کیا جائے اور صلاحیت کی بنیاد پر ہی بچوں کو آگے بڑھنے کا موقع دیا جائے تاکہ مسابقت کا ماحول پیدا ہو اور نجی سکولوں سے ہی حکمران طبقہ پیدا نہ کیا جائے بلکہ عام آدمی کا بچہ بھی اپنی صلاحیت کی بنیاد پر سرکاری اداروں میں جا کر خدمات انجام دے سکے صرف اشرافیہ ہی کے بچوں کا ملک کے اداروں میں اہم عہدوں پر جانا ناگزیر نہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر من وعن عملدرآمد کرائے اور والدین کی شکایات کے ازالہ کے لئے ریگولیٹری اداروں کا مانیٹرنگ سیل قائم کرنے اور ریگولیٹرز کو نجی سکولوں کی فیسوں میں اضافے کے عمل کی نگرانی کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ مہنگائی کے ہاتھوں ستائے ہوئے والدین ڈالر میں بچوں کی فیسیں ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتے۔ فیسوں کی شرح مناسب رکھی جائے، غیر تعلیمی اخراجات نہ بڑھنے جائیں سستی اور معیاری تعلیم پر سب کا یکساں حق تسلیم کیا جائے۔

افغانستان کے مستقبل کے متعلق پیش گوئی کرنا کوئی آسان کام نہیں! امریکہ بہادر اور افغان طالبان کے درمیان دوحہ معاہدہ کے ذریعے ملا عبدالغنی برادر کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے بعد ٹرمپ نے ٹویٹ کیا کہ ہم افغان طالبان کے ساتھ ایک امن معاہدے کے بہت قریب ہیں۔ ہم نے طالبان کے اہم رہنماؤں کو کیمپ ڈیوڈ میں اتوار کو طے شدہ خفیہ مذاکرات کو ایک روز پہلے ہی منسوخ کر دیا گیا۔ اس ملاقات کا مقصد، امریکہ کے نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد اور طالبان کے مابین دوحہ میں تقریباً سال بھر جاری رہنے والے مذاکرات کے نتیجے میں سامنے آنے والے، امن معاہدے کے مسودے پر افغان صدر اور امریکی قیادت کے تحفظات دور کرنا تھا۔

اگلے برس ٹرمپ کو انتخابات کا سامنا ہوگا اور اس سے پہلے وہ طالبان کے ساتھ ایسا معاہدہ کرنا چاہتے ہیں جس کے نتیجے میں افغانستان سے امریکی فوج کا مکمل یا زیادہ سے زیادہ فوجیوں کا انخلا ممکن ہو جائے۔ ٹرمپ نے تنہا یہ اقدام کیا، ان کے مینیجر اتحادی، افغان حکومت یا حال ہی میں قریبی اتحادی بننے والا بھارت ان مذاکرات کا حصہ نہیں اگرچہ ان سب کو پیش رفت سے آگاہ رکھا گیا۔ حال ہی میں جب افغان صدر اشرف غنی کو مجوزہ امن معاہدے کا ابتدائی مسودہ دکھایا گیا تو انہیں اس کی نقل اپنے پاس رکھنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جنہیں فیصلہ سازی کے عمل سے باہر رکھا گیا ان میں مایوسی پائی جاتی ہے۔ جرمنی، جس کے افغانستان میں صرف دو سو پولیس اہلکار اور فوجی ہیں، افغانستان میں اپنے تمام منصوبوں پر کام روکنے کا فیصلہ کر چکا ہے اور اپنے اہل کاروں کی سلامتی کو درپیش خطرات کے پیش نظر ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو واپس بلا چکا ہے جبکہ اس کے زیادہ تر سپاہی شمالی افغانستان کے قدرے محفوظ علاقوں میں تعینات ہیں، دیگر نیٹو ارکان بھی شاید یہی طرز عمل اختیار کریں گے۔

عارضی طور پر وہ قوتیں کام یاب ہوئی ہیں جو امن معاہدے سے ناخوش تھیں اور اس کے لیے ہونے والی کاوشوں کو بھی ناپسند کرتی تھیں۔ اشرف غنی اور ان کی حکومت کے بعد ایسی سب سے اہم قوت بھارت ہے۔ پاکستان سے اپنی شدید نفرت کے ساتھ بھارت گزشتہ دو دہائیوں سے افغان سرزمین کو پاکستان کے لیے

صدر ٹرمپ، صدر اشرف غنی اور طالبان نمائندگان کے کیمپ ڈیوڈ میں اتوار کو طے شدہ خفیہ مذاکرات کو ایک روز پہلے ہی منسوخ کر دیا گیا۔ اس ملاقات کا مقصد، امریکہ کے نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد اور طالبان کے مابین دوحہ میں تقریباً سال بھر جاری رہنے والے مذاکرات کے نتیجے میں سامنے آنے والے، امن معاہدے کے مسودے پر افغان صدر اور امریکی قیادت کے تحفظات دور کرنا تھا۔

اگلے برس ٹرمپ کو انتخابات کا سامنا ہوگا اور اس سے پہلے وہ طالبان کے ساتھ ایسا معاہدہ کرنا چاہتے ہیں جس کے نتیجے میں افغانستان سے امریکی فوج کا مکمل یا زیادہ سے زیادہ فوجیوں کا انخلا ممکن ہو جائے۔ ٹرمپ نے تنہا یہ اقدام کیا، ان کے مینیجر اتحادی، افغان حکومت یا حال ہی میں قریبی اتحادی بننے والا بھارت ان مذاکرات کا حصہ نہیں اگرچہ ان سب کو پیش رفت سے آگاہ رکھا گیا۔ حال ہی میں جب افغان صدر اشرف غنی کو مجوزہ امن معاہدے کا ابتدائی مسودہ دکھایا گیا تو انہیں اس کی نقل اپنے پاس رکھنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جنہیں فیصلہ سازی کے عمل سے باہر رکھا گیا ان میں مایوسی پائی جاتی ہے۔ جرمنی، جس کے افغانستان میں صرف دو سو پولیس اہلکار اور فوجی ہیں، افغانستان میں اپنے تمام منصوبوں پر کام روکنے کا فیصلہ کر چکا ہے اور اپنے اہل کاروں کی سلامتی کو درپیش خطرات کے پیش نظر ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد کو واپس بلا چکا ہے جبکہ اس کے زیادہ تر سپاہی شمالی افغانستان کے قدرے محفوظ علاقوں میں تعینات ہیں، دیگر نیٹو ارکان بھی شاید یہی طرز عمل اختیار کریں گے۔

عارضی طور پر وہ قوتیں کام یاب ہوئی ہیں جو امن معاہدے سے ناخوش تھیں اور اس کے لیے ہونے والی کاوشوں کو بھی ناپسند کرتی تھیں۔ اشرف غنی اور ان کی حکومت کے بعد ایسی سب سے اہم قوت بھارت ہے۔ پاکستان سے اپنی شدید نفرت کے ساتھ بھارت گزشتہ دو دہائیوں سے افغان سرزمین کو پاکستان کے لیے

بھارت کے ٹوٹتے خواب

امریکہ نے جب امن مذاکرات کا آغاز کیا تو بھارت نے بھی غور و فکر شروع کر دیا تھا کہ امن معاہدہ ہونے اور مستقبل کی افغان حکومت میں طالبان کو بڑا حصہ ملنے کی صورت میں افغانستان میں ان کا مستقبل کیا ہوگا کیوں کہ نہ تو بھارت کا طالبان سے کبھی کوئی رابطہ رہا اور نہ ہی طالبان بھارتیوں کو پسند کرتے ہیں۔ اسی لیے بھارت نے تیزی سے آپشن تلاش کرنا شروع کیا اور افغانوں کے زیر اثر نشستوں علاقوں میں قوم پرستوں سے بات چیت کا آغاز کیا۔ بعض تجزیہ کار اس کی تعبیر یہ کرتے ہیں کہ بھارت نے طالبان سے مختلف کے دروازے بند رکھنے کی پالیسی میں تبدیلی کے لیے یہ راہ نکالی۔ جنوری 2010 میں ہونے والی لندن کانفرنس میں امریکہ اور نیٹو افغانستان کے سیاسی حل میں طالبان کو شامل کرنے کے لیے آمادہ ہوئے تو بھارت نے بھی اپنی رفتار بڑھا دی۔ امریکہ اور طالبان کے مابین جاری مذاکرات میں آنے والے تعطل سے بھارت کو وقتی فائدہ تو ہو سکتا ہے لیکن امریکی انخلاء، دفتر خارجہ، قومی سلامتی کونسل اور پینٹاگون کے مابین پایا جانے والا عدم اتفاق امن عمل کی راہ میں اصل رکاوٹ ہے۔

جو بن بولٹن ایسے کسی بھی معاہدے کے شدید ترین مخالف تھے۔ انہوں نے ہر معاملے میں پاکستان کی کھلی مخالفت کی لیکن امریکہ کے کہنہ مشق سفارت کار ان سے محتاط رہے۔ قومی سلامتی کونسل کے لیے بولٹن کی چہیتی لیزا کرٹس پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی میں ہم آواز رہیں۔ مذاکرات موخر کروا کر بولٹن نے وقتی طور پر تو ٹرمپ کو دام میں لے لیا لیکن بولٹن کا مستعفی ہونے سے امن معاہدے کے شدت کے ساتھ خواہش مند ٹرمپ کے ردعمل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یقیناً امریکی صدر مذاکرات کے التوا کی اگلی صبح بہت غصے میں ہوں گے۔ مذاکرات کے از سر نو آغاز کا اشارہ ٹرمپ پر ہے لیکن بھارت کا اضطراب دیدنی ہے کہ کہیں مزید تاخیر کے بجائے معاملہ جلد ہی نمٹا دیا جائے۔ (کالم نگار سکیورٹی اور خارجی امور کے تجزیہ کار ہیں)

اپنے عشاق سے ایسے بھی کوئی کرتا ہے؟

خور کرنے والے اگر غور کرتے تو انہیں ادراک ہو کر رہتا کہ کشمیر کوئی بوجھ نہیں بلکہ ایک اثاثہ ہے۔ پچھلی سات دہائیوں سے کشمیریوں نے سفاک برہمن کو اپنے سینکڑوں بیٹوں کی قربانی دے کر بھی یہ باور نہیں کرایا کہ کشمیر کی کوئی قیمت نہیں؟

اختلاف رائے میں کوئی حرج نہیں۔ آخری پیغمبر محمد ﷺ کو اپنے ہی ساتھیوں سے مشورہ کرنے کا حکم دیا گیا جن کا حکیمانہ کلام ہی یہ تھا "اللہ اور اس کا رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں اور قرآن کریم فرقان حمید آنجناب حضور رسول اکرم ﷺ کی اس روش کو ان کی عظمت اور بلندی کی دلیل ٹھہراتا ہے۔ پھر بھی منکر ماڈرے تنگ کے مصداق" سو پھول کھلنے دیں" میرے آقا کے فرمان ہیں۔ جہاں تہاں سے ہزاروں آوازیں اٹھتی ہیں بالآخر ان میں ایک آہنگ ابھرتا ہے مگر یہ کیا قرینہ ہے کہ خود پاکستانی باقی نہ رہے۔ اپنا مقدمہ کتنا ہی سچا ہو، آپ ہمیشہ اپنی قوم پہ شرمندہ اور شرمساری رہیں۔ جناب علیؓ ابن ابی ابن طالب نے ایسی ہی کسی ساعت میں ارشاد کیا "مصیبت میں گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے"۔

کیا حادثات نے ہمیں تھکا دیا اور ایک مریضانہ خود سپردگی بخش دی؟ مذاکرات کئے جائیں اور ضرور کئے جائیں، امن تلاش کیا جائے اور پورے عزم کے ساتھ کیا جائے لیکن احساس شکست کیسا؟ اور اتنی بے مثال قربانیوں کے بعد مرعوبیت کا کیا مطلب؟ جانے والے یہ کیوں نہیں جانتے کہ:

یہاں کوتاہی ذوق عمل ہے خود گرفتاری
جہاں بازو سمٹتے ہیں، وہاں میاد ہوتا ہے

نجانے کتنی دہائیوں اور ہمیں ایسی بدنصیبی کا منہ دیکھنا پڑے گا کہ مسلک خداداد کی تمام تحسیں استعمال کرتے ہوئے کچھ ایسے حضرات بھی ہمارے حصے میں آئے ہیں جو کھاتے تو اس ملک کا ہیں لیکن حق نمک کسی اور کا ادا کرتے ہیں۔ پچھلے دنوں پاکستان میں اپنے آپ کو ایک دانشور کہلانے اور کہلوانے والے نے کہا "کشمیر کو بھول جائیں"۔ کسی نے ان سے مزکر یہ سوال نہیں پوچھا "اتنی بیش بہا قربانیوں اور اتنے گہرے زخموں کے بعد کیسے بھلا دیا جائے؟" اخراجات اور تجارت، اقوام اور اعتوں کیلئے اچھے اور برے وقت آتے ہیں اور یہی وقت بتاتے ہیں کہ کوئی مخلص یا گروہ نیکی اور عدل پر کتنا قائم ہے۔ ان کیلئے کتنی قربانی دے سکتا ہے۔ صرف یہی تو ایک معیار ہے جو افراد اور اقوام کی قدر و قیمت کا تعین کرتا ہے۔ ایک آدمی کتنا اور پرائے گا اور ایک قوم سرفرازی کی کتنی منزلیں سر کرے گی؟

وقت بدلتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ بدلتا نہیں ہے۔ طوفان پانیوں کو بدل نہیں دیتے اور بحران زندگی کے

تجزیہ
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

حقائق تبدیل نہیں کرتے۔ طلوع و غروب مہ و مہر کا سلسلہ جاوداں ہے۔ ہزاروں منزلیں ہیں، ہزار بحر بے کنار ہیں، چوٹیوں کا چاند چھکے تو طوفان اٹھتے ہیں تو کیا پھر پانی قرار نہیں پاتا؟ کشمیر تو ایک اثاثہ ہے، بیش بہا قیمتی، جہاں سے بھی زیادہ عزیز، اس نے ہمیں تاب و توانائی بخشی اور زندہ رکھا، ورنہ ہم ایک کم کوش اور آسانی سہل طلب تھے کہ شائد تاریخ کے کسی چوراہے پر لہو لہان تن کے سو جاتے، پھر کبھی اس پر بھی تو غور کرو کہ ایک قوم کے دو حصوں میں بچے اور گھر کے تعلق کی یہ کیسی مثال ہے کہ گویا جسم اور روح ہیں جو یکجا ہونے کو تڑپتے رہتے ہیں۔

فیصل آباد کا ایک رئیس زادہ ڈاکٹر جواں ہاب کا اکلوتا چشم و چراغ تھا جس کا اور اس کے آباؤ اجداد کا بظاہر کشمیر کی سرزمین سے کوئی تعلق بھی نہ تھا لیکن اپنے مجبور و مقہور کشمیری بہن بھائیوں پر بھارتی پنجے کے مظالم اور ان کی فریاد پر اپنا سب کچھ تج کر کے وہاں پہنچ جاتا ہے کیونکہ قرآن کا بھی تو یہی حکم

اکرام سہگل
ikram.sehgal@smswppl.com

دوران بھارت کو روس سے قربت کی بنا پر وہاں اپنا رسوخ پیدا کرنے کا موقع ملا۔ افغانستان میں بھارتی رسوخ کی قیمت سوویت یونین نے خوشی اپنے فوجیوں کی جانوں اور اپنے وسائل سے چکائی۔ روسیوں کے انخلا کے بعد جب خانہ جنگی شروع ہوئی تو طالبان سے اچھے تعلقات اور قربت کی وجہ سے افغانستان میں پاکستان کا اثر بڑھتا گیا اور بھارت کے پاس سوائے گزشتہ کے اور کوئی چارہ نہیں تھا۔ حالیہ دور میں اکتوبر 2001 میں جب پاکستان نے طالبان کی حمایت سے ہاتھ اٹھا کر اپنا وزن امریکا کے پلڑے میں ڈال دیا تو بھارت کے ہاتھ ایک اور موقع آ گیا۔ ایک بار پھر وہی داستان دہرائی گئی، امریکہ اور نیٹو نے افغانستان میں اپنی جانیں اور وسائل جھونک دیے اور بھارت نے اس کا بھرپور فائدہ اٹھایا۔ افغانستان میں بھارتی فوج کی براہ راست موجودگی کبھی نہیں رہی لیکن بھارتی فوج نے افغان فوج، پولیس اور سب سے بڑھ کر جاسوسی کے ادارے کے قیام میں بنیادی کردار ادا کیا اور افغان انٹیلی جنس تو درحقیقت بھارت کی آلہ کار ہے۔ افغانستان کی خفیہ ایجنسی نیشنل ڈائریکٹوریٹ آف سیکیورٹی انٹیلی جنس عملاً "را" کا ذیلی ادارہ ہے۔ اشرف غنی کے مقابل امیدوار اور این ڈی ایس آئی کا سابق سربراہ امر اللہ صالح "بھارت" کا امیدوار ہے۔ ہزاروں بھارتی شہری افغانستان میں تعمیراتی کمپنیوں، بین الاقوامی امدادی تنظیموں کے لیے کام کر رہے ہیں اور اسی طرح سفارت خانوں اور کونسل خانوں میں بھارتی سرکاری ملازمین کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے، یہ سب مل کر افغانستان میں بھارتی رسوخ کا دائرہ وسیع کر رہے ہیں۔ افغانستان میں بھارت کے چار قونصل خانے جاسوسی کے اڈے ہیں جہاں سے بلوچستان کے علیحدگی پسندوں کو معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

بھارت شعبہ تعلیم کو بھی افغانستان میں قدم مضبوط کرنے کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ ہر سال بھارتی حکومت ایک ہزار افغان طلباء کو وظائف دیتی ہے، فن کار اور مصنفین کے لیے انڈیا افغانستان فاؤنڈیشن ایکسچینج پروگرام مرتب کرتی ہے اور چھوٹی موٹی گرانٹ بھی دیتی ہے۔ ایسے دیگر تعلیمی پروگرام افغانستان کی مختلف قومیتوں کی اشرافیہ میں بھارتی اثر و رسوخ پیدا کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ افغان سرکاری ملازمین کو بھارت کے سرکاری تربیتی اداروں میں مختلف اور مہینوں تربیت دی جاتی ہے۔ اس حکمت عملی کی کامیابی کے نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ "فارن پالیسی" جرنل کے مطابق کابل سے قندھار تک بالخصوص پشتونوں میں انڈیا سے متعلق پائے جانے والا تاثر جاننے کی کوشش کی گئی تو یہ بات سامنے آئی کہ "پختون اپنی سرزمین پر افغان معیشت و معاشرت کی تعمیر نو میں بھارت کے غیر معمولی کردار کے حامی ہیں۔" یہ ایک تشویش ناک بات ہے۔

انہوں نے یہ کام شام کی چائے کے ساتھ کیا ہے۔ پہلے اپنی حکومت کے ترجمان ڈاکٹر شہباز گل اور مشیر عرفان چودھری کو فارغ کیا پھر اسٹرشاہی کی ادھر کی فوج ادھر، ادھر کی ادھر کا مضحکہ شروع ہو گیا۔ 5 سیکرٹری اور راولپنڈی اور فیصل آباد کے اپنی کشتر تبدیل کر دیے۔ اگر یہ دن نے اپنی کشتروں اور پولیس حکام کے لئے کم از کم تین سال ایک جگہ کام کرنے کا نظام قائم کیا تھا تاکہ یہ افسر لوگ اطمینان کے ساتھ جم کر کام کر سکیں اور افسر شاہی پر ان کا اور حکومت کا رعب داب قائم رہے مگر موجودہ حکومت نے مسلسل تبادلوں کو تماشا بنا دیا ہے۔ آٹھ ماہ کے اندر سیکرٹری اطلاعات کے عہدہ پر چار افسر تبدیل کئے گئے۔ یہی حال آئی جی پولیس کے عہدہ کا ہے۔ خبر ہے کہ چوتھا آئی جی بھی تبدیل ہونے والا ہے۔ اہم بات کہ صوبائی ترجمان شہباز گل اور عون چودھری دونوں وزیر اعظم کے بہت قریبی بتائے جاتے ہیں۔ ان کے لئے وفاق میں بڑے عہدے نکل سکتے تو پنجاب میں بھیج دیئے گئے۔ دونوں نے وزیر اعلیٰ کے اختیارات خود سنبھال لئے۔ افسروں کے تبادلے، تھانوں پر چھاپوں وغیرہ کی ہدایات دینے لگے۔ وزیر اعلیٰ کچھ عرصہ تو خاموش رہے پھر وزیر اعظم سے شکایت کر دی۔ اور ان دونوں کو اسلام آباد جانا پڑا۔ وزیر اعلیٰ کا افسروں کو تبدیل کرنے کا شوق تو پورا ہو جاتا ہے مگر ایک سال میں اعلیٰ عہدوں پر چار چار بار تبدیلیوں سے ریاستی نظام جس طرح متجمد ہو جاتا ہے اس کی ایک مثال خود وفاقی نظام میں بھی موجود ہے جہاں 17 وزارتوں اور محکموں میں اعلیٰ عہدیدار موجود نہیں۔ ان کی عدم موجودگی میں بہت سے سینئر و جونیئر افسروں کی ترقیاں کئی ماہ سے رکی پڑی ہیں۔ جو کچھ پنجاب میں ہو رہا ہے وہی وفاق میں بھی! جس افسر کو اپنے عہدہ کی مضبوطی کا یقین نہ ہو وہ کیا کام کرے گا! اب تک سینکڑوں بڑے عہدیداروں کے دور دراز علاقوں میں تبادلوں پر کروڑوں روپے ضائع ہو چکے ہیں، مگر تبادلوں کا سلسلہ جاری ہے! کیا تبصرہ کیا جائے؟

ایک خبر: مولانا فضل الرحمان آزادی مارچ کراچی سے شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس مارچ کے لئے 20 کروڑ روپے کے اخراجات کا اندازہ لگایا گیا، اس کے لئے بے یو آئی کے ہر رکن پر سے 100 روپے فیس وصول کی جائے گی۔

راوی نامہ

سرفراز سید
Sarfrazsyedg@hotmail.com

خبر: ڈاکٹر طاہر القادری نے سیاست سے الگ سے بھی ریٹائر ہو گئے۔ پارٹی بدستور قائم رہے گی، اس کی قیادت سپریم کونسل سنبھالے گی ڈاکٹر صاحب کے بڑے بیٹے اس کے چیئرمین ہیں۔ یوں پارٹی بدستور گھر میں ہی رہے گی۔ ڈاکٹر صاحب چیئر عالم دین ہیں۔ مختلف موضوعات پر 1200 سے زیادہ اہم کتابوں کے مصنف ہیں۔ اہم علمی و دینی موضوعات پر بہت عالمانہ گفتگو کرتے ہیں۔ ان کے قائم کردہ ادارہ منہاج القرآن کے زیر انتظام ملک بھر میں ایک یونیورسٹی اور متعدد کالج و سکول چل رہے ہیں۔ اس ادارے کے تحت دنیا بھر میں ان کے علمی، دینی و فلاحی ادارے موجود ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ماضی میں عوامی تحریک کے زیر اہتمام قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے مگر وہاں کا غیر سنجیدہ، غیر علمی اور غیر فلاحی ماحول پسند نہ آیا جلد ہی مستعفی ہو گئے اور آئندہ کے لئے انتخابی سیاست کو مسترد کر دیا۔ مجھے ان کی س

اوصاف اسلام آباد

اشتہارات روزانہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک بک کئے جاتے ہیں

COMMERCIAL CLASSIFIED
کلاسیفائیڈ

- اسلام آباد ہیڈ آفس: فون: 051-2624764-65
- راولپنڈی بیورو آفس: فون: 051-5541937
- لاہور آفس: فون: 042-36280491
- پشاور بیورو آفس: فون: 091-5606315
- ملتان آفس: فون: 0614582368
- گلگت آفس: فون: 05811450065

اشتہارات کی بکنگ ٹائمنگ

صبح 11 سے سہ پہر 4 بجے تک

متوجہ ہوں

تمام اشتہارات تیک تحقیق کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا

☆ اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی

☆ دونمبر نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبرز اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز نہ ہوگا نیز ادارہ کوئی بھی اشتہار رد کرنے کا مجاز ہوگا اور مشتہر سے وضاحتی اجازت لینے کا پابند نہ ہوگا

☆ مقررہ تاریخ سے اگر اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو اگلے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا

☆ غلط شائع ہونے کی صورت میں 3 دن کے اندر اپنی شکایت بھجوائیں بعد میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا

